بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تحقیقی نقوش

[تحقیقی اور تنقیدی مضامین]

ڈاکٹر محمد علی اثر

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ

اشاعت اول ___ ۱۹۹۳ء
مطبع ___ تمل ناڈو اُردو پبلیکیشنز۔ مدراس ۲
تعداد ___ ۷۸۶
قیمت ___ ۷۵ روپے
سرورق ___ قیصر سرمست
ناشر ___ محمد علی اثر
کتابت ___ محمد اقبال خوشنویس

Acc. No.
330

زیرِ اہتمام ___ علیم صبا نویدی

TEHQEEQI NUQOOSH
Dr. MOHD. ALI ASAR
FIRST EDITION 1993
PRICE Rs. 75=00

ملنے کے پتے

کاشانۂ اثر 20-4-226/9 محبوب چوک، حیدرآباد ۲
علیم صبا نویدی، 26 امیر النساء بیگم اسٹریٹ، ماؤنٹ روڈ مدراس ۲
ایجوکیشنل پبلشنگ ہاوز کوچہ پنڈت۔ گلی عزیز الدین وکیل، لال کنواں دہلی
مکتبۂ جامعہ لمیٹیڈ۔ دہلی۔ بمبئی۔ علی گڈھ
حسامی بک ڈپو۔ چارکمان۔ حیدرآباد
اسٹوڈنٹس بک ہاوز۔ چارمینار، حیدرآباد
مکتبہ رفاہِ عام۔ درگاہ حضرت خواجہ بندہ نواز۔ گلبرگہ

اس کتاب کی اشاعت میں آندھرا پردیش اُردو اکیڈیمی کی جزوی مالی اعانت شامل ہے

اِنتساب

اپنی شریکِ زندگی

راحت سلطانہ

اور بچوں

کہکشاں، فراز، ثریا، ناہید اور سہیل

کے نام

اثرؔ

فہرست مضامین

تعارف ـــــ پروفیسر یوسف سرمست

پیش لفظ ـــــ پروفیسر گیان چند جین

۱۔ جنوبی گجراتی کا ایک غیر مطبوعہ قصیدہ ـــــ ۱۷

۲۔ حافظ سیّد محمّد فراقی ـــــ ۳۱

۳۔ ولی کی شمالی ہندوستان کو دین ـــــ ۵۴

۴۔ قطب شاہی عہد میں اُردو غزل کی نشوونما ـــــ ۷۰

۵۔ فدوی اور اس کا غیر مطبوعہ کلام ـــــ ۸۸

۶۔ ڈاکٹر جمیل جالبی اور دکنی ادب کی تحقیق ـــــ ۱۱۷

۷۔ نئی تحریریں۔ ایک مطالعہ ـــــ ۱۴۲

۸۔ نظیر اکبر آبادی کے واقعات حیات ـــــ ۱۵۱

۹۔ اسد اللہ وجہی (کتابیات) ـــــ ۱۶۱

۱۰۔ محمّد قلی قطب شاہ (کتابیات) ـــــ ۱۷۰

اشاریہ ـــــ ۱۸۲

تعارف

ڈاکٹر محمد علی اثر ہندو پاک کے گنے چنے ماہرینِ دکنیات میں سے ایک ہیں۔ وہ اُردو کے ایک ذہین اُستاد، محقق، نقاد اور شاعر ہیں۔ ان میں وہ تمام خوبیاں جمع ہوگئی ہیں جو ایک اچھے اور بڑے محقق کے ہاں ملتی ہیں۔ وہ بڑی خاموشی، لگن اور انہماک سے اپنے کام میں لگے رہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دکنی شعر و ادب کے مختلف پہلوؤں پر وہ اب تک کئی وقیع اور اہم کتابیں لکھ چکے ہیں۔ جن میں "غواصی۔ شخصیت اور فن"۔ "دبستان گولکنڈہ"۔ "دکنی اور دکنیات"۔ "دکنی غزل کی نشو و نما" "دکنی کی تین مثنویاں" اور "دکنی شاعری۔ تحقیق و تنقید" کافی مقبول ہوچکی ہیں۔ زیرِ نظر کتاب "تحقیقی نقوش" بھی دکنیات میں ایک اہم اور قابلِ قدر اضافہ کی حیثیت رکھتی ہے۔

ڈاکٹر محمد علی اثر نے اس کتاب میں دکنی کے بعض ایسے شعرا کی تخلیقات پر روشنی ڈالی ہے۔ جن پر اب تک برائے نام لکھا گیا تھا۔ اور جو کچھ لکھا گیا تھا اس سے اِن کی ادبی قدر و قیمت نمایاں نہیں ہو رہی تھی۔ فراقی دہلوری، جنونی گجراتی

اور فدوی اورنگ آبادی ایسے ہی شعرا ہیں، جن کی ادبی اہمیت کو ڈاکٹر اثر نے سب سے پہلے پوری طرح اجاگر کیا ہے۔

دکنی شاعر سید محمد فراقی کے بارے میں گو مختلف محققین نے بیدہ پیدہ معلومات مہیا کی ہیں لیکن اثر صاحب نے اب تک ان پر جو کچھ لکھا گیا ہے، اس کا اس قدر تحقیق کے ساتھ احاطہ کیا ہے کہ اب فراقی کے بارے میں شاید ہی کوئی ایسا ماخذ باقی رہا ہو۔ جو اس کے بارے میں مزید روشنی ڈال سکے۔

جیونی گجراتی بھی ایسے شاعر ہیں۔ جن کے بارے میں ہماری معلومات بڑی محدود ہیں۔ محمد علی اثر کی تحقیق سے پہلے یہ ایک گمنام شاعر کی حیثیت رکھتا تھا۔ انہوں نے پہلی بار اس کے بارے میں اور اس کے غیر مطبوعہ قصیدہ کے بارے میں اہم ترین معلومات فراہم کی ہیں۔

فدوی اورنگ آبادی پر انہوں نے جو مقالہ لکھا ہے۔ وہ ان کی تحقیقی کدو کاوش کی روشن مثال ہے۔ اثر صاحب نے پہلے تو اردو میں فدوی نام کے جتنے بھی شعرا گذرے ہیں، ان کی تعداد کو متعین کیا ہے۔ فدوی نام کے کوئی آٹھ دس شاعر گذرے ہیں۔ ان میں سے فدوی خاں فدوی کا تعلق دکن سے ہے۔ پھر انہوں نے فدوی کے غیر مطبوعہ کلام کا تحقیقی اور تنقیدی جائزہ لیا ہے۔ اور آخر میں "دیوان فدوی" کے مخطوطے سے اس کی غزلوں کا ایک بسیط انتخاب بھی پیش کیا ہے، جس کی وجہ سے اس مقالے کی اہمیت میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔

"قطب شاہی عہد میں اردو غزل کا نشوونما" کے موضوع پر محمد علی اثر کا مقالہ خاصا جامع ہے۔ دکنی غزل ان کا خصوصی میدان ہے۔ اس سے پہلے اس دور کی غزل گوئی کا ایسا بھرپور تحقیقی اور تنقیدی جائزہ نہیں لیا گیا تھا۔

"ڈاکٹر جمیل جالبی اور دکنی ادب کی تحقیق" بھی محمد علی اثر کی دکنی ادب پر گہری نظر کی ایک روشن مثال ہے۔ ڈاکٹر جمیل جالبی نے دکنی ادب پر جو تحقیقی کام کیا ہے۔ اس کا اعتراف اور اس کی تحسین اب تک خاطر خواہ نہیں ہوئی تھی۔ لیکن اس مقالے کے ذریعے اس کی پوری طرح تلافی ہوتی ہے۔ ڈاکٹر اثر نے جہاں جالبی صاحب کے اعلیٰ درجے کی تحقیقی کدو کاوش کو خراج تحسین پیش کیا ہے وہیں، جہاں بھی ڈاکٹر جالبی کی نظر چوکی ہے۔ اس کا بھی محاسبہ کیا ہے۔ یہ بات بجائے خود اثر صاحب کے صاحب نظر ہونے کی دلیل ہے۔

"نئی تحریریں۔ ایک مطالعہ" ڈاکٹر عبدالستار دلوی کی کتاب کا تحقیقی اور تنقیدی مطالعہ ہے۔ اس کتاب کی اہمیت کو محمد علی اثر نے سب سے پہلے پوری طرح نمایاں کیا ہے۔

"ولی کی شمالی ہندوستان کو دین" میں ڈاکٹر محمد علی اثر نے ولی دکنی کے ادبی اور لسانی اجتہاد کا مفصل جائزہ لیتے ہوئے، شمالی ہند کے شاعروں پر ولی کے اثرات کو نمایاں کیا ہے۔ اس سلسلہ میں ولی دکنی کے بارے میں جو مواد بکھری ہوئی صورت میں ملتا ہے اس کو محمد علی اثر نے اس خوبی کے ساتھ اکٹھا کیا ہے کہ اس سے پہلے اس کی مثال نہیں ملتی۔ مضمون کے آخر میں انہوں نے شمالی ہند کے دور اوّل کے شاعروں کی ایسی غزلوں کی نشاندہی بھی کی ہے جو ولی کی زمینوں میں لکھی گئی ہیں۔

محمد قلی قطب شاہ اور ملک الشعرا اسداللہ وجہی کے بارے میں مرتب کی گئی کتابیات دکنی ادب کی تحقیق کے سلسلہ میں حوالے کا مواد فراہم کرتی ہیں۔ ڈاکٹر اثر نے وجہی اور محمد قلی پر آج تک جو بھی کام ہوا ہے، اس کا احاطہ بڑی

دیدہ ریزی کے ساتھ کیا ہے۔ یہ دونوں مقالے اثر کی غیر معمولی تحقیقی ژرف نگاہی کی روشن دلیل ہیں۔

اس کتاب میں دکنیات سے ہٹ کر بھی ایک مقالہ "نظیر کے واقعاتِ حیات" ملتا ہے۔ یہ مختصر مقالہ بھی اتنا جامع ہے کہ آج تک نظیر اکبرآبادی کی زندگی پر جتنا بھی تحقیقی کام ہوا ہے، اس کا احاطہ اس میں ہو گیا ہے۔

ڈاکٹر محمد علی اثر کا یہ مجموعۂ مضامین "تحقیقی نقوش" دکنی شعر و ادب کے بارے میں ایسے گہرے تحقیقی نقوش مرتسم کرتا ہے، جو ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے اور ان کا مطالعہ ہوتا رہے گا۔

یوسف سرمست

(ڈاکٹر یوسف شریف الدین)
پروفیسر و صدر شعبۂ اردو
عثمانیہ یونیورسٹی۔ حیدرآباد

پیش لفظ

حیدرآباد کے محققوں میں ڈاکٹر حفیظ قتیل، جناب اکبرالدین صدیقی، ڈاکٹر غلام عمر خاں، ڈاکٹر حسینی شاہد اور ڈاکٹر سیدہ جعفر کے بعد کی نسل میں ڈاکٹر محمد علی اثر سب سے زیادہ نمایاں ہیں اُن کی کتاب "دکنی غزل کی نشوونما" اپنے موضوع پر ایک معتبر اور پُرمغز مقالہ ہے۔ اس کے بعد بھی وہ زوالِ صحت کے باوجود دکنی اور دکنیات پر کتابیں تصنیف کرتے رہتے ہیں۔ ان کا تازہ ترین کارنامہ زیرِنظر مجموعۂ مضامین "تحقیقی نقوش" ہے انہوں نے مجھے دس مضامین کا مسودہ دکھایا ہے۔ میں کامل یقین سے تو نہیں کہہ سکتا لیکن گمان غالب یہی ہے کہ یہ مجموعہ انہیں دس مضامین پر مشتمل ہے۔ میں نے ان سے تجویز کی کہ ہر مضمون کے آخر میں صراحت کریں کہ یہ پہلی بار کہاں شائع ہوا اور اگر فرمائشی ہے تو یہ بتادیں کہ یہ کس تقریب کے لیے لکھا گیا۔ مجھے خوشی ہے کہ انہوں نے میری گزارش قبول کرلی۔

میں ان مضامین کے بارے میں اپنے مختصر مشاہدات پیش کرتا ہوں۔ چونکہ میرے سامنے مضامین کے مسوّدے منتشر صورت میں ہیں اس لیے ممکن ہے کہ میرے مشاہدات کی

ترتیب اور کتاب میں مضامین کی ترتیب میں پوری مطابقت نہ ہو۔

پہلا مضمون "جنونی گجراتی کا ایک غیر مطبوعہ قصیدہ" ہے۔ اس نے یہ قصیدہ ۲۴ ربیع الاوّل ۱۱۰۲ھ (دسمبر ۱۶۹۰ء) کو مکمل کیا۔ اس کا موضوع پیغمبر اسلام کا ایک معجزہ ہے۔ جنونی بالکل گمنام شاعر ہے۔ اس کے قصیدے میں کوئی شاعرانہ حسن بھی نہیں۔ سیدھی سادی بیانیہ نظم ہے۔ دراصل اس موضوع کے لیے مثنوی کی صنف زیادہ بہتر رہتی بہ نسبت بحر بحر سالم کے قصیدے کے۔

جب ہمارے محققین مجہول الاسم غیر اہم ادیبوں کی غیر مطبوعہ تخلیقات پر مضمون لکھتے ہیں تو میرے دل میں یہ سوال ابھرتا ہے کہ کیا یہ تخلیق ادبی اعتبار سے اس قابل ہے کہ قارئین کو اس کی طرف متوجہ ہونے کی دعوت دی جائے۔ ہر ریسرچ لائبریری میں شمال و دکن کے غیر اہم شعرا کی غیر مطبوعہ داستانیں، مثنویاں، دیوان اور کلیات بھرے پڑے ہیں۔ قارئین کے محدود وقت کو ان کی نذر کیا جائے کہ نہیں۔ میری رائے میں زیادہ قدیم ادیبوں کی تخلیقات کو ضرور منظر عام پر لانا چاہیئے خواہ وہ ادبی اعتبار سے کم مایہ ہوں۔ ان کی اشاعت سے ہماری قدیم ادبی تاریخ متموّل ہوتی ہے۔ دور متوسط کی انہیں غیر مطبوعہ تخلیقات کو شائع کرنا چاہیے جو ادبی محاسن کی امین ہیں۔

سوال یہ ہے کہ انیسویں بلکہ اٹھارویں صدی کے غیر مشہور ادیبوں کی جو غیر مطبوعہ کتابیں ملتی ہیں۔ کیا وہ ایک گوشۂ چشمے کے لائق بھی نہیں۔ ان ادیبوں نے جگر خون کر کے ایک دیوان، ایک مثنوی یا ایک داستان تصنیف کی۔ ان پر ایک مختصر تعارفی مضمون لکھ دیا جائے تو کیا یہ ایسا گناہ ہے جس سے مجھ جیسا مبصّر احتساب کرے۔ نہیں۔ میرا خیال ہے کہ علاقائی جائزے یا اس صنف ادب پر مقالے میں جامعیت کی خاطر ان کا بھی تذکرہ کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اس تنقیدی توازن کے ساتھ کہ اپنی دریافت کو یہ اہمیت نہ دی جائے گویا قارئین نے

اب تک اس سے تغافل کر کے کوئی خطائے عظیم کی ہے۔

جنونی پر مضمون کا یہی جواز ہے کہ وہ سترہویں صدی عیسوی کے قدیم دور کا شاعر ہے۔ وہ عربی، ترکی اور فارسی زبان کو اہم گردانتا ہے اور ہندی زبان کو شاید ان سے فروتر۔ اس زبان میں قصیدہ لکھنے کا یہ جواز (معذرت؟) پیش کرتا ہے کہ جو فارسی نہیں جانتے، اسے سمجھ سکیں۔ اس قصیدے کی ایک لسانی اہمیت یہی ہے کہ اس میں دو لسانی ریختوں کی طرح بعض پورے مصرعے فارسی میں ہیں، بعض مصرعوں میں فارسی کے فعل اور حرف باندھ دیے گئے ہیں۔ مثلاً

فارسی بات بشکر۔ درہندی زبان۔ راوی روایت می کند۔ از ازدحام مردمان (کذا)

ع لاگے انھوں ڈالوں سیتی ہر یک کہ گفتیم [یک ثمر]

ع از پیش خلّاقِ جلیل سوں پیش یہ کردہ باز سر

ع یو دوست کردایں [را] ختم درشہر گجرات اے پسر

دوسرا مضمون حافظ سید محمد فراقی ہے۔ فراقی کی اہمیت یہ ہے کہ وہ ولی کا دوست تھا اور ولی نے اس کے ایک مصرع پر گرہ لگائی تھی

ولی مصرع فراقی کا پڑھل تب تیک وہ ظالم ؎ کمر سوں کھینچتا خنجر، چڑھاتا آستیں آوے

فراقی نے شمالی ہند کا سفر بھی کیا تھا اور کئی شمالی تذکروں میں اس کا احوال ملتا ہے۔ اس نے تقریباً چار ہزار اشعار کی ایک مثنوی مراۃ الحشر لکھی۔ ڈاکٹر اثر نے اس مثنوی کا مفصّل جائزہ لیا ہے۔ فراقی کی چند غزلیں بھی ملتی ہیں۔ ان کا بھی تعارف کرایا ہے۔ اس کی سوانح اور خاندان کے بارے میں بھی ضروری معلومات فراہم کی ہیں۔ اس طرح یہ مضمون خاصا جامع ہو گیا ہے۔

اگلا مضمون ' قدوی اورنگ آبادی اور اس کا غیر مطبوعہ کلام' ہے۔ یہ بھی دکنی کا ایک گم نام، لیکن خوش گو شاعر ہے۔ مضمون کی ابتدا میں اثر قدوی تخلص کے سات شاعروں

کا ذکر کرتے ہیں لیکن دمِ تحریر ان میں مکند لال فدوی شامل نہیں جس کی سودا نے ہجو کہی۔ یہ بعد میں مسلمان ہو گیا تھا لیکن مجھے اس کا اسلامی نام معلوم نہیں۔ امید کرتا ہوں کہ ڈاکٹر اثر اس کا اضافہ کر کے 'فدویوں' کی تعداد آٹھ کر لیں گے۔ ڈاکٹر محمد علی اثر کا موضوع دکنی شاعر فدوی ہے۔ یہ بارہویں صدی ہجری کا شاعر ہے۔ اثر مطلع کرتے ہیں کہ وہ اگر ولی کا ہم عصر نہیں تو سراج اور داود اورنگ آبادی کا معاصر ضرور رہا ہوگا۔ ڈاکٹر اثر کی رائے میں "چھوٹی بحروں میں فدوی کی غزلیں ایک طرف غواصی اور ولی کی ہم پلہ معلوم ہوتی ہیں تو دوسری طرف ان غزلوں کے مطالعہ سے میر تقی میر کی یاد تازہ ہو جاتی ہے"۔

اس کے آگے انھوں نے فدوی کی غزلوں کے جو اشعار نمونتاً پیش کیے ہیں، ان میں معرکے کے ایسے اشعار بھی ہیں۔

خود نمائی ہے ذات کا پردا　　خامشی ہے صفات کا پردا
مکھ اپر کیس یوں دسے دھن کے　　دن پہ غالب ہے رات کا پردا
نس کوں کس کوں دکھا نہ اپیں صنم　　چاند کا اعتبار جاتا ہے
شیشۂ چک میں گل بدن کے سبب　　ہے لبالب گلاب انکھیاں میں
جو دیکھیا ہے چشم تیری نیم خواب　　خواب میں نیں تا قول لیتا خواب کا

ایسے شاعر کے دیوان کا تعارف نہ صرف دکنیات کے شائقین کی، بلکہ اردو ادب کی تاریخ سے دلچسپی رکھنے والے تمام اہلِ نظر کی دلچسپی کا موجب ہوگا۔

چوتھا مضمون "قطب شاہی دور میں اردو غزل کا نشو و نما" ہے۔ میں نشو و نما کو مونث بولتا ہوں۔ لغت میں دیکھا تو یہ لفظ مذکر و مونث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ خود ڈاکٹر اثر نے اپنے مقالے کا نام "دکنی غزل کی نشو و نما" رکھا ہے۔ بہرحال مضمون بہت مفصل اور بھرپور ہے۔ اس موضوع پر ان کی پوری کتاب موجود ہے۔ زیرِ نظر مضمون میں قطب شاہی دور کے مشاہیر

غزل گویوں پر توجہ مرکوز رکھی ہے۔ ابتداً فیروز اور محمود استاد کی غزلوں کا ذکر ہے۔ اس کے بعد تفصیل سے محمد قلی قطب شاہ، وجہی، غواصی اور عبداللہ قطب شاہ کی غزلوں کا تنقیدی تعارف پیش کیا ہے۔ میرے لیے ذیل کی معلومات چونکانے والی ہیں۔

"عبداللہ قطب شاہ کا مکمل دیوان ہنوز دریافت نہیں ہوا ہے۔ اس کا موجودہ دیوان ۱۱۸ صفحات پر مشتمل ہے جس میں صرف ردیف ث تک ۹۷ غزلیں اور ایک مرثیہ شامل ہے۔"

ڈاکٹر اثر کے مقالے 'دکنی غزل کی نشوونما' میں عبداللہ کا ذکر تفصیل سے ہے لیکن وہاں یہ نہیں بتایا گیا کہ اس کا دیوان نامکمل ہے اور محض ث کی ردیف تک ہے۔ اس سے قطع نظر اس مضمون سے قطب شاہی عہد کی غزل کے بارے میں تمام ضروری معلومات مل جاتی ہیں۔

پانچواں مضمون ڈاکٹر جمیل جالبی اور دکنی ادب کی تحقیق ہے۔ دکنی ادب کے غیر دکنی محققین میں مولوی عبدالحق، ڈاکٹر نذیر احمد، ڈاکٹر ظہیر الدین مدنی اور ڈاکٹر مسعود حسین خاں کے بعد ڈاکٹر جمیل جالبی اہم ترین نام ہے۔ دکنیات میں ان کی دین کسی محقق سے کم نہیں۔ انھوں نے دکنیات کی تدوین بھی کی، ادبی تاریخ بھی لکھی اور 'قدیم اردو کی لغت' بھی ترتیب دی جو دکنی ہی کی فرہنگ ہے۔ اثر نے ڈاکٹر جالبی کی دکنی ادب سے متعلق کتابوں کا تفصیلی جائزہ لیا ہے۔ مجھ کم سواد نے بھی ڈاکٹر سیدہ جعفر کی شرکت میں "اردو ادب کی تاریخ ۱۷۰۰ء تک" لکھی ہے اور یہ زیادہ تر دکنی ہی کی تاریخ ہے۔ یہ پرسوں سے ترقی اردو بیورو، دہلی میں زیر طبع ہے شائع ہو تو اہل نظر بتائیں کہ میں نے دکنی تحقیق میں کیا کیا ٹھوکریں کھائی ہیں۔ محمد علی اثر نے اس مضمون میں ڈاکٹر جمیل جالبی کی دو تدوینوں: دیوان حسن شوقی اور دیوان نصرتی کی بعض قرأتوں کی تصحیح کی ہے اور ان سے ہٹ کر جالبی صاحب کی دکنی تحقیق کو مناسب خراج عقیدت بھی پیش کیا ہے۔

چھٹا مضمون "نئی تحریریں۔ ایک مطالعہ" دکنیات سے متعلق نہیں۔ 'نئی تحریریں' ڈاکٹر عبدالستار دلوی کے مجموعۂ مضامین کا نام ہے۔ اس میں ایک مضمون "شاہ تراب چشتی،

نظیر اکبر آبادی کا پیش رو کسی حد تک دکنیات کے ضمن میں آسکتا ہے بقیہ کوئی مضمون دکنیات کے موضوع پر نہیں۔

ساتواں مضمون "ولی کی شمالی ہندوستان کو دین" اچھوتا موضوع ہے۔ اس کی اہم ترین تحقیق یہ ہے کہ شمالی ہند کے قدیم شعرا نے ولی کی زمینوں میں کتنی غزلیں لکھیں۔ مضمون مختصر لیکن پر مغز ہے۔ اس عنوان پر تفصیل سے لکھا جانا چاہیئے تھا۔ یہ مضمون احمد آباد (گجرات) کے ولی سیمینار میں پڑھا گیا۔ سیمیناروں میں مضمون خوانی کو تھوڑا ہی وقت دیا جاتا ہے لیکن بعد میں جب سیمینار کے مقالات کا مجموعہ شائع ہوتا ہے تو پورا مضمون ان دیدہ وروں کے سامنے آجاتا ہے جو اس کے مخاطب صحیح ہیں۔

آٹھواں مضمون "نظیر اکبر آبادی کے واقعات حیات" ہے۔ اثر کے مجموعے میں کل دو مضمون ہیں جن کا موضوع دکنیات نہیں اور یہ ان میں کا دوسرا مضمون ہے۔ ڈاکٹر محمد علی اثر اور ڈاکٹر اکبر علی بیگ نے مل کر "نظیر شناسی" ۱۹۸۷ء میں شائع کی۔ اس میں ۲۲ مقالے ہیں، ۲۰ دوسرے مشاہیر کے، ایک ایک دونوں مرتبین کا۔ نظیر کی سوانح پر اثر کا مضمون خاصا معلوماتی ہے۔ مجھے اس سے کئی چونکا دینے والی معلومات حاصل ہوئیں مثلاً نظیر نے نثر میں بھی کئی کتابیں تصنیف کی تھیں۔ ایک کتاب خالق باری کے انداز میں تھی۔ مجھے معلوم نہیں کہ یہ کتابیں دستیاب ہیں کہ نہیں اور یہ واقعی نظیر کی ہیں کہ نہیں؟ میرے لیے یہ بھی چونکا دینے والی اطلاع ہے کہ نظیر نہ صرف شیعہ تھے۔ ان کے والد سنی اور والدہ شیعہ تھیں۔ نظیر اپنی والدہ سے متاثر تھے۔ میرا خیال ہے کہ اس مضمون کی معلومات اثر نے پہلی بار پیش نہیں کیں، یہ ان سے پہلے کی کتابوں میں ملتی ہیں لیکن مجھے یہ اطلاعات پہلی بار ان کی تحریر ہی سے ملیں۔

نواں اور دسواں مضمون محمد قلی قطب شاہ (کتابیات) اور اسد اللہ وجہی (کتابیات) ہیں جن کا موضوع ان کے نام ہی سے ظاہر ہے۔ دونوں مضامین میں کتابیات کی فہرست سے قبل ان شعرا کی مختصر سوانح ہے۔ کتابیات میں پہلے ان شعرا کی تصانیف کی فہرست ہے،

اس کے بعد ان سے متعلق کتابوں اور مضامین کی نشان دہی کی ہے۔ مضامین کو دو زمروں میں درج کیا ہے: کتابوں میں مشمولہ مضامین اور رسالوں میں شائع شدہ مضامین۔ میرا خیال ہے کہ مضامین میں کچھ نہ کچھ شامل ہونے سے رہ گئے ہوں گے لیکن جتنا کچھ پیش کر دیا ہے، اس کی اہمیت اور افادیت میں شبہ نہیں۔ محققوں کے لیے یہ دونوں مضامین حوالے کا مواد ہیں۔

اس جائزے سے اندازہ ہوگا کہ گو اس مجموعے کے بعض مضامین گہرے اور گاڑھے عالمانہ نوعیت کے نہیں، پھر بھی ان میں عام و خاص دونوں قسم کے قارئین کی دلچسپی اور افادیت کا سامان ہے۔ یہ عام قاری کو بوجھل نہیں معلوم ہوں گے اور اہلِ تحقیق انہیں بے مایہ نہیں پائیں گے۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے ڈاکٹر محمد علی اثر کی صحت ایسی نہیں جو اس عمر میں ہونی چاہیے تھی۔ اس کے باوجود وہ کچھ نہ کچھ علمی اور تحقیقی کام کرتے رہتے ہیں۔ یہ بڑی سعادت ہے۔ کاش دوسرے جوان اساتذہ (اور بزرگ بھی) ان کی تقلید کریں اور مسلسل کام کرتے رہنے کو اپنا شعار بنالیں۔

گیان چند
(ڈاکٹر گیان چند جین)
سابق پروفیسر و صدر شعبۂ اردو
سنٹرل یونیورسٹی آف حیدرآباد

جنونی گجراتی کا ایک غیر مطبوعہ قصیدہ

جنونی گجرات کا ایک گمنام شاعر ہے۔ اس نے ۱۱۰۲ھ (۱۶۹۰ء) میں "قصیدۂ معجزہ" کے عنوان سے ایک نظم لکھی تھی۔ جس کا ایک قلمی نسخہ ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد کے خزینۂ مخطوطات کی زینت ہے۔[1] یہ نظم ۷۲ اشعار پر مشتمل ہے اور اس میں مولانا روم کے بیان کیے ہوئے فارسی 'معجزۂ نبی' کا دکنی اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

شاعر کا تخلص (جنونی) درج ذیل اشعار میں آیا ہے۔

سب عاقلوں کے سُد گئے ان کی صفت کہتے میں
پس میں جنونی کیا کہوں کیا آسرا ہے اس اندر

تو نے جنونی یہ سخن در معجزہ کیتا ختم
حق تجہ اوپر آخر کرے اپنے کرم سیتے نظر

قدیم اردو کے دیگر شاعروں کی طرح جنونی نے بھی اپنی زبان کو "ہندی" کہا ہے۔

---

[1] مخطوطہ ۱۲۶ ب ۔ تذکرہ مخطوطات ادارہ ادبیات اردو (جلد اوّل) مرتبہ ڈاکٹر زور ص ۶۲

وہ یہ بھی کہتا ہے کہ "میں نے اس قصیدے کا ہندی زبان میں اِن لوگوں کے لیے ترجمہ کیا ہے جو فارسی نہیں سمجھ سکتے۔

میں اس کوں درہندی زباں، اس واسطے کہنے لگا   جو فارسی سمجھے نہیں، سمجھے اسے خوش دل ہوکر

"قصیدۂ معجزہ" کو جنونی نے ۲۴ ربیع الاول ۱۱۰۲ھ کو منگل کے دن شہر گجرات میں مکمّل کیا تھا۔

درج ذیل اشعار سے قصیدہ کی تاریخ تصنیف، شاعر کے وطن اور اشعار کی تعداد کا پتہ چلتا ہے۔

ماہ ربیع الاولیں، تاریخ تھی یو بیسویں   منگل کے دِن گفتیم من، از فضلِ ربّی داد گر

سنہ ایک ہزار اور ایک سو دو برس اوپر در حساب   بودست کردایں (رأ) ختم در شہر گجرات اے پسر

اس معجزے کوں گر گنے، کوئی کر کتے بیت ہے   آوے گنن والے کے تیئں یہہ سب بہتّر در شمر

آخر الذکر شعر سے پتہ چلتا ہے کہ یہ قصیدہ ۷۲ اشعار پر مشتمل ہے۔ ڈاکٹر زور نے ادارۂ ادبیات اُردو کے نسخے کے حوالے سے جملہ ابیات کی تعداد ۶۴ بتاتی ہے حالاں کہ اس میں ۶۶ شعر ہیں قصیدۂ معجزہ کا آغاز حمدیہ اشعار سے ہوتا ہے۔

اول کہوں حمد خدا، یاراں سنو تم کان دھر   جس نے زمین و آسماں پیدا کیا شمس و قمر

ستّار وہ، کرتار وہ، غفّار وہ، جبّار وہ   قہّار وہ، داتار وہ، اس میں نہیں کوئی دگر

حمد میں ۶ اشعار کہنے کے بعد نعتِ نبیؐ میں ۸ اشعار لکھے ہیں۔ نعتیہ اشعار سے شاعر کے زورِ بیان اور قدرت کلام کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ بعض اشعار میں چار چار قافیوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔ جس کی وجہ سے شعر کے حُسن میں چار چاند لگ گئے ہیں۔ چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

ہیں احمدِ مرسل وہی، ہیں مظہر اوّل وہی   ہیں مشکلوں کا حل وہی، ہیں گے وہی خیر البشر

ہیں گے خدا کے وہ رسول، حق نے کیا اُن کوں قبول   ہے تازہ خوشبو پھول، نبیوں کے سر پر سر بسر

نعتِ نبی کے سلسلہ میں شاعر آگے چل کر کہتا ہے کہ اگر کاغذ کی جگہ آسمان ہو، سارے جہاں کے لوگ کتابت کرنے لگیں اور دنیا کے تمام اشجار کو قلم اور دریاؤں کو دوات بنا دیا جائے تو تب بھی آنحضرت صلعم کی تعریف ممکن نہیں۔

کاغذ ہووے گر آسماں، کاتب ہووے خلق جہاں   ہووے قلم سب درختاں، دوات دریا ہا مگر

ہر گز لکھا جاوے گا نیں یک نکتہ ان کے وصف کا عاجز ہے ان کے وصف میں دو جگ میں خلق بحر و بر

نعتیہ اشعار کے بعد شاعر نے ایک شعر میں سببِ تالیف کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھا ہے ؎

اپنے نشاں کے واسطے، آوے جو مجہ کہنے میں اعجاز کے ان کے سخن، جز دے زِ عقلِ مختصر

اس سلسلے میں جنونی نے عربی، ترکی اور فارسی زبان کی خوبیوں کا ذکر کرتے ہوئے "ہندی" میں شعر کہنے کی وجہ اس طرح بیان کی ہے ؎

دنیا میں ہے یہ زباں، عربی و ترکی فارسی باقی نہیں اندر حساب ہے قول ان کے معتبر

بولی عرب کی ہے سری سب بولیوں کی بے سخن ترکی شجاعت کا رفی، ہے فارسی باشد شکر

میں اس کوں در ہندی زباں اس واسطے کہنے لگا جو فارسی سمجھے ناہیں، سمجھے اسے خوش دل ہو کر

اِن اشعار کے بعد شاعر نے درج ذیل شعر سے معجزے کی ابتدا کی ہے ؎

کہتا ہوں میں اب یں معجزہ راوی روایت میکند یک دن مدینے میں نبی، مسجد میں جو بیٹھے مگر

روایت یوں بیان کی جاتی ہے کہ ایک دن آنحضرت صحابہ کرام کے ساتھ مسجد میں بیٹھے حق کی معرفت بیان کر رہے تھے کہ اچانک ابوجہل آپہنچا اور مدینے کے لوگوں کو جمع کر کے حضورؐ سے کہنے لگا کہ ؎

آکر کہا یا مصطفےٰ کانوں سنو میرا کہا تیں بے شک و شبہ وریا گر ہے رسولِ داد گر

دعوئ نبوت کا تجھے ہیگا اگر دکھلا مجھے یہ معجزہ اس خلق میں ورنیں ہکن دعوئ دگر

ابوجہل نے کہا کہ آپؐ کے میدان میں بہت دنوں سے ایک "اُجلا و زیبا" پتھر پڑا ہوا ہے۔ اگر آپؐ اس پتھر کو ایسے درخت میں تبدیل کر دیں، جس کی ڈالیاں انواع و اقسام کے میووں سے لدی ہوی ہوں اور اِس کے ہر پتّے پر خدا کا اور آپؐ کا نام تحریر ہو۔ اس درخت پر بیٹھے ہوئے خوش رنگ پرندے آپؐ کی رسالت کی گواہی دیں تو ہم ابھی کفر کو ترک کر کے مسلمان ہو جائیں گے۔

آنحضرتؐ نے ابوجہل سے جب یہ گفتگو سُنی تو غور و فکر کرنے لگے ؎

اس بیچ میں بہر خدا آئے دما دم جبرئیل از پیشِ خلاقِ جلیل سوتِش بکردہ باز سر

جبرئیل نے تب ہی کہا، یا مصطفےٰ یا مجتبےٰ حق نے کہا تم کوں سنو اس بات میں کچھ غم نہ کر

میں جانتا تھا اے یتیم یہ بات از علمِ قدیم کئی معجزے اہلِ جحیم مانگیں گے تجہ سوں آن کر

آگل سیں پیدا کر رکھا اس رو کھ کوں یا مصطفیٰ ۔ باآں ثمر ہا جابجا' مرغاں سبھی ڈالوں اوپر
اُٹھ جاؤ خوش حالی سیتے کچھ غم نہ لیاؤ دل منیں ۔ مانگو جو ہیں یہ مانگتے فی الحال رفتہ زاں شجر

جبرئیل نے آنحضرتؐ کو یہ مژدہ سنایا تو آپؐ نے پتھر کو "حق کا کہا" سنایا۔ خدا کی قدرت سے اسی وقت وہ پتھر ایک درخت میں تبدیل ہو گیا۔ اس کی شاخوں پہ طرح طرح کے میوے تھے اور اس پر بیٹھے ہوئے خوش رنگ پرندے "اہلِ کفر" سے مخاطب ہو کر کہہ رہے تھے۔

یو ہیں نبی مصطفیٰ ' یو ہیں رسول مجتبیٰ ۔ آپ ہیں خلق کے رہنماں اے نیک خواہاں دین (دگر)
ہیں خاصہ رحمان یہہ ہیں اشرف انسان یہہ ۔ ہیں مظہرِ قرآن یہہ' ایسا نہیں کوئی دگر
والشمس ان کا روے ہے واللیل ان کا موے ہے ۔ عطرے سو ان کے خوے ہے سدرہ فزوں خوشبوے تر
شہہ ہے سبھی شاہان کے خورشید ہے آسمان کے ۔ ہیں نور وہ چشمان کے' درمیان ہے خستہ جگر

اس کے بعد آنحضرتؐ کے چند اور معجزے بیان کیے گیے ہیں۔ ملاحظہ کیجئے ؎

ان چاند دو ٹکڑے کیا' دیکھا تمھوں نے آنکھ سوں ۔ بولیا اونھوں کے ساتھ وہ بزغالہ کردہ زہر
جابر کے دو فرزند کوں موے پیچھے جیو تے کیے ۔ جنگل سیتے ہرنی چھڑا دیسے زدست صیدکر
دوبلی بکری کی پیٹ پر دستِ مبارک جب رکھا ۔ موٹی ہوئی وہ اس قدر تھن سیتے دودھ آیا اُپر
یہ معجزہ ہر روز ہی دیکھو تم آنکھوں کھول کر ۔ جب دھوپ میں راکھیں قدم' بادل کا سایا سر اوپر

ابوجہل اور اس کے ساتھیوں نے جب اپنی آنکھوں سے' جیسا وہ چاہتے تھے معجزہ دیکھا تو ؎

شرمندگی سیں وہ سبھی لاگے کہتے دیکھو تبھی ۔ تجھ سا نہیں دیکھا کبھی ہم سحر میں کوئی دگر
عقلاں خلق کے دے جلا' آنکھیں رکھے سب کے تُلا ۔ تیں ساحراں میں بر ملا' سب ساحراں تھے بیشتر

آنحضرتؐ نے "ان کافران بدسیر" کو مخاطب کر کے کہا کہ یہ ساحری کا کمال نہیں ہے بلکہ خدا کی قدرت ہے ؎

قدرت ہے یہ کرتار کی' یہ ہے صفت دادار کی ۔ یہہ مظہر جبار کی' یاں سحر کا نا ہیں گذر

جبرئیل اسی وقت فرمان خداوندی کے ساتھ آپہنچے اور آنحضرت سے کہا اگر آپؐ اجازت دیں تو میں اسی وقت اس قوم کو "قہر و غضب کی آتش" میں ڈال کر زیر و زبر کر دوں ـــــ

یہ لوگ گمراہ ہو چکے ہیں اور ان کے دلوں پر تالے پڑے ہوئے ہیں ؎

یہ دل سیتے گمراہ ہیں یا اندرونی سیاہ ہیں در خور و آتش کاہ ہیں ہے قفل ان کے دل اُپر

درج ذیل اشعار پر یہ قصیدہ اختتام کو پہنچتا ہے۔

وے مکر ما ہو منفعل بھاگے اپس کے گھر کے تئیں
واں سیں یہاں خوش دل نبی آئے اپس کے گھر بھتر

تو نے جتوتی یہ سخن در معجزہ کیتا ختم
حق تجھ اوپر آخر کرے اپنے کرم سیتے کرم

ماہِ ربیع الاولیں تاریخ تھی چو بیسویں
منگل کے دن گفتیم من از فضل ربّی داد گر

سنہ ایک ہزار اور ایک سو دو برس اوپر در حساب
بو دست کردایں (را) ختم در شہر گجرات اے پسر

اس معجزے کوں گر گنے کوئی کہ کیتے بیت ہے
آوے گنن والے کے تئیں یہہ سب بہتّر در شمر

یں مانگتا ہوں یہہ ہووے...دل وجاں سیں مدام
یارب بحق مصطفےٰ برخلق عالم کرم کر

جان محمد عاجز نے "معجزات نبی" کے عنوان سے ۱۲۴۷ھ سے قبل ایک مثنوی لکھی ہے جس میں پیش نظر معجزہ تیسرے نمبر پر ہے۔ اس مثنوی کا قلمی نسخہ انجمن ترقی اردو کراچی کے کتب خانہ کی زینت ہے۔ مولوی افسر صدیقی امروہوی نے اس معجزے کی صراحت کرتے ہوئے لکھا ہے۔ " اس میں بیان کیا گیا ہے کہ ابوجہل اور اس کے ساتھی حضورؐ کے سامنے آئے اور کہا کہ اگر تم سچے پیغمبر ہو تو سامنے پڑے ہوئے پتھر سے ایک ایسا درخت اپنے معجزے سے پیدا کرو کہ اس کے ہر پتے اور پھول پھل پر اللہ اور رسول کا نام لکھا ہو اور اس درخت پر جو جانور بیٹھا ہو تمہارا ذکر کرتا ہو۔ آپؐ نے کہا وہ پتھر کہاں ہے؟ کفار حضورؐ کو پتھر کے پاس لے گئے اور حضورؐ نے صمیم قلب سے بارگاہِ الٰہی میں دعا فرمائی۔ معاً پتھر شق ہو گیا اور اس سے ایک ایسا ہی پیڑ برآمد ہوا جیسا کہ کافروں نے چاہا تھا[1]"

مخطوطے کی کیفیت :۔ پیش نظر مخطوطہ ۵×۸ کے ۱۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ ہر صفحے پر خط نستعلیق شکستہ میں پندرہ سطریں تحریر کی گئی ہیں۔ اردو سے قدیم کے دوسرے مخطوطوں کی طرح

---

[1] مخطوطات انجمن ترقی اردو کراچی (جلد ۵) صفحہ ۲۸۷

اس میں بھی یائے معروف اور یائے مجہول میں کوئی امتیاز نہیں ملتا "ک" اور "گ" دونوں ایک ہی مرکز لگایا گیا ہے۔ ٹ۔ ڈ۔ ڑ کے لیے ت۔ د۔ ر کا استعمال کیا گیا ہے۔ جیسے

جریا (جڑیا)۔ بیتے (بیٹھے)۔ پرھیں (پڑھیں)۔ دال (ڈال) وغیرہ اکثر لفظوں کو غیر ضروری طور پر ملا کر لکھ دیا گیا ہے۔ جیسے

استام (اس نام)۔ دلوجان (دل و جاں)۔ مالوزر (مال و زر)

چشموچراغ (چشم و چراغ)۔ روموشام (روم و شام) شمسوقمر (شمس و قمر) وغیرہ

حرف اضافت کو ظاہر کرنے کے لیے یائے مجہول کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ مثلاً

حمدے خدا (حمدِ خدا)۔ فرشے زمیں (فرشِ زمیں)۔ نورے نبی (نورِ نبی) وغیرہ

بعض مقامات پر شاعر نے ایک مصرع قدیم اردو میں اور ایک فارسی میں تحریر کیا ہے مثلاً

اس نیسخ میں بہر خدا آے دما دم جبرئیل

از پیش خلاق جلیل سوئیش یکردہ بازسر

سنہ ایک ہزار اور ایک سو دو برس اوپر درحسنا (کذا)

بودست کرد ایں تحم در شہر گجرات اے پسر

قصیدہ

(متن)

اول کہوں حمدِ خدا یاراں سنو تم کان دھر
جس نے زمین و آسماں پیدا کیا شمس و قمر
ستّار وہ، کرتار[1] وہ، غفّار وہ، جبّار وہ
قہّار وہ، داتار[2] وہ، اس بیں نہیں کوئی دگر
اس نے کیا از صنع خود پیدا اسی دنیا منیں[3]
ہوئے ہیں آگل[4] بیستے[5] جو ہیں ہوئیں گے پھر دگر
اسمان کوں[7] سرپانوں لگ[8] بے کر ستاروں سوں جڑا
ایسے سپر کے پھول کوں جڑیا[9] جڑے دُرّ و گہر

ع۱ خالق۔ مالک ع۲ پیدا کرنے والا ع۲ دینے والا ع۳ میں ع۴ قدیم۔ پہلے ع۵ سے ع۶ ہوں گے ع۷ کو ع۸ سر سے پاؤں تک

پھر کر کیا فرشِ زمیں از بہرِ جن و انس و وحش
ہیں جہاں بھیتر[10] سبھی کرتے ہیں اس کا ہی ذکر
نورِ نبی کوں سب سیتے اوّل کیا پیدا او[11] تھے
تس پیچھے[12] اپس کوں[13] کیا ظاہر زماں کے جو بھیتر
پس جس کی یہ عزت ہوی کہنا روا ہے نعتِ او
اس نام پر دیجے خدا اپنا دل و جاں مال و زر
ہیں احمدِ مرسل وہی، ہیں مظہرِ اوّل وہی
ہیں مشکلوں کا حل وہی، ہیں گے وہی خیر البشر
ہیں گے خدا کے وہ رسول حق نے کیا ان کوں قبول
ہے تازۂ خوشبوئی پھول، بنیوں کے سر پر سربسر
دل کا مرے آرام وہ، چشم و چراغ و کام وہ
دو جگ میں صاحب راج وہ، شاہاں سب اس کے خاکِ در
سلطانِ روم و شام جو، اس کے غلاموں کے غلام
سب کی بندگی ہے تمام، اس پاس از وہ گل بشر
کاغذ ہووے گر آسماں، کاتب ہوے خلق جہاں
ہووے قلم سب درختاں[14] دوات دریا ہا مگر
ہرگز لکھا جاوے گا نیں[15] یک نکتہ ان کے وصف کا
عاجز ہے ان کے وصف میں، دو جگ میں خلق بحر و بر

---

[10] اندر [11] اس نے [12] پیچھے [13] کو [14] درخت کی جمع [15] نہیں

سب عاقلوں کے سُد گیے، ان کی صفت کہنے منیں
پس ہیں حیتوقی کیا کہوں، کیا آسرا ہے اس اندر
اپنے نشاں کے واسطے، آوے جو مجھ کہنے منیں
اعجاز کے ان کے سخن، جز وے تہِ عقلِ مختصر
اندر زبان فارسی یہ معجزہ ملّائے روم
ہیگا جو کیا خوبو نیکو، تم نے سنا ہے بیشتر
دنیاں منیں ہے یہ زباں، عربی ترکی فارسی
باقی نہیں اندر حساب ہے قول ان کے معتبر
بولی عرب کی ہے سری سب بولیوں کی بے سخن
ترکی شجاعت کاری ہے فارسی باشد شکر
ہیں اس کوں در ہندی زباں، اس واسطے کہنے لگا
جو فارسی سمجھے نہیں، سمجھے اسے خوش دل ہو کر
کہتا ہوں اب یہ معجزہ، راوی روایت میکند
یک دن مدینے میں نبی، مسجد میں جو بیٹھے مگر
تھے ان کے گرد و پیش بیٹھے، با ادب و بہ ادب
ابوبکر، عمر، عثمان، علی، باقی صحابہ بے شمر
بیٹھے نبیؐ یاروں کے بیچ، کہتے تھے حق کی معرفت
ناگہہ ابوجہل آیا یا مکر ہا ہے پر بیکر (کذا)
خلقِ مدینہ جمع کر، چھوٹا بڈا[16] لیا یا سبھی
از انثہ نام مرد ماں پیدا ہوا روز حشر (کذا)
آکر کہا یا مصطفیٰ کانوں سنو میرا کہا!
نیں بے شک و شبہ دریا گر ہے رسول داد گر

دعویٰ نبوت کا تجھے ہیگا اگر دکھلا مجھے
یہ معجزہ اس خلق میں ورنہ یتی ممکن دعوا دگر
ہیگا ترے میدان میں باہر چلو دیکھو نکلا
بہتے[17] دنوں سیتی[18] پڑا اچلا زیبا یک پتھر[19]
گر اس سیتے پیدا کرو یک روکھ[20] جب ڈالوں سیتے
- - - - - میوا ہووے ہر ڈال پر
امرود انجیر و انار و سیب و رطب بھی عنب
لاگے اونھوں ڈالوں[21] بیتے ہر یک کہ گفتم دیگر
ہر پات پر نام خدا اور نام بھی تیرا ہووے
ہم جو اسے دل سیں پڑھیں ایمان لیا ویں تم[22] (اپر)
ہر ڈال پر بیٹھے ہووے ایک ایک مرغ اس رنگ کا
یاقوت چونچوں لال پاؤں باقی سبھی سفید (پر)
دیویں گواہی مرغ ہر یک رسالت کی تیرے
گر یو کرے پیدا ابھی دیکھیں جو ہم اپنی نظر
ہوویں مسلماں یک سری تب دیں کریں تیرا قبول
بیزار ہوویں از کفر چھوڑیں رہیں مادر پدر
جب مصطفیٰ نے یوں سنا بوجہل سیتے خلق میں
سر ڈال کے آگے رہے دل میں کیے بہتر فکر
اس بیچ میں بہر خدا آئے دما دم جبرئیل
از پیش خلاق جلیل سو بیش یکردہ باز سر

---

۱۷ بہت ۱۸ سے ۱۹ پتھر ۲۰ درخت ۲۱ ڈال کی جمع ۲۲ بالائی

جبریئل نے تب ہی کہا، یا مصطفےٰ یا مجتبیٰ
حق نے کہا تم کوں سنو، اس بات سیتیں کچھ غم نہ کر

میں جانتا تھا اے یتیم، یہ بات از علم قدیم
کئی معجزے اہلِ جحیم مانگیں گے تجھ سوں آن کر
آگل سیتیں[۲۳] پیدا کر رکھا اس روکھ کوں یا مصطفیٰ
با آں ثمر ہا جا بجا، مرغاں سبھی ڈالوں اوپر
اُوٹھ جاؤ خوش حالی سیتے کچھ غم نہ لیاؤ دل منیں
مانگو جو ہیں یہ مانگتے فی الحال رفتہ زاں شجر
اس مژدہ سیں احمد نبی خوش حال ہو کر اُٹھ چلے
جا کر کہا بھترے سیتے، حق کا کہا کرا ے پھتر
قدرت خدا کی سیں تبھی وہ روکھ جھٹ ڈالیوں سیتے

با میوہ ہاد. مرغگاں پیدا ہوا زاں سربسر
جیسے انہوں مانگے اتھے[۲۴] پیدا ہوے ویسے سبھی
ہرگز تفاوت ناں[۲۵]، ان کے کہن[۲۶] میں در شجر

ہر یک مرغ ڈالیوں سیتے تب بول کر کہنے لگا
اے اہلِ کفر ہم سیں سنو[۲۷] یہ ہیں رسولِ معتبر
یو[۲۸] ہیں نبیِ مصطفیٰ، یو ہیں رسول مجتبیٰ
اے[۲۹] ہیں خلق کے رہنماں[۳۰]، اے نیک خواہاں دیں دگر

---

۲۳ پہلے سے ۲۴ تھے ۲۵ نہیں ۲۶ کہنے کے مطابق
۲۷ سنو ۲۸ یہ ۲۹ یہ ۳۰ رہنما

ہیں خاصۂ رحماں یہہ ' ہیں اشرفِ انساں یہہ
ہیں مظہرِ قرآں یہہ ' ایسا نہیں کوئی ' دگر
ملکِ عرب میں شاہ یہہ ' چرخِ نجم ماہ یہہ
دو جگ میں عالی جاہ یہہ ' پاکوں لطیفِ خوش گہر
والشمس ان کا روے ہے ' واللیل ان کا موئے ہے
عطرے سو ان کے خوئے ہے ' سدرہ فردوں خوشبوئے تر
شہ ہے سبھی شاہان کے خورشید ہے آسمان کے
ہیں نور وہ چشمان کے ' درمیاں ہے خستہ جگر
حق کے حبیبِ خاص یہہ اس رو سیتے اخلاص یہہ
عالم میں خاص الخاص یہہ ' یارب شکر ہر ہنر
ان چاند دو ٹکڑے کیا ' دیکھا تمھو نے آنکھ سوں
بولیا[٣٢] اونھوں[٣٣] کے ساتھ وہ بز خائیدہ کردہ زہر
جابر کے دو فرزند کوں موئے پیچھے[٣٤] جیو[٣٥] تے کیے
جنگل سیتے ہرنی چھڑا دیسے زدست صید کر
دوبلی[٣٦] بکری کی پیٹ پر دستِ مبارک جب رکھا
موٹی ہوی وہ اس قدر تھن سیتے دودھ آیا ابر
یہ معجزہ ہر روز ہی دیکھ تم آنکھوں[٣٧] کھول کر
جب دھوپ میں راکھیں[٣٨] قدم بادل کا سایا سر اوپر
شرمندگی سیں وہ سبھی لاگے[٣٩] کہنے دیکھو تبھی
تجھ سا نہیں دیکھا کبھی ' ہم سحر میں کوئی دگر

---

٣١ تم ٣٢ بولا ٣٣ ان لوگوں کے ٣٤ مرنے کے بعد ٣٥ زندہ ٣٦ دبلی ٣٧ آنکھیں ٣٨ رکھیں ٣٩ لگے

عقلاں[۴۰] خلق کے دے جلا، آنکھیں رکھے سب کے سُلا

تیں ساحراں یں برملا، سب ساحراں تھے بیشتر

اس سحر یں سب ساحراں[۴۲] آگل سیں لیکر حال پر

بیسے[۴۱] تو عاجز ہوے کر با سامری بستہ مکر

سیّد جدھاں سیں[۴۳] یہہ سُنا بوجہل سیتے خلق یں

ان کے طرف جو یوں کہا اے کافراں بد سیر

قدرت ہے یہ کرتار کی، یہ ہے صفت داتار کی

یہہ مظہرِ جبّار کی، یاں سحر کا نا ہیں[۴۴] گذر

پھر جبرئیل آئے تبھی، کہیا[۴۵] نبی کوں یا نبی

حق نے کہا ہےگا ابھی، گر تم کہو مج کوں اگر

ڈالوں لیکر اس قوم کوں در آتشِ قہر و غضب

اک سات[۴۶] میں جھٹ بیخ سوں ان کوں کروں زیر و زبر

یہ دل سیتے گمراہ ہیں با اندرو نے سیاہ ہیں

در خورد آتش کاہ ہیں، ہے قفل ان کے دل اُوپر

وے مکر یا ہو منفعل بھاگے اپس[۴۷] کے گھر کے تیں

واں سیں[۴۸] یہاں تو خوش دل نبی آئے اپس کے دگھر بھتر

---

۴۰ عقل کی جمع ۴۱ سے ۴۲ ساحر کی جمع (جادوگر) ۴۳ جب سے ۴۴ نہیں ۴۵ کہا ۴۶ ساعت ۴۷ اپنے ۴۸ وہاں سے

تو نے جنونی یہہ سخن در معجزہ کیتا[۴۹] ختم

حق تجہ اوپر آخر کرے اپنے کرم سیتے نظر

ماہِ ربیع الاولیں تاریخ تھی پچو بیسویں

منگل کے دن گفتیم من از فضلِ ربّی داد گر

سنہ ایک ہزار اور ایک سو دو برس اوپر در حساب

بود ست کرد ایں را ختم در شہرِ گجرات اے پسر

اس معجزے کوں گر گنے کوئی کہ کیتے بیت ہے

آوے گنن وانے[۵] کے تئیں یہہ سب بہتر در شمر

میں مانگتا ہوں یہہ ہووے دل وجاں سیں مدام

یارب بحق مصطفیٰ پر خلق عالم کر رحم کر

---

۴۹. کیا ۵ گننے والے۔ شمار کرنے والے۔

(برائے "سایر نامہ احمد آباد" یہ قربانش پروفیسر وارث علوی)

حافظ سیّد محمّد فراقی

فراقی عادل شاہی عہد کے دورِ آخر کے ایک کہنہ مشق شاعر اور بیجاپور کے متوطّن تھے۔ احوالِ قیامت کے موضوع پر ایک ضخیم مثنوی "مراۃ الحشر" کے علاوہ ان کی چند غزلیں بھی دستیاب ہوئی ہیں۔ "مراۃ الحشر" کے درجِ ذیل شعر میں انہوں نے اپنا نام سیّد محمّد اور تخلص فراقی بتایا ہے۔

فراقی تخلص ہے میرا مدام
ولے اصل سیّد محمّد ہے نام

فراقی دکنی اُردو کے اِن خوش نصیب شاعروں میں سے ہیں جن کی شہرت شمالی ہند تک پہنچ چکی تھی۔ چناں چہ شمالی ہند کے تذکروں "مخزنِ نکات"۔ "تذکرۂ شعرائے اُردو"۔ "عمدۂ منتخبہ"۔ "مجموعۂ نغز" اور "گلِ رعنا" میں اِن کا ذکر ملتا ہے۔ قائم نے اپنے تذکرے (مخزنِ نکات) میں یہ بھی اطلاع دی ہے کہ فراقی نے محمّد یار خاں صوبہ دار دہلی

کے زمانے (۱۱۰۸ھ - ۱۱۱۴ھ) میں دہلی کا سفر کیا تھا۔[۱] مولوی نصیر الدین ہاشمی لکھتے ہیں کہ اورنگ زیب عالمگیر کی فتح دکن کے بعد، فراقی نے کچھ عرصہ تک اورنگ آباد میں قیام کیا اور پھر جنوبی ہند پہنچ کر ویلور میں سکونت اختیار کر لی۔[۲] ڈاکٹر محی الدین قادری زور کا بیان ہے کہ فراقی نے فقیر اللہ آزاد اور ولی کے ساتھ اورنگ آباد سے نکل کر سورت، احمد آباد اور دلی کا سفر کیا۔[۳]

غوثی ارکاٹی بن فصحی نے "ریاض غوثیہ"[۴] (۱۱۶۹ھ) میں جہاں دبستان دکن کے باکمال مرحوم شعراء نصرتی، غواصی، فصحی، ہاشمی اور ان کی بے مثال مثنویوں "گلشن عشق"، "سیف الملوک و بدیع الجمال"، "نو بہار" اور "یوسف زلیخا" کے نام گنوائے ہیں، وہیں فراقی اور ان کی مثنوی "مراۃ الحشر" کا بھی تذکرہ کیا ہے۔ غوثی کے اشعار ملاحظہ ہوں:

نصرتی ہو بحر گلشن میں نہنگ
گوہر مقصو دلایا اپنے سنگ
فصحی ہو عندلیب خوش نوا
نو بہار اپنا کھلایا بے بہا
پھر غواصی قصۂ سیف الملوک
کہہ گیا کر شعر کے فن سوں سلوک
دھر فراقی وصل رب کا اشتیاق
او مراۃ الحشر بولے لے فراق
ہاشمی بولیا زلیخا ذوق سوں
عشق میں چک رو کے کھویا شوق سوں

۱۔ قائم چاندپوری۔ مخزن نکات ص۷۔ ۲۔ نصیر الدین ہاشمی۔ دکن میں اردو ۱۹۶۳ء ص۳۷۵
۳۔ تذکرہ مخطوطات ادارہ ادبیات اردو (جلد چہارم) ص۲۷۲
۴۔ ریاض غوثیہ (قلمی)، کتب خانہ انجمن ترقی اردو کراچی

سب او اپنی طبع کا جودت دِکھا
چھوڑ گئے آخر کوں یہ فانی سرا[۵]

ولی دکنی کے ایک شعر سے پتا چلتا ہے انہوں نے فراقی کے ایک مصرع پر گرہ لگائی تھی۔

ولی مصرع فراقی کا پڑھوں تب جب کہ وہ ظالم
"کمر سوں کھینچتا خنجر" چڑھاتا آستیں آوے"[۶]

ولی نے اپنے کلام میں جہاں اپنے متعدد بے تکلف احباب کا تذکرہ کیا ہے وہیں اپنے شاعرانہ مرتبے کا فراقی سے تقابل کرتے ہوئے لکھا ہے۔

تیرے اشعار ایسے نیں فراقی
کہ جس پر رشک آوے گا ولی کوں[۷]

جناب افسر صدیقی امروہوی نے "فہرست مخطوطات انجمن ترقی اردو کراچی"[۸] (جلد چہارم) میں روضۃ الاولیائے بیجاپور" اور تذکرۂ اولیائے راچور" کے حوالے سے اور مولوی محمد انور الدین صدیقی نے "بجھتے چراغ"[۹] میں درگاہ حضرت امین الدین اعلیٰ اور کتب خانہ قادری محل بیجاپور کی بعض قلمی بیاضوں کی مدد سے فراقی کے خاندان حالات پر روشنی ڈالی ہے، جن کا مختصر خلاصہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

حافظ سید محمد فراقی کے والد کا نام سید کریم محمد حسینی (متوفی ۱۱۰۵ھ) تھا دادا سید میراں محمد مدرس قادری کے نام سے شہرت رکھتے تھے۔ میراں محمد مدرس کے والد یعنی فراقی کے پردادا روح اللہ بھروچی تھے"، جو حضرت امام موسیٰ کاظم کی اولاد میں تھے[۱۰] فراقی کے دادا (سید محمد مدرس) سید شاہ صبغۃ اللہ حسینی بھروچی نائب رسول اللہ کے بھتیجے تھے[۱۱] سید کریم محمد حسینی کی وفات کے بعد فراقی کے بڑے بھائی سید عبدالقادر سجادہ نشین ہوئے اور ان کے

---

[۵] افسر صدیقی امروہوی۔ مخطوطات انجمن ترقی اردو کراچی (جلد اول)۔ ۱۹۶۵ء۔ صفحہ [۶] ڈاکٹر جمیل جالبی۔ تاریخ ادب اُردو (جلد اول) لاہور ۱۹۷۵ء صفحہ ۵۳۶ [۷] ایضاً صفحہ ۵۳۶ [۸] صفحہ ۲۸۰ [۹] صفحہ ۱۴۹ [۱۰] ایضاً صفحہ ۱۵۳ [۱۱] افسر صدیقی۔ مخطوطات انجمن۔ کراچی (جلد ۵) صفحہ ۲۸۰

انتقال کے بعد خرقۂ خلافت سیّد محمد فراقی کے حصّے میں آیا۔ [12]

فراقی کی تاریخِ رحلت ۹ شوال ۱۱۴۴ھ ہے۔ مادّہ تاریخ وفات "فی حفظ اللہ" ہے۔ اِن کا مزار جامع مسجد بیجاپور کے نزدیک اپنے آبائی قبرستان میں ہے [13] فراقی کو ایک لڑکا کریم محمد ثانی عرف بادشاہ قادری اور دو لڑکیاں فاطمہ صاحبہ اور بی بی صاحبہ تھیں [14]۔

"مراۃ الحشر" کے درجِ ذیل اشعار سے پتا چلتا ہے کہ فراقی نے اپنے صاحبزادے کا نام کریم، وہی رکھا ہے جو اُن کے دادا نے اپنے بیٹے کا رکھا تھا۔ وہ اپنے بیٹے کریم محمد ثانی کو مخاطب کر کے کہتے ہیں۔

[illegible] کا نام تیرا رکھیا
کہ جیوں باپ [illegible] میرا رکھیا
کرم کر جو ہے تانوں تیر[illegible] کریم
کہ بولے ہر اک شخص میرا کریم

"مراۃ الحشر" کی تصنیف کے وقت کریم محمد ثانی کی عمر چار سال تھی یعنی فراقی چھتیس سال کے تھے۔

مری سن ہے چالیس تے چار کم
تو چو تھے میں اب لیا رکھیا ہے قدم
تیری ہور مری مل کے چالیس سال
کتے ہیں کہ چالیس میں ہے کمال
نہ کچھ فائدہ ہے مرے سوں بجے
کمال آج تو ہے تیرے سوں مجے [16]

---

[12] ایضاً ص ۱۹۲ [13] مراۃ الحشر (قلمی)، ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد [14] ایضاً [15] [16] مراۃ الحشر (قلمی)، کتب خانہ تحقیقات مشرقی حیدرآباد

کریم محمد ثانی، فراقی کے اکلوتے بیٹے تھے۔ "مراۃ الحشر" میں "پندِ فرزند" کے موضوع کے تحت وہ کہتے ہیں کہ "صالح فرزند" خدا کی بے بہا دین ہے۔ مرنے کے بعد بھی فرزند کی بدولت دنیا میں نام باقی رہتا ہے۔ جب وہ فاتحہ پڑھے گا تو اس کے تحائف ملتے جائیں گے اور اس طرح مرنے والے کی روح کو شادمانی کے مواقع میسّر آئیں گے۔

کہ فرزند صالح ہے جس کوں اگر
اسی کوں ہے زینت ہے دنیا بھر
موئے تو بی دنیا میں رہتا ہے نانوں
کہ فرزند تے ہے نشانی کوں ٹھانوں
پڑے گا مری فاتحہ یاد کر
رکھے گا مرے جیو کوں شاد کر
تحائف مجھے پہونچتے جائیں گے
مرے حق منے کام کچھ آئیں گے[۱۷]

پھر وہ اپنے صاحبزادے کو نصیحت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اے مرے فرزند میری بات دھیان سے سن۔ نیک اور صالح اصحاب کی صحبت اختیار کر۔ اپنے آپ میں نیک بختی کے ہنر پیدا کر کیوں کہ نیک بختی سے ماں، باپ کو بھی فائدہ پہنچتا ہے۔ ماں، باپ کا سہارا ہمیشہ کام نہیں آتا۔" میں بھی ایک دن اسی طرح جاں بحق تسلیم ہو جاؤں گا جس طرح میرے والد نے داعیِ اجل کو لبیک کہا تھا۔

مری بات لے کان میں اے پسر
توں کر نیک بختی کے پیدا ہنر
ملا نیک بختاں منے آپ کوں
کہ تیرے تے ہوئے نفع ماں، باپ کوں

---

۱۷ ایضاً

ہنر مند اپے آپ کوں کر دکھائے
نہ ماں باپ کا آسرا کام آئے
رہیا کاں مرا باپ میرے اوپر
جو رہے گا تیرا باپ تیرے اوپر [18]

آگے چل کر وہ اپنے بیٹے کو درویشی اور قناعت کا راستہ اختیار کرنے کی تلقین کرتے ہوئے بارگاہِ ربّ العزّت میں دست بہ دعا کہتے ہیں کہ " اے خدا میرے خاندان کے شجر پر ہمیشہ نئے پھول پھل آتے رہیں اور کبھی اس پر خزاں کا سایہ نہ پڑنے پائے۔

پھر امیدؔ ہے مج خدا سوں سدا
کہ جو آئے گا پھول ہور پھل نوا
اچھے تازگی ہور تراوٹ بڑی
نہ آوے کدی تس اُپر پت جھڑی [19]

سید کریم محمدؐ ثانی کے بیٹے سید حسن قادری رائچور چلے گئے تھے اور وہیں انتقال کیا [20] ان کی اولاد میں اکثر اصحاب بقیدِ حیات ہیں جو آج بھی ان کا عرس مناتے ہیں [21] کچھ ورثا ارکاٹ، بیجاپور اور سات گڈھ میں بھی موجود ہیں [22]

ذیل میں سید محمد قادری فراقی کا شجرہ درج کیا جاتا ہے۔ [23] چوں کہ یہ ایک نئی دریافت ہے اور اس سے فراقی کے عزیز و اقارب کے بارے میں معلومات حاصل ہوتی ہیں، اس لیے اس کی اہمیت مسلّم ہے۔

---

١٨ تا ١٩ مخطوطہ مخزونہ کتب خانہ و ادارۂ تحقیقات علومِ مشرقی حیدرآباد۔ ٢٠ افسر صدیقی مخطوطات انجمن ترقی اردو کراچی (جلد ۵) ص ٢٨٠ ٢١ بجھتے چراغ ص ١٦٢
٢٢ ایضاً ٢٣ ایضاً ص ١٦٣



سید شاہ حسن پیر قادری

موجودہ معلومات کی روشنی میں فراقی کی ایک ضخیم مثنوی "مراۃ الحشر" کے علاوہ دو نعتیں، ۹ غزلیں اور بعض غزلوں کے چیدہ چیدہ اشعار دستیاب ہوئے ہیں۔ "مراۃ الحشر" ہنوز غیر مطبوعہ ہے اور اب تک اس کے چھ مخطوطات کا پتا چلتا ہے۔ کتب خانہ و ادارۂ تحقیقات علوم مشرقی حیدرآباد (کتب خانۂ آصفیہ) میں اس مثنوی کے دو قلمی نسخے موجود ہیں۔ دو نسخے انجمن ترقی اردو کراچی کے کتب خانے کی زینت ہیں، جب کہ کتب خانہ سالار جنگ[24] اور ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد[25] میں اس کا ایک نسخہ محفوظ ہے۔ "مراۃ الحشر" کا واحد مکمل نسخہ کتب خانہ و ادارہ تحقیقات علوم مشرقی کا مخزونہ ہے۔[26] کتب خانہ سالار جنگ کے نسخے میں آخر کے ۱۶ اشعار کم ہیں۔ ادارہ ادبیات کا نسخہ ناقص الطرفین ہے، جس میں ابتدا کے کم از کم ۱۴۰ اور آخر کے ۱۵ اشعار غائب ہیں۔ انجمن ترقی اردو کراچی کے مخطوطے (۳/۴۲۵) میں ابتدا کے ۶۸ اور اختتام کے ۸ اشعار نہیں ہیں۔[27] مخطوطات انجمن ترقیِ اردو[28] کی چھٹی جلد میں اس مثنوی کے ایک اور مخطوطے کا حوالہ دیا گیا ہے لیکن ابتدا اور اختتام کے اشعار درج نہیں کئے گئے۔ کتب خانہ و ادارۂ تحقیقاتِ علوم مشرقی کا دوسرا نسخہ[29] ناقص الاوّل ہے اور اس میں ابتدا کے آٹھ شعر کم ہیں۔

جہاں تک "مراۃ الحشر" کی تاریخِ تصنیف کا تعلق ہے فراقی نے درجِ ذیل اشعار میں اس کتاب کی تاریخِ تصنیف بیان کی ہے:

کیا قصد تاریخ جب بولنا
یو اجمال تفصیل کر کھولنا

[24] نصیر الدین ہاشمی. فہرست مخطوطات کتب خانہ سالار جنگ حیدرآباد (مخطوطہ ۳۱۶) ص ۴۶

[25] مراۃ الحشر (قلمی) کا ایک نسخہ جناب رمن راج سکسینہ نے حال ہی میں ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد میں داخل کیا ہے (مخطوطہ ۴/۲۱)

[26] مخطوطہ ۶۱ جدید [27] مخطوطات انجمن (کراچی) جلد پنجم ص ۲۸ [28] ایضاً (جلد ۶) ص ۴۶ [29] نصیر الدین ہاشمی کتب خانہ

تو مجھ دل کیا اس وزا انتخاب
یو دیکھو جو ہے بابرکت کتاب

۱۱۳۲ھ

چوں کہ فراقی نے یہ مثنوی ۳۶ سال کی عمر میں لکھی ہے اس لیے اس سے ۱۰۹۷ھ ان کی تاریخ پیدائش برآمد ہوتی ہے۔ "مراۃ الحشر" تین ہزار نو سو پچپن (۳۹۵۵) اشعار پر مشتمل ہے اس مثنوی کو شاعر نے ۲۳ ابواب میں تقسیم کیا ہے[۳۰] ہر باب کا آغاز ایک شعر سے ہوتا ہے۔ تمام ابواب کے ابتدائی اشعار جو بطور عنوان درج کیے گئے ہیں ایک ہی بحر اور قافیے کی پابندی کرتے ہیں اگر ان اشعار کو یک جا کیا جائے تو ۲۳ اشعار پر مشتمل ایک قصیدہ بن جائے گا۔ جس کے مطالعے سے پوری مثنوی کا لب لباب سامنے آجاتا ہے۔ مثنویوں کے ابواب میں عنوانات کے اہتمام کا یہی انداز ابنِ نشاطی کی "پھول بن" نصرتی کی "علی نامہ" اور ہاشمی کی یوسف زلیخا وغیرہ میں بھی نظر آتا ہے۔ "مراۃ الحشر" کے چند منظوم عنوانات درج ذیل ہیں:

یو خدا کی ہے حمد کا مذکور
ذات اس کی جو فہم تے ہے دور[۳۱]

اب مناجات کوں پسا ریا ہات
تا کرے حق گنہ مرے مغفور[۳۲]

یو محمدؐ کی نعت کا ہے بیان
ہوئی خدائی (تمام) جس کی ظہور

غوث الاعظم کے یو مناقب ہیں
جس کو معشوق اپیں کیا ہے غفور

وصف سیّد محمدؐ کامل
رہے مدینے میں چھوڑ بیجاپور

---

[۳۰] ڈاکٹر جمیل جالبی نے اس مثنوی کے ابواب کی تعداد ۲۲ بتائی ہے دیکھیے تاریخ ادب اردو جلد اول ص ۵۶۱

طبع کی یو بیان جودت کا
جس سبب یو کتاب ہوئی مسطور
یو سن حال گوش عبرت سوں
ہے نصیحت بیان اہل قبور
یو قیامت کی دس علامت ہیں
ہر علامت کریں گی جگ میں ظہور
یو ہے دجّال کا بیان سارا
تھا وہ بدبخت کافر مقہور
یو ہے ذکور حشر کا سارا
خلق اٹھے گی تمام یوم نشور
پند فرزند سوں ہے نیکی تو
سب محبّاں کوں بی ہے یو نخ ضرور
ختم ساری کتاب کا یو ہوا
یا رب اس کوں مدام کر منظور[۳۳]

قدیم اُردو کی دوسری مثنویوں کی طرح "مراۃ الحشر" کا آغاز بھی حمد مناجات، نعت، اور منقبت سے ہوتا ہے۔ فراقی نے حمد میں ۵۶، مناجات میں ۵۸ اور نعت میں ۲۷ اشعار کہے ہیں۔ ذیل کے اشعار سے ان کی قادرالکلامی اور شاعرانہ کمال کا اندازہ ہوتا ہے۔

حمد : کہوں حمد ہور شکر اس رب کے تئیں
جلاتا ہے ہور مارتا سب کے تئیں

---

[۳۲] تا [۳۳] یہ تمام اشعار کتب خانہ و ادارۂ تحقیقات علوم مشرقی حیدرآباد کے قلمی نسخے (مخطوطہ ۶۸ جدید) سے اخذ کئے گئے ہیں۔

جِلانا تو اِس پر نہ دشوار ہے
نہ کچھ مارنے کوں اسے بار ہے
ہویدا کیا پَل میں دونوں جہاں
او پیدا کیا ہے زمیں آسماں
صفت خالقیت کی دھرتا ہے او
جو کچھ من منگیا سوچ کرتا ہے او

مناجات

الٰہی تو ہے عاصیاں کا کریم
حلیمؔ، قدیمؔ، غفورؔ، رحیم
تو مالک دلاں کا ہے روشن ضمیر
سمیعؔ، علیمؔ، خبیرؔ، بصیرؔ
تو قادر ہے سب قدرتاں کا دھنی
حکیمؔ، جوادؔ، قویؔ، غنی
ترے سوں ہے اُمید سب کوں یقیں
رؤفؔ، رحیمؔ، حمیدؔ، متین

نعت

محمدؐ نبی سیّد المرسلیں
رسولِ خُدا شافع المرسلیں
یو تیرے سبب سونچ خلقت ہوا
یو تیرا قدم جگ پہ رحمت ہوا
شفاعت کے توں برج کا آفتاب
کرم کے گگن کا سچّا ماہتاب

شہنشاہ تو انبیا کا تمام
تو پایا ہے محمود سا خوش مقام

حمد و مناجات اور نعت کے بعد مناقبِ غوث اعظم کا انداز بھی ملاحظہ کیجیے۔

زباں مشکِ از فرسوں پرور دہ کر
کہوں حمد میں غوث الاعظم اوپر
مرادیں کا رہنما پیر ہے
ولایت کا قطب جہانگیر ہے
پکڑ ہات مجھ کوں دکھایا خدا
خدا بو جنے اس کا پایا سدا
محمد نبی انبیا میں ہے جیوں
محی الدین سب اولیاں میں ہے دوں

اس کے بعد فراقی نے اپنے دادا سید محمد قادری (متوفی ۱۰۱۵ھ) کی تعریف میں ۶۵ شعر کہے ہیں۔ چند شعر دیکھیے:

اتا ناؤں سید محمد کا لیوں
قدم پر تے جیو اس کے قربان دیوں
محی الدین کے پاس لیایا مجھے
غلاماں میں تس کے بلایا مجھے
اسے دستگیری کی قدرت اتھی
خدا کے دکھانے کی جرأت اتھی
محمد کا ان خلق دھرتا اتھا
نپٹ علم کے گنج بھرتا اتھا

سید محمد قادری مدرس کا شمار بیجاپور کے استاد الاساتذہ میں ہوتا تھا۔ انھوں نے

بیجاپور میں اپنے وقت کے مشہور عالم قاضی سید علی محمد کے آگے زانوئے ادب تہہ کیا[۳۴] سید محمد مدرس کو ۲ دو بار حج کی سعادت نصیب ہوئی۔ ایک حج کے موقع پر انہوں نے سید صبغۃ اللہ حسینی کے خلیفہ شیخ عبدالعظیم مکی کے ہاتھ پر بیعت کی اور خرقۂ خلافت بھی پایا۔ ۵ رجب ۱۰۸۳ھ کو انہوں نے ہجرت کا ارادہ کیا مدینہ منورہ پہنچ کر گنبدِ خضرا کی زیارت کی اور نمازِ شکر ادا کر کے واصل بحق ہوئے[۳۵] (۲۴ رشوال ۱۰۸۵ھ) سید محمد مدرس کے علم و فضل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فراقی کہتے ہیں۔

اتھا علم سوں وارثِ مصطفیٰ
تو سیّد محمّد مدرس ہوا
بڑا پایا اِس کی وہ شانِ رفیع
بسایا اہیں جا زمین بقیع
اسے بہوت عشقِ پیمبر ہوا
مدینے میں ہمسایہ جاکر ہوا
اتھے نعمتاں علم کے بے شمار
کریں رات دِن مستحقاں پہ بار
او دیتا تھا جیوں ابرِ نیساں شرف
او بلتا تھا دریا ہو چاروں طرف

اپنے دادا سیّد محمد قادری کی مدح کے بعد فراقی "مراۃ الحشر" کے سبب تالیف کو موضوعِ سخن بناتے ہوئے کہتے ہیں :

وہی ہے جہاں میں عجب بخت ور
موئے یار ہیں جگ میں ہو کر امر

۳۴۔ بجھتے چراغ ص ۱۵۶ ۳۵۔ ایضاً ص ۱۵۶

جہاں لگ رہے یو گگن ہور زمیں
اچھے نانوں اس کا تو بس جانشین

آگے چل کر کہتے ہیں کہ اگرچہ کہ نوشیروان اب دنیا میں نہیں رہا لیکن اس کا نام عدل کی وجہ سے زندہ ہے۔ لیلیٰ مجنوں، یوسف زلیخا، منوہر اور مدمالتی کو فوت ہوئے زمانہ گزر گیا لیکن عشق کی وجہ سے ان کا نام باقی ہے۔ اسی طرح قدیم اردو کے عظیم المرتبت شاعروں نصرتی اور حسن شوقی کو یاد کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ انہیں سخنوروں کے کارہائے نمایاں کو دیکھ کر مجھے بھی اشتیاق پیدا ہوا کہ میں بھی اپنی کوئی تصنیف یادگار چھوڑ جاؤں:

اگرچہ وہ نوشیرواں مر گیا
ولے عدل سوں نانوں جیتا رہا
قرن گزرے مجنوں کی ہو کر وفات
سمج عشق جیوں نانوں پایا حیات
نکل گئے ہیں یوسف زلیخا ولے
رہیا نانوں ان کا انو گئے ولے
او مر گئے ہیں ہیار چندر بدن
رکھے نام پر عشق میں کر جتن
گیا نصرتی بول میٹھا بچن
رہیا نانوں ہو کر جواہر کا کھن
کہ شوقی اتھا بھوت اپس شوق کا
کتا تھا سخن بے بہا ذوق کا

فراقی کے آباؤ اجداد میں اگرچہ متعدد اہل علم علماؤ فضلا گزرے ہیں لیکن کوئی شاعر نہیں ہوا۔ وہ کہتے ہیں کہ اپنے خاندان میں میں ہی ایک ایسا فرد ہوں جو کسی بھی فن میں ماہر نہیں۔ لیکن مجھے لڑکپن کے زمانے سے "شیریں کلام" سے رغبت رہی ہے۔

نہ شاعر ہوا کوئی مری پُشت میں
ہُنر یو رکھا تیں کوئی مشت میں
اتیجے فاضلاں سارے میرے بڑے
علم علم کا لے کے جگ میں کھڑے
ہوا مینجہ پن سب میں ایسا خراب
جو یک بات پوچھے تو نادیوں جواب
نہ کیں ایک فن بیچ ماہر ہوں ہیں
ہر اک بات میں خوب جاہل ہوں میں
اتھی پن یہ تحفوا دگی تے ہوس
بچن خوب سُننے کا مجہ کان رس

فراقی کی زندگی کا بیش تر حصّہ فارسی گوئی میں گزرا انہوں نے محض منہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے کبھی کبھار دکنی اردو میں بھی طبع آزمائی کی ہے اسی لیے انہوں نے اپنے دکنی کلام کو محفوظ رکھنے کی کوشش بھی نہیں کی۔

مری عمر سب فارسی میں سری
کہوں شعر دکنی تو میں سرسری
لکا دے وقت جیب میں کھولتا
یو دکنی بچن گاہ گہہ بولتا
نپٹ کم کیا ہوں میں دکنی بچن
رکھیا نیں ہوں اتنے کوں بی کرجتن

جب اِن کی نظر انتخابِ احوالِ قیامت پر مبنی فارسی کتاب "آخرت نامہ" پر پڑی تو انہیں اس کتاب کو دکنی میں ترجمہ کرنے کا خیال آیا۔ اس سلسلے میں انہوں نے اس موضوع سے متعلق دیگر کتابوں کا بھی بہ نظرِ غائر مطالعہ کیا۔ احادیث اور آیتیں

مومناں کا ہے ایو، نزاع دو داع
جو دسے حال انوں کی چک کے حضور

"مراۃ الحشر" میں جیسا کہ فراقی نے مختلف ابواب میں واضح کیا ہے، نزع کی کیفیت بیانِ اہلِ قبور، یوم حشر کا تذکرہ، قیامت کی دس علامتیں، دجال اور یا جوج ماجوج کی فتنہ انگیزی اور حضرت مہدی اور عیسٰی کا ظہور، پل صراط اور جزا و سزا کی تفصیل بیان کر کے نیکی اور عملِ صالح کی تلقین کی گئی ہے۔

جہاں تک فراقی کی دیگر منظومات کا تعلق ہے، مولوی نصیر الدین ہاشمی نے "دکن میں اردو" میں (۶) اشعار پر مشتمل ایک نعت شائع کی ہے، جس کا مطلع اور مقطع اس طرح ہے :

مدینے میں اگر پیدا ہوا ہوتا تو کیا ہوتا
محمد کی گلی بھیتر فنا ہوتا تو کیا ہوتا
نظر ہے علم منطق ہور معانی میں فراقی کوں
اگر علم حدیثِ مصطفیٰ ہوتا تو کیا ہوتا[۳۷]

کتب خانہ سالار جنگ کی ایک بیاض[۳۸] میں "نظم فراقی" کے عنوان سے ایک نعت ملی ہے۔ مولوی نصیر الدین ہاشمی نے اسے ۴۸ شعر کی نظم بتایا ہے۔ حالاں کہ یہ ۲۴ اشعار کی نعت ہے۔ جس کے ہر مصرعے کو کاتب نے ایک شعر کی طرح دو حصوں میں نقل کیا ہے۔ چند شعر ملاحظہ ہوں :

ہمیشہ مجھ سے عاصی کوں، نبی جی آسرا تیرا
جہنم کے خلاصی کوں، نبی جی آسرا تیرا

---

۳۷ دکن میں اردو۔ ۱۹۶۳ء۔ ص ۳۷۶

۳۸ فہرست مخطوطات کتب خانہ سالار جنگ ص ۳۹۶

اندھارا مجھ کوں نا سوجھے کہ دن اور رات نا بوجھے
ولے نس دن یو جاچے، نبی جی آسرا تیرا (کذا)

گنہ تے ہات دھوتا ہوں، بدی سوں عمر کھوتا ہوں
ولے نس دن یو روتا ہوں، نبی جی آسرا تیرا

صراط اوپر جو جانا ہے، بدی اپنی ستانا ہے
اے مکھ حق کوں دکھانا ہے، نبی جی آسرا تیرا

ہوس میں شادمانی کی، گئی مستی جوانی کی
نہ حسرت زندگانی کی، نبی جی آسرا تیرا

گنوایا رات سونے میں، سو غفلت کے بچھونے میں
کہ پڑیو خاک جینے میں، نبی جی آسرا تیرا

تو ساقیِ حوضِ کوثر کا، ملاقی ہور ہر نہر کا (کذا)
فراقی بھی ہے تجھ گھر کا، نبی جی آسرا تیرا

متذکرہ بالا نعتوں کے علاوہ فراقی کی ۹ غزلوں کا پتا چلتا ہے جن کی تفصیل یوں ہے۔

تذکرۂ مخطوطات ادارۂ ادبیاتِ اردو کی چوتھی جلد میں ڈاکٹر زور نے فراقی کی ۵ شعر پر مشتمل ایک غزل شائع کی تھی، جس کا مطلع اور مقطع یہ ہے[۳۹]

ہو آگے اگر جگ میں یار گل کے
پچھیں گے اس سینے میں خار گل کے (کذا)

پریشان بلبل ہے صادق فراقی
نہ دیکھیا ہیں آج دیدار گل کے

---

۳۹ ص ۲۸۲

مولوی افسر صدیقی امروہوی نے مخطوطات انجمن ترقی اردو کراچی کی پانچویں جلد میں ۵ شعر کی ایک غزل پیش کی ہے۔ مطلع اور مقطع درج ذیل ہے [۴۰]

جو ہے لٹکنا ڈولت اس دھن سر و بالی مینس
سو کاں لطافت ناز کی دو نے کیری ڈالی مینس
مالی فراقی ہو رہیا تج حسن کیرے باغ کا
یک دو کلیاں چن کر لیا تسد نار ہی حالی مینس

ڈاکٹر جمیل جالبی نے تاریخ ادب اردو جلد اوّل میں فراقی کی آٹھ شعر پر مشتمل ایک غزل اور بعض غزلوں کے چیدہ چیدہ اشعار درج کیے ہیں۔ غزل کا پہلا اور آخری شعر ملاحظہ کیجیے:

سچے دنیاں کا کام نا لینا
بات سٹ کر یو جام نا لینا
اے فراقی سخن کی قیمت کوں
بس ہے تحسین، دام نا لینا [۴۱]

مولوی اکبرالدین صدیقی نے "بجھتے چراغ" میں متذکرہ غزلوں کے علاوہ مزید چھ غزلیں شائع کی ہیں۔ جن کے مطلعے اور مقطعے ذیل میں درج کیے جاتے ہیں [۴۲]

فقیراں باوجود دست دیا بے دست و پا اچھا
انوں سب کی نظر میں، ان کی نظراں میں خدا اچھا
فراقی کے بچن سن کر کتے ہیں عارفاں اکثر
بھتوراکب کا چپ، حقیقت میں عطا اچھا (کذا)

---

۴۰ ایضاً ص ۲۸۱ ۴۱ ڈاکٹر جمیل جالبی تاریخ ادب اردو (جلد اول) ص ۵۶۱
۴۲ بجھتے چراغ ص ۱۶۴

فقیروں کو طمع کچھ نئیں جہاں کی کار سازی کا
کہ ہے صندوق میں دِل کے خزانہ بے نیازی کا
فراقی پیر کے بھوں پے دسے تو فرض ہے سجدہ
کہ جائز ہے ہونا یو قبلہ بے نمازی کا (کذا)

میں جان اچھوں مجہ دِل کوں شوق اس گلبدن کا کھینچتا
بلبل کے دِل کو دام تھا رشتہ چمن کا کھینچتا
گم نام ہو گوشے میں رہوں چاہے فراقی بہوت کچھ
پن کیا کرے میدان میں شہرت سخن کا کھینچتا

عاشقاں کوں نہ چپ خرید کیا
کر کے قربان اپس یو عید کیا
فکر اس کو ہے سب فراقی کی
آپ جے کوئی ملا مرید کیا

لذّت جو کوئی پایا اچھے تجہ عشق کی تروار کا
یک وار بیٹھے پنچ تک مشتاق دوسرے وار کا
پل میں فراقی ہوش جا مجلس کی مجلس مست ہو
دور آ بھرے جس بزم میں جام (رخ دیدار کا)

دلاں کو پیچ دینے کا عجب لٹکا ہے تجہ لٹ کا
فراقی پیو کے لب پر ایک کپ تک بچاوے جیو (کذا)
خطر نئیں تو سکندر ہو بڑا ہے کام کھٹ کھٹ کا

فراقی کی غزلوں میں اشعار کی تعداد ۵، ۷، ۹، ۱۱ اور ۲۲ سے ۴۵ تک ہے۔ ان کی بعض غزلوں کی زمین میں ولیؔ، فائزؔ اور آبروؔ نے بھی غزلیں کہی ہیں۔ فلسفہ و تصوّف، درویشی اور عزلت نشینی، پند و نصائح، عجز و انکساری، قناعت پسندی، ہوس و طمع سے

نفرت، نیکی و سچائی اور اعلیٰ و ارفع اقدار کو اپنانے کی تلقین فراقی کی غزل گوئی کا سب سے نمایاں اور اہم موضوع ہے چند شعر پیش کیے جاتے ہیں۔

فقیراں باوجودِ دست و پا بے دست و پا اچھنا
انوں سب کی نظر میں، ان کی نظراں میں خدا اچھنا

ملو گز ہر، بریاں یا جواری کی سُکی روٹی
جو کچ حق کی عنایت ہے اسی پر اکتفا اچھنا

جتی جس تے بدی ہوی تو دُتی نیکی بجالیا نا
اچھے کوئی سخت آہن تو اپیں آہن رُبا اچھنا

فقیروں کوں طمع کچھ نئیں جہاں کی کارسازی کا
کہ ہے صندوق میں دِل کے خزانہ بے نیازی کا

شکر کرنا جو کچ دیا سو خدا
منّتِ صبح و شام نا لینا

پھوڑ شیشہ پتھر پو، جام پچھاڑ
اے حلالی، حرام نا لینا

فراقی کی غزل کا دوسرا پہلو، عشق و محبّت کے جذبات کی ترجمانی، محبوب کے سراپا کی تصویر کشی، وصالِ یار کی خواہش اور ہجر و فراق کی تڑپ کے روپ میں سامنے آتا ہے۔ طرزِ ادا کی ندرت، جذبے کی شدّت، اور حسنِ تخیل کے سبب ان کے عشقیہ اشعار آج کے قاری کے لیے بھی باعثِ کشش معلوم ہوتے ہیں۔ چند شعر ملاحظہ ہوں۔

ہمنا کے دِل کوں جس دم تم لے چلے پیارے
منہ تکتے رہ گئے یہ ہمدم سبھی بچارے

مجے اے حسن کا ساقی لباں کا مے پلاتا نئیں
ارے ظالم میں مرتا ہوں تجے کچھ رحم آتا نئیں

موتیاں کیری جالی منیں دو پرکھ سو تیرے یوں دستیں
یا رب یو کیا ہے معجزہ دو چاند یک جالی منیں

یں جاں اچھوں مجہ دل کوں شوق اس گلبدن کا کھینچتا
بلبل کے دل کوں دام بہارشتہ چمن کا کھینچتا

یو گھٹا آہ کے دھویں کا نیں
میں فلک آٹھواں جدید کیا

لذت جو کوئی پا اچھے تجہ عشق کی تروار کا
یک وار بیٹھے رینچ لگ مشتاق دُسرے وار کا

یہ فرمائش مولانا راہی قدائی مطبوعہ
(۱) سب رس۔ حیدرآباد جنوری ۱۹۹۱ء
(۲) نقیر۔ ویلور ۱۹۹۲ء

ولی کی شمالی ہندوستان کو دین

ولی محمد ولی دکنی (متوفی ۱۷۲۰ء - ۱۷۲۵ء)[1] قدیم اردو کا ایک باکمال اور عظیم المرتبت شاعر ہے۔ اس کے مقام پیدائش کے بارے میں محققین میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس شاعر نے، آنے والے زمانے میں اردو شعر و سخن کے دھارے کو موڑتے میں جو عظیم رول انجام دیا ہے۔ اس کی وجہ سے اردو زبان و ادب کے بعض محققین نے، اس کو اپنے مخصوص صوبوں سے منسوب کرنے کی کوشش کی۔ ولی کے بچپن کے واقعاتِ حیات پر تاریکی کا پردا پڑا ہوا ہے۔ یہ ضرور ہے کہ لڑکپن اور نوجوانی کے زمانے میں انہوں نے کچھ عرصہ گجرات اور خاص طور پر احمد آباد میں قیام کیا تھا۔ اس واقعہ کا ذکر ان کے کلام میں ملتا ہے۔ شہر سورت کے متعلق ایک مثنوی بھی ان کے دیوان میں موجود ہے۔ احمد آباد اور سورت کے حوالوں کی

---

[1] ڈاکٹر جمیل جالبی۔ تاریخ ادب اردو (جلد اول) صفحہ ۵۳۹

وجہ سے، گجرات کے بعض اہلِ علم نے اس بات کا ادّعا کیا ہے کہ ولی کا وطن گجرات ہے اور نوجوانی کے زمانے میں وہ اورنگ آباد آئے اور یہیں بس گئے۔ اس کے برخلاف زمانۂ قدیم کے مورخین اور محققین سے لے کر ڈاکٹر جمیل جالبی تک اس امر پر متفق ہیں کہ ولی اورنگ آباد میں پیدا ہوئے ان کا بچپن اسی شہر میں گذرا۔ اگرچہ نوجوانی کے زمانے میں انھوں نے گجرات کا سفر ضرور کیا ہوگا۔

ولی کی شاعری کی فضا بنیادی طور پر دکنی شاعری کی فضا ہے۔ اس نے نہ صرف دکنی شاعری کی روایات اور رجحانات کی پاسداری کی ہے بلکہ دکنی کے عظیم المرتبت شاعروں سے استفادہ کرتے ہوئے، ان تمام زمینوں میں غزلیں بھی کہی ہیں، جن میں محمد قلی غواصی حسن شوقی، نصرتی، شاہی وغیرہ نے ادِ سخن دی ہے۔ چند شعر دیکھیے:

محمد قلی قطب شاہ : خبر لیایا ہے ہُدہُد میرے تیں اس یار جانی کا
خوشی کا وقت ہے ظاہر کروں راز نہانی کا

ولی : الٰہی رکھ مجھے تو خاکِ پا اہلِ معانی کا
کہ کھلتا ہے اسی صحبت سے نسخہ نکتہ دانی کا

غواصی : عاشق ہے جن تجھ لال کا اس مال و دھن سوں کیا غرض
ہے کام جس کوں روح سوں اس کوں بدن سوں کیا غرض

ولی : تجھ زلف کے بیتاب کوں مشکِ ختن سوں کیا غرض
تجھ لعل کے مشتاق کوں کان نین سوں کیا غرض

نصرتی : پکڑیاں ہیں دھیان انکھیاں جو ترا مکھ نجھانے کا
آخر سبب کیاں ہے اپس گھر ڈوبانے کا

ولی : عبث غافل ہوا ہے گا فکر کرپی کے پاتے کا
صفا کر آرسی دل کی سکندر ہو زماتے کا

حسن شوقی : تجھ مکھ کنول کنولے بدل جگ میں سور نگ لالا ہوا
تجھ زلف تھے اپچے بھنور دوجے بھجنگ کا لا ہوا

شاہی : تجھ بھال کے پرتاب تے پیدا چندر بالا ہوا
سندر گلے میں ہانس تجھ جیوں چاند کوں ہالا ہوا

ولی : تجھ مکھ پہ یو تل دیکھ کر لالے کا دل کالا ہوا
تجھ دور خط سوں طوق جیوں مہتاب کا ہالا ہوا

شاہ سلطان: من سیتے جب سوں نکل آیا او پیر آفتاب
تب تے صفالے ہوا زیر و زبر آفتاب

ولی : کیوں ہو سکے جہاں میں ترا ہم سر آفتاب
تجھ حسن کی اگن کا ہے ایک اخگر آفتاب

ہاشمی : سنگاتی سات نیں میرا مواسنگار کیا کرنا
مستی ہور پان خشبوئی پھولوں کے ہار کیا کرنا

ولی : براگی جو کہاتے ہیں اسے گھر بار کر نا کیا
ہوئی جوگن جو کئی پی کی اسے سنسار کرنا کیا

قائم چاندپوری کے بیان کے مطابق ولی نے ۱۱۱۲ھ/م ۱۷۰۰ء میں دہلی کا سفر کیا تھا۔ یہ وہ زمانہ ہے جب کہ شمالی ہند میں فارسی کا سکہ چل رہا تھا۔ حکومت

اور سلطنت کی زبان فارسی تھی چوں کہ حکمرانوں کا رجحان فارسی کی طرف زیادہ تھا اور فارسی ہی کی سرپرستی اور قدر و منزلت کی جاتی تھی اس لیے شاعروں اور ادیبوں کا فارسی کی طرف جھکاؤ ایک فطری بات تھی۔ ولی کے سفر دہلی سے پہلے بھی شمالی ہند کے بعض شاعروں نے بول چال کی اردو میں تفریح طبع کے طور پر شعر گوئی کا آغاز کیا تھا، لیکن ان میں سے بیشتر حضرات بنیادی طور پر فارسی کے شاعر تھے اور محض منہ کا مزا بدلنے کے لیے کبھی کبھار اردو میں بھی شعر موزوں کر لیا کرتے تھے۔ شمالی ہند کے فارسی زدہ ماحول میں ولی نے جب اپنی اردو غزلیں سنائیں تو اہل شمال کو اس بات کا احساس ہوا کہ اردو میں، جسے وہ ایک کم مایہ زبان سمجھتے تھے، اتنی گہرائی، گیرائی اور قوت اظہار موجود ہے کہ اس میں ادب بھی تخلیق کیا جا سکتا ہے۔

ولی سے پہلے شمالی ہند کے اہل علم دکنی اردو کو درخور اعتنا نہیں سمجھتے تھے، شاید اسی لیے قائم نے "اک بات لچر سی بزبان دکنی تھی" کہا ہے حالاں کہ ۱۰۵۰ھ سے ۱۷۵۰ء تک گجرات اور دکن میں گجری اور دکنی ایک متمول ادبی زبان کی حیثیت سے منظر عام پر آ چکی تھی۔ ولی ایک طرف گجری اور دکنی زبان کی عظیم شعری روایات کا علمبردار ہے تو دوسری جانب اس کے کلام میں سفر دہلی کے اثرات بھی کارفرما نظر آتے ہیں۔ وہ اردو شاعری کے ایک ایسے دوراہے پر کھڑا ہے جہاں ایک طرف اردو کے قدیم کی عظیم شاہراہ اختتام کو پہنچتی ہے، تو دوسری طرف شمالی ہند میں اردو شاعری کے ایک نئے باب کا آغاز ہوتا ہے۔

قیام دہلی کے زمانے میں ولی کی ملاقات اپنے زمانے کے مشہور عالم اور شاعر شیخ سعد اللہ گلشن (م ۱۱۴۱ھ/۱۷۲۸ء) سے ہوئی۔ شاہ گلشن نے ولی کی توجہ فارسی کے موضوعات شعر اور اسالیب کی طرف مبذول کروائی اور انہیں اپنے کلام کو عجمی شاعری کی روایات کے سرچشمے سے سیراب کرنے کا مشورہ دیا۔ چنانچہ سفر دہلی اور شاہ گلشن سے ملاقات کا نقش ولی کے تخلیقی شعور پر دھیرے دھیرے گہرا ہوتا گیا اور بقول مصحفی جب ۱۱۳۲ھ/۱۷۱۹ء میں ان کا دیوان دہلی پہنچا تو شمالی ہند کی فضائیں ولی کے نغموں سے

گونجنے لگیں اور ان کے شعر بچے بچے کی زبان پر جاری ہو گئے۔ محمد حسین آزاد نے لکھا ہے کہ

"جب دیوان ولی دلی پہنچا تو اشتیاق نے ادب کے ہاتھوں پر لیا، قدردانی نے غور کی آنکھوں سے دیکھا لذت نے زبان سے پڑھا، گیت موقوف ہو گئے۔ قوال معرفت کی محفلوں میں اس کی غزلیں گانے بجانے لگے۔ ارباب نشاط احباب کو سنانے لگے۔ جو طبیعت موزوں رکھتے تھے، انہیں دیوان بنانے کا شوق ہوا۔" [1]

ولی نے جب اپنا دیوان مرتب کر لیا تو ملک بھر میں اس کے چرچے ہونے لگے۔ کلام ولی کی شہرت اور مقبولیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ عہد قدیم ہی میں دیوان ولی کی وسیع پیمانے پر پذیرائی ہوئی تھی چنانچہ دیوان ولی کے قلمی نسخے نہ صرف ہندو پاک کے کتب خانوں کی زینت ہیں بلکہ یورپ اور امریکہ کی لائبریریوں میں بھی محفوظ ہیں۔ اکرام چغتائی نے اپنے ایک مضمون "دیوان ولی کے قلمی نسخے" [2] میں ولی کے دیوان کے ۱۱۸ نسخوں کا تذکرہ کیا ہے۔ ان مخطوطات کے علاوہ مشفق خواجہ نے اپنی کتاب "جائزہ مخطوطات اردو" [3] میں دیوان ولی کے مزید ۱۹ نسخوں کی نشاندہی کی ہے۔

ولی نے ریختہ کے روپ میں جنوب اور شمال کی شعری روایات کو ایک ادبی وحدت میں منسلک کر کے ایسا تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا کہ تمام ہندوستان کے چھوٹے بڑے سبھی شاعروں نے اس کو اپنا استادِ سخن اور ادبی رہنما تسلیم کر لیا۔ یہی وجہ ہے کہ گجرات کے اشرف، اورنگ آباد کے سراج، داؤد اور فدوی، سندھ کے میر محمود صابر، مدراس کے قربی اور شاہ تراب اور دہلی کے شاہ حاتم، آبرو اور مبتلا سے میر تقی میر تک سبھی شاعروں نے اپنے کلام میں ولی کا تذکرہ ایک ادبی رہنما کی حیثیت سے کیا ہے۔ چند اشعار ملاحظہ کیجئے۔ اشرف گجراتی کہتا ہے۔

---

[1] آب حیات ص ۸۴ [2] سہ ماہی "اردو" کراچی جولائی، اکتوبر ۱۹۶۶ء [3] لاہور ص ۱۸

شعر کہنے میں ہے اشرف کوں ولی کا مرتبہ
اس سبب سب شاعراں صدق سوں اس کے مرید

سراج اورنگ آبادی کہتے ہیں۔

تجھ مثال اے سراج بعد ولی کوئی صاحب سخن نہیں دیکھا

داود کا شعر ہے۔

کہتے ہیں سب اہلِ سخن اس شعر کوں سن کر
تجھ طبع میں داود ولی کا اثر آیا

فدوی دکنی کا بیان ہے۔

سخت مشکل ہے اے عزیزاں ہو شعر کہنا ولی کے مضموں کا

سندھ کے میر محمود صابر لکھتے ہیں ؎

سن ریختہ ولی کا دل خوش ہوا ہے صابر حقائے فکر روشن ہے انوری کے مانند

شاہ آب مدراسی کہتے ہیں۔

پروانہ جل تراب ہوا سو عجب ہے کیا روشن چراغ دل سوں ولی کا سخن ہوا

حاتم دہلوی کا شعر ہے۔

حاتم یہ فن شعر میں کچھ تو بھی کم نہیں لیکن ولی ولی ہے جہاں سخن کے بیچ

آبرو کہتے ہیں۔

آبرو شعر ہے ترا اعجاز پر ولی کا سخن کرامت ہے

مبتلا نے ولی اور حسن شوقی کو اس طرح یاد کیا ہے ؎

ریختہ کہنے کے فن میں مبتلا کچھ ولی ہور شوقیا قیاسوں کم نہیں

میر تقی میر کا مشہور شعر ہے ؎

خوگر نہیں کچھ یوں ہی ہم ریختہ گوئی کے معشوق جو تھا اپنا باشندہ دکن کا تھا

شمالی ہند کے شاعروں اور ادیبوں نے براہ راست ولی کا اثر قبول کیا۔

اہلِ شمال ولی کے لسانی اجتہاد سے بہت زیادہ متاثر ہوئے۔ ولی زبان کا رمز شناس اور اصلاح زبان کا بہت بڑا محرک تھا۔ اس نے اپنے افکار کے ابلاغ و ترسیل کے سلسلہ میں گجرات و دکن کی طویل ادبی روایت کو فارسی موضوعات، اسالیب اور طرز احساس سے ہم آمیز کرکے زبان و بیان کا ایک نیا اور اعلیٰ معیار قائم کیا۔ جو سب کے لیے قابل قبول تھا۔ ولی نے فارسی شاعری کے موضوعات و مضامین تشبیہات و استعارات، روزمرہ و محاورے، تراکیب وضرب الامثال سے دل کھول کر استفادہ کیا۔ فارسی کے بیسیوں اشعار کا بڑی خوبصورتی اور فنی مہارت سے اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ فارسی اور عربی الفاظ اور تراکیب کو اردو میں داخل کرکے ولی نے اردو لفظیات کے خزانے کو وسعت بخشی، چند تراکیب ملاحظہ ہوں۔

"شعلۂ آواز"۔ "شعاعِ آفتابی"۔ "پنجۂ خورشید"۔ "حسن حیرت بخش"۔ "چشم گوہر بار"۔ "حسنِ شور انگیز"۔ "رشکِ ماہِ کنعانی"۔ "خوبیٔ اعجازِ حسن یار"۔ "سلطنتِ ملکِ قناعت"۔ "گل داغ الم"۔ "گوہرکانِ حیا"۔ "یوسف کنعان دل"۔ "مطرب نغمہ ساز"۔ "موجِ بے تابیٔ دل"۔ "مطربِ نغمہ سازہ"۔

بعض مقامات پر ولی نے فارسی یا عربی الفاظ کے ساتھ ہندی یا ہندوی لفظوں کے امتزاج سے بھی، بڑی دلکش ترکیبیں تراشی ہیں۔ جس سے اس کی وسیع النظری اور ایک مخصوص لسانی میلان کا پتا چلتا ہے۔ اس قبیل کی چند ترکیبیں ملاحظہ کیجیے۔

"نخچیرِ مژگاں کی باڑ"۔ "غمزہ آہو پچھاڑ"۔ "آبِ نین"۔ "شیریں بچن"۔ "ساغرِ نین"۔ "چشمِ سخن"۔ "لٹ پٹی دستار"۔ وعدۂ کل وغیرہ۔

اسی طرح فارسی کے چند محاوروں کا اردو روپ بھی ملاحظہ کیجیے۔

خوش آمدن = خوش آنا ع نہ جاوں صحنِ گلشن میں کہ خوش آتا نہیں مجھ کو

روا داشتن = روا رکھنا ع رکھتا ہے کیوں جفا کو مجھ پر روا اے ظالم

آب کردن = آب کرنا ع اے ولی دل کوں آب کرتی ہے۔

نماز کردن = نماز کرنا ع کرتی ہیں تیری پلکاں مل کر نماز گویا

تماشا کردن = تماشا کرنا ع مجھ مکھ کا نور جب سوں تماشا کیا ولی

چشم داشتن = امید رکھنا ع چشم رکھتا ہوں اسے سجن کر پڑھوں

باز یافتن = بار پانا ع ادب کے اہتمام آگے نہ پاوے بار وہاں ہرگز

گوش کردن = سننا ع یک بار میری بات اگر گوش کرے توں

جا کردن = مقام کرنا ع گوہر اس کی نظر میں جا نہ کرے

شیوہ گرفتن = طریقہ اختیار کرنا ع لیا ہے اس سبب دل نے مرے شیوہ گدائی کا

ولی سے پہلے فارسی الفاظ، تراکیب، روزمرہ، ضرب الامثال اور محاوروں کا ذخیرہ اس قدر بڑے پیمانے پر اردو میں منتقل نہیں ہوا تھا۔ ولی کے اس لسانی اجتہاد کی وجہ سے فارسی کے سینکڑوں الفاظ اور ترکیبیں اردو کے ادبی سرمایے کا حصہ بن گئیں اور اردو زبان فارسی شاعری سے آنکھ ملانے کے قابل ہو گئی۔ ولی کا یہ بیان محض شاعرانہ تعلی نہیں معلوم ہوتا ہے

یسار دل سوں اپس کے تو یادِ خاقانی

ولی کوں دیکھ کہ اب رشکِ انوری ہے یہ

عرفی و انوری و خاقانی مجھ کو دیتے ہیں سب حسابِ سخن

دیوان ولی کے دہلی پہنچنے کے بعد ہی شمالی ہند میں باقاعدہ اردو میں شعر گوئی کی ابتدا ہوتی ہے۔ اہلِ شمال کو ولی کے ریختہ میں وہ تمام خوبیاں نظر آئیں جو ایک طویل عرصے تک فارسی شاعری کا طرۂ امتیاز سمجھی جاتی تھیں۔ دہلی کے سخنوروں کو پہلی بار یہ احساس ہوا کہ اردو میں بھی فارسی کے دواوین کی طرح دیوان مرتب کیے جا سکتے ہیں۔ دیوان ولی میں وہ تمام لوازماتِ شعر موجود ہیں جو فارسی شعرا کے ہاں پائے جاتے ہیں۔ جب انہوں نے ریختہ میں اعلیٰ درجہ کی شاعری کا مطالعہ کیا تو سب کے دل میں دیوان بنانے کی خواہش پیدا ہوئی۔ چنانچہ محمد شاہی دور میں اردو کے متعدد صاحبِ دیوان شاعروں کا پتا چلتا ہے۔ شمالی ہند میں

اردو شاعری کے دورِ اوّل کے کم و بیش تمام شعرا نے ولی کی غزلوں کو پیشِ نظر رکھ کر اس کے اتباع اور تقلید میں شعر کہنے کی کوشش کی ہے۔ محمد شاکر ناجی نے لکھا ہے ؎

سخن ور ہے وہی جو صاحبِ دیوان ہو ناجی
نہیں یک فردیوں کی تاب یہ ممکن کہ شاعر ہو

اس شعر سے پتا چلتا ہے کہ ولی کے زیرِ اثر دہلی میں دیگر اصناف کے مقابلے میں غزل کو فوقیت حاصل ہو گئی ہے اور اسی شاعر کو بڑا سمجھا جانے لگا ہے، جس نے غزلوں کا دیوان ترتیب دیا ہو۔ شمالی ہند میں اردو شاعری کے دورِ اوّل کے تمام صاحبِ دیوان شاعروں کے کلام کے مطالعہ سے پتا چلتا ہے کہ یہ شعرا ولی کے دیوان کو نمونے طور پر سامنے رکھ کر اسی انداز اور اسی رنگ میں غزلیں کہہ رہے ہیں کم و بیش تمام شاعروں کے کلام میں ولی کی زمینوں میں غزلیں موجود ہیں یا قافیہ کی تبدیلی کے ساتھ ولی کی ردیفوں سے نئی زمینیں بنائی گئی ہیں۔ غرض شمالی ہند کے سخنوروں نے کلام ولی کے مختلف رنگوں میں سے کسی ایک رنگ کو لے کر اسی کو اپنا انفرادی رنگ بنا لیا ہے۔ اگرچہ ایہام گوئی ولی کی شاعری کی بنیادی خصوصیت نہیں ہے لیکن دہلی کے متعدد شاعروں نے صنعتِ ایہام کو ولی کے کلام کا نمایاں وصف سمجھا اور شہرت کے حصول کے لیے ایہام گوئی کو ضروری قرار دیا۔ بحیثیت مجموعی ایہام گو شعرا جیسے آبرو، ناجی، مضمون، حاتم، یکرو اور غیر ایہام گو شعرا جیسے فائز، مبتلا وغیرہ سبھی کے رنگ و آہنگ، طرزِ ادا اور فکر و احساس پر ولی کا اثر نمایاں ہے۔ بقول ڈاکٹر جمیل جالبی

"ولی ایک ایسا شاعر ہے، جس نے امکانات کا وسیع راستہ آنے والے شعرا کے سامنے کھول دیا اور جس پر چل کر اردو غزل وہاں پہنچ گئی جہاں وہ آج نظر آتی ہے۔ ولی کے بعد آنے والے شعرا نے غزل کو بنیادی صنفِ سخن کی حیثیت سے قبول کر لیا اور ولی کی غزل کے رجحانات اردو غزل کے بنیادی رجحانات بن گئے۔ یہ بات یاد رہے کہ آگے چل کر جتنے رجحانات نمایاں ہوئے وہ خواہ عشقیہ شاعری کا رجحان ہو یا ایہام پسندی کا، لکھنؤ

شاعری کی خارجیت ہو یا مسائل تصوف کی شاعری ہو یا ایسی شاعری ہو جس میں داخلیت اور رنگا رنگ تجربات کا بیان ہو یا اصلاح زبان کی تحریک ہو سب کا مبداء ولی ہے ۔ ولی کا اچھا انتا اثر رہا ہے کہ اردو غزل نے جو رُخ بھی بدلا اس میں ولی ہی کو رہبر پایا " [۱]

ذیل میں آبرو ۔ فائز ۔ حاتم ۔ ناجی ۔ مبتلا ۔ یکرو اور میر کے چند ایسے اشعار درج کئے جاتے ہیں جو ولی کی غزلوں کی زمین میں کہے گئے ہیں یا پھر جن کے موضوعات حیرت انگیز طور پر ولی کے مضامین سے ٹکراتے ہیں ۔

ولی	:	پھر میری خبر لینے وہ صیاد نہ آیا	شاید کہ مرا حال اسے یاد نہ آیا
فائز	:	مجھ پاس کبھی وو قد شمشاد نہ آیا	اس گھر ملنے وو دلبر استاد نہ آیا
ولی	:	دل کوں گر مرتبہ ہے درپن کا	مفت ہے دیکھنا سری جن کا
فائز	:	دل گرفتار میرا موہن کا	ہے غنیمت درس سری جن کا
ولی	:	طالب نہیں ہوں مہر و مشتری کا	دیوانہ ہوا ہوں تجھ پری کا
ناجی	:	دیوانہ ہوں میں ایک پری کا	قصہ نہیں مہر و مشتری کا
یکرو	:	تجھ کوں ہے خطاب سروری کا	دوجا نہیں تیری ہمسری کا
فائز	:	تجھ سا نہیں زلف و خط پری کا	یہ تار ہے سحر سامری کا
ولی	:	روح بخشی ہے کام تجھ لب کا	دم عیسیٰ ہے نام تجھ لب کا
آبرو	:	مست دل ہے مدام تجھ لب کا	جام صہبا ہے نام تجھ لب کا
ولی	:	شغل بہتر ہے عشق بازی کا	کیا حقیقی و کیا مجازی کا [۲]
آبرو	:	جو کہ محرم ہو عشق بازی کا	دل سیں عاشق ہے جاں گدازی کا
یکرو	:	عشق ہے عشق پاک بازی کا	گو کہ ہو عالم مجازی کا

۱؎ تاریخ ادب اردو (جلد اول) ص ۵۵

۲؎ شاہ ابوالحسن قربی ویلوری نے اسی خیال کو اس طرح پیش کیا ہے ؎

کیا حقیقی و کیا مجازی ہوے   عشق کا کاروبار بہتر ہے

ولی : جلوہ گر جب سوں وو جمال ہوا نور خورشید پائمال ہوا

فائز : چودھواں اس چندر کا سال ہوا حسن میں بدر با کمال ہوا

حاتم : جس کے دل بیچ ترا خیال ہوا اس کوں جینا سجن محال ہوا

ولی : تجھ لب کی صفت لعل درخشاں سوں کہوں گا
جادو ہیں ترے نین غزالاں سوں کہوں گا

آبرو : بے تابیٔ دل آج میں دلبر سیں کہوں گا
ذرّے کی طپش ہر منوّر سیں کہوں گا

یکرو : تجھ قد کی ادا سرو گلستاں سوں کہوں گا
جادوے نین نرگس بستاں سوں کہوں گا

ولی : وہ ناز ہور ادا میں اعجاز ہے سراپا
خوبی میں گل رخاں سوں ممتاز ہے سراپا

فائز : خوباں کے بیچ جاناں ممتاز ہے سراپا
انداز دلبری میں اعجاز ہے سراپا

ولی : وہ صنم جب سوں بسا دیدۂ حیران میں آ
آتش عشق پڑی عقل کے سامان میں آ

یکرو : گل کوں شرمندہ کرا ے شوخ گلستاں میں آ
لب سیں غنچے کا جگر خوں کرو مکاں میں آ

ولی : اے گل عذار غنچہ دہن ٹک چمن میں آ
گل سر پہ رکھ کے شمع نمن انجمن میں آ

فائز : اے خوب رو فرشتہ سیر انجمن میں آ
سرو روانِ حسن ہمارے چمن میں آ

ولی : خوب رو خوب کام کرتے ہیں یک نگہ میں غلام کرتے ہیں

فائز : جب سجیلے خرام کرتے ہیں ہر طرف قتل عام کرتے ہیں
آبرو : نازنیں جب خرام کرتے ہیں تب قیامت کا کام کرتے ہیں
یکرو : خوش قداں جب خرام کرتے ہیں فتنہ برپا تمام کرتے ہیں
ولی : تجھ غمزۂ خوں ریز سوں لڑ کوں سکے گا
تجھ ناز ستمگر سوں جھگڑ کون سکے گا
یکرو : تجھ شوخ ستمگر سیں اڑ کون سکے گا
جب اٹھ چلو دامن کوں پکڑ کون سکے گا
ولی : لیا ہے جب سوں موہن نے طریقہ خود نمائی کا
چڑھا ہے آرسی پر تب سوں رنگ حیرت فزائی کا
یکرو : ہوا ہوں شاہ میں ملک جنوں کی بادشائی کا
رسائی نیں وہاں رائج ہے سکہ نارسائی کا
ولی : سجن تجھ انتظاری میں رہیں نس دن کھلی انکھیاں
مثال شمع تیرے غم میں رو رو بہہ چلی انکھیاں
یکرو : گداز آتش غم سیں ہوی ہیں بادلی انکھیاں
انجھو کے بھانت پانی ہو کے ماٹی میں رلی انکھیاں
آبرو : نجر اوٹھ خواب سیں گلشن میں جب تم نے ملی انکھیاں
گئیں مند شرم سوں نرگس کی پیارے جوں کلی انکھیاں
ولی : میں عاشقی میں تب سوں افسانہ ہو رہا ہوں
تیری نگہ کا جب سوں دیوانہ ہو رہا ہوں
فائز : ہر آشنا سے اس بن بیگانہ ہو رہا ہوں
مجلس میں شمع رو کی پروانہ ہو رہا ہوں

ولی : یک بار مری بات اگر گوش کرے توں
ملنے کو رقیباں کے فراموش کرے توں

فائز : اے یار نصیحت کو اگر گوش کرے تو
یہ طور و طریق اپنے فراموش کرے تو

ولی : عارفاں پر ہمیشہ روشن ہے — کہ فن عاشقی عجب فن ہے
فائز : یار میرا میان گلشن ہے — غرق خوں پھول تا بہ دامن ہے
ناجی : ناگ زلف سیہ کا پرفن ہے — کہ مجھے ڈستے کا تیرا من ہے
ولی : جسے عشق کا تیر کاری لگے — اسے زندگی جگ میں بھاری لگے
فائز : تری گالی مجھ دل کوں پیاری لگے — دعا مری تجھ من میں بھاری لگے
ولی : تجھ بنا مجھ کوں بے قراری ہے — میری انکھیاں سوں اشک جاری ہے
فائز : دھوپ سایو کپول تاری ہے — کرن سورج کی دو کناری ہے
ناجی : گل کوں تجھ رخ سیں شرمساری ہے — مونہہ تیرا غنچۂ بہاری ہے
ولی : دل کوں تجھ باج بے قراری ہے — چشم کا کام اشک باری ہے
فائز : تجھ بنا دل کو بے قراری ہے — دم بدم مجھ کو آہ و زاری ہے
حاتم : الفت کی مجھ کو پیارے تیری نگاہ بس ہے
گر پے بہ پے نہ ہووے تو گاہ گاہ بس ہے
آبرو : نالا ہمارے دل کے غم کے گواہ بس ہے
اپنے تئیں شہادت انگشتِ آہ بس ہے
ناجی : سو خرمنِ خطا و ایک برق آہ بس ہے
نامہ مرے عمل کا روئے سیاہ بس ہے
ولی : نہ بوجھ خود بخود موہن میں اڑ ہے
رقیب روسیہ فتنہ کی جڑ ہے

یکرو : ترے سج پیچ ظالم کیا اکڑ ہے — مرے دل کوں بھی تمنا کی پکڑ ہے

ولی : قد میں تیرے وو خوش خرامی ہے — جس سوں تجھ ناز کی تمامی ہے

فائز : مجھ کو تجھ نال اب غلامی ہے — اس غلامی سے نیک نامی ہے

ولی : کسی کی گر خطا اوپر ترے ابرو پہ چیں آوے
نہ سمجھا کر سکے تجھ کوں اگر فغفور چیں آوے

یکرو : مرے طالع سیں مجھ گھر ہر کر گر مہ جبیں آوے
شبِ ہجراں میں مجھ کوں صبح صادق کا یقیں آوے

ولی : حسن تیرا سورج پہ فاضل ہے — مکھ ترا رشکِ ماہِ کامل ہے

فائز : آج میری طرف وہ مائل ہے — دل سیتی دردِ ہجر زائل ہے

ولی : گرچہ طنّاز یار جانی ہے — مایۂ عیش جاودانی ہے

یکرو : عشق کی رمز ہم نے جانی ہے — دل منیں یاد یار جانی ہے

تاجی : مہ رخاں کی جو مہربانی ہے — یہ مدد مجھ پہ آسمانی ہے

ولی : سرودِ عشق گاویں ہم اگر وہ عشوہ ساز آوے
بجاویں طبلِ شادی کے اگر وہ دلنواز آوے

یکرو : مبارک عید ہو ہم کوں اگر وہ جلوہ ساز آوے
کروں میں جان کو قرباں اگر وہ دلنواز آوے

ولی : مکھ ترا آفتابِ محشر ہے — شور اس کا جہاں میں گھر گھر ہے

فائز : شور تیرا سبھی کے در در ہے — ذکر تیرا بہ شہر گھر گھر ہے

ولی : صحبت غیر موں جایا نہ کرو — درد منداں کوں کڑھایا نہ کرو

یکرو : نین سیں نین چرایا نہ کرو — کم نگاہی سیں ستایا نہ کرو

فائز : مست منداں کو ستایا نہ کرو — بات کو ہم سے درایا نہ کرو

ولی : ہوا ہے رشک چنپے کی کلی کوں — نظر کر تجھ قباے صندلی کوں

یکرو : کر اے جاں دور دل سیں کاہلی کوں   رواں ہو دیکھ چنچل کی گلی کوں

ولی : ناز مت کر تجھے ادا کی قسم   بے تکلف ہو مل خدا کی قسم

فائز : بت پرستی نہ کر خدا کی قسم   توڑ زنار مصطفےٰ[٤١] کی قسم

ولی : ہشیار زمانے کے ترے مکھ پہ نظر کر
تجھ نیہہ کے کوچے میں گئے ہوش بسر کر

فائز : اے کان ملاحت ٹک ادھر آ کے گذر کر
دل خستہ بیمار پر اب ایک نظر کر

ناجی : مت باغ میں اس چہرۂ گلگوں سیں گذر کر
اے شوخ ٹک ایک شوق سیں بلبل کے حذر کر

ولی : آیا تو کمر باندھ کے جب جور و جفا پر
میں جی کوں تصدق کیا تجھ بانکی ادا پر

فائز : ابرو نے تری کھینچی کماں جور و جفا پر
قرباں کروں سو جیو تیرے تیر ادا پر

ولی : گر چمن میں چلے وہ رشکِ بہار   گل کریں نقدِ آب و رنگ نثار

فائز : گل ترے مکھ کی فکر سیں بیمار   جیو بلبل کا تجھ قدم پہ نثار

ولی : عشق بے تاب جاں گدازی ہے   حسن مشتاق دل نوازی ہے

فائز : اے سجن وقت جاں گدازی ہے   موسم عیش و فصلِ بازی ہے

ولی : ترے لب پر جو خط عنبریں ہے   خط یاقوت سوں نقش نگیں ہے

فائز : مرے دل بیچ نقش نازنیں ہے   مگر یہ دل نہیں یارو نگیں ہے

ولی : مکھ ترا آفتاب محشر ہے   سوز اس کا جہاں میں گھر گھر ہے

حاتم : یار کا مجھ کو اس سبب ڈر ہے   شوخ ظالم ہے اور ستمگر ہے

ولی : ہے بجا عشاق کی خاطر اگر ناشاد ہے   غمزۂ خوں خوار ظالم بر سر بیداد ہے

حاتم : کاملوں میں یہ سخن مدّت سے مجھ کو یاد ہے
جگ میں بے محبوب جینا زندگی برباد ہے

ولی : مت تصوّر کرو مجھ دل کوں کہ ہر جائی ہے
چمن حسن پری رو کا تماشائی ہے

حاتم : خوبرویاں میں تجھے رتبۂ امرائی ہے
فوج عاشق ترے حُسن کی مجرائی ہے

ولی : ترا مکھ ہے چراغ دلربائی عیاں ہے اس میں نورِ آشنائی

حاتم : نہ کر خوباں سے اے دلِ آشنائی کہ ان کا کام ہے گا بے وفائی

ولی : نشہ بخش عاشقاں وہ ساقی گلفام ہے
جسکی انکھیاں کا تصوّر بے خودی کا جام ہے

حاتم : اوس پری رو کا مجھے ہردم تصوّر کام ہے
جس تصوّر سیں دلِ بے صبر کوں آرام ہے

(احمد آباد کے سہ روزہ ولی دکنی سیمینار (۱۹۹۱ء) میں پڑھا گیا)
مطبوعہ قومی زبان حیدرآباد فروری ۹۳ء

قطب شاہی عہد میں اُردو غزل کا نشو و نما

غزل اُردو شاعری کا سب سے اہم ادبی اور تہذیبی سرمایہ ہے اس لیے غزل کا مطالعہ دراصل ایک مخصوص تہذیب، ایک مخصوص معاشرتی نظام اور مخصوص تاریخی اور سماجی حالات کا مطالعہ ہے۔ بقول رشید احمد صدیقی۔

"ہماری تہذیب غزل میں اور غزل ہماری تہذیب میں ڈھلی ہے دونوں کو سمت و رفتار، رنگ و آہنگ، وزن و وقار ایک دوسرے سے ملا ہے یہی سبب ہے کہ ہماری تہذیب کی روح غزل میں اور غزل کی روح ہماری تہذیب میں بے نقاب نظر آتی ہے"

ہر زمانے میں لوگ غزل سے دلچسپی لیتے رہے ہیں اور ہر دور میں اس کے سر پر شہرت و مقبولیت کا تاج رکھا گیا۔ اُردو میں شعر و ادب کی ابتدائی نشو و نما کا سہرا دکن کے سر ہے۔ دبستانِ دکن کے قدیم ادبی ورثہ میں اگرچہ کہ مثنوی کی صنف نہایت مقبول رہی ہے لیکن فارسی شاعری کے اتباع میں قدیم دکنی شعرا نے ابتدا ہی سے غزل پر بھی توجہ کی ہے اُردو میں غزل کے

جدید غزل ص ۱۱

اولین نقوش کب اُبھرنے شروع ہوئے اس کا قطعی طور پر تعین مشکل ہے۔ بہمنی عہد کا وہ دور جس میں اُردو میں تصنیف و تالیف کی روایت پڑنی شروع ہوئی، اُردو ادب کی تاریخ کا تاریک دور ہے اس عہد کی عام تاریخ کے بارے میں کافی مواد فارسی تاریخوں میں مل جاتا ہے لیکن قدیم تاریخیں بالعموم زبان اور شعر و ادب کی نشو و نما کے تذکرے سے عاری ہوتی ہیں۔ پھر جہاں تک اس دور کی اُردو شاعری کا تعلق ہے وہ ایک ایسی زبان کی شاعری ہے جو پہلی مرتبہ بولی کے مرحلے سے آگے بڑھ کر زبان کی منزل میں داخل ہو رہی تھی۔ اس لیے فطری طور پر اس عہد کے مورخین یا مصنفین نے اس کی طرف کوئی توجہ نہیں کی اُردو کی اولین تحریریں دنیا کی اکثر زبانوں کے اولین تحریری نمونوں کی طرح صوفیوں اور مذہبی رہنماؤں کی تحریریں ہیں۔ لیکن حضرت بندہ نواز اور چند صوفیوں کے فوری بعد ہم کو اُردو میں ادبی کوششوں کے ابتدائی نمونے ملنے شروع ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ نظامی کی مثنوی "کدم راو پدم راو" اس سلسلہ کی ایک اہم مثال ہے پھر نظامی کے معاصرین میں مشتاق، لطفی اور قریشی کے نام ملتے ہیں جن کی غزلیں قدیم اُردو غزل کے ابتدائی نمونوں میں شمار کی جاتی ہیں۔

دبستانِ گولکنڈہ کے اوّلین غزل گو شاعروں میں فیروز، محمود اور ملا خیالی کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ موخر الذکر شاعر کی صرف ایک غزل دستیاب ہوئی ہے اس لیے اس کی غزل گوئی کے بارے میں قطعی طور پر کوئی رائے قائم کرنا دشوار ہے البتہ فیروز اور محمود کی نو دریافت شدہ غزلوں سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ قدیم اُردو کے یہ دونوں شعرا اپنے عہد کے اساتذۂ سخن اور با کمال غزل گو بھی تھے۔ محمد قلی قطب شاہ اپنے کلام میں شاید فیروز اور محمود کی سی رواقی، برجستگی اور جدت طرازی دیکھ کر کہہ اُٹھتا ہے کہ اگر فیروز اور محمود میرے کلام کو دیکھتے تو کوئی تعجب نہیں کہ وہ بے ہوش ہو جاتے۔ ؎

اگر محمود ہور فیروز یے ہوش ہوئیں عجب کیا ہے
ہوے مج وصف ناکر سک ظہیر ہور انوری بے ہوش

قطب الدین قادری فیروز ابراہیم قطب شاہ کے عہد کا ایک نامور شاعر ہے۔ وہ بیدر

کا متوطن تھا اور بہمنی سلطنت کے آخری زمانے میں اپنے مرشد حضرت مخدوم جی شیخ محمد ابراہیم (متوفی ۱۵۶۴ء) کی ایما پر گولکنڈہ آیا تھا[1] اس کی ایک مختصر مثنوی "پرت نامہ" کے علاوہ دو تین غزلیں اور بعض غزلوں کے چیدہ چیدہ اشعار دستیاب ہوئے ہیں۔ محمد قلی کے علاوہ وجہی اور ابن نشاطی نے فیروز کو استادِ سخن کی حیثیت سے یاد کیا ہے اور اس سے اپنے کلام کی داد چاہی ہے۔ مثلاً وجہی کہتا ہے۔

کہ فیروز آخواب میں رات کوں　　دعا دے کے چومے مرے ہات کوں
کہیا ہے توں یو شعر ایسا سُرس　　کہ پڑتے کوں عالم کرے سب ہوس
توں ایسی طرز دل تے پنچیا نوی　　کہ دسرے کریں سب تری پیروی

فیروز کی غزلوں کے مطالعہ سے اس کی ادبی حیثیت کا اندازہ بہ آسانی ممکن ہے جیسا کہ ڈاکٹر نذیر احمد اور پروفیسر مسعود حسین خاں کا خیال ہے کہ "پرت نامہ" کوئی ایسا بڑا ادبی نقش نہیں تھا جو فیروز کی استادی اور اس کے کمالِ فن کے شایانِ شان ہو[2]

فیروز کی غزل کی سب سے نمایاں خصوصیت اظہار بیان کی سادگی ہے۔ اس کا تصورِ محبوب مادی اور مجازی ہے۔ وہ غزل کو عورتوں سے باتیں کرنے کا ذریعۂ اظہار سمجھتا ہے۔ اگرچہ کہ اس کے کلام میں "ہندوی" اور "فارسی" اثرات کی دھوپ چھاؤں نظر آتی ہے۔ لیکن بحیثیت مجموعی "ہندوی" عنصر غالب نظر آتا ہے۔ زبان اور طرزِ ادا سے قطع نظر اس کے متخیلہ پہ بھی مقامی عناصر کی گہری چھاپ نظر آتی ہے۔

چند شعر ملاحظہ ہوں۔

سرو قدرت سہاوے جو نو بہار بن میں　　نازک نہال پنچیا اس جیو کے چمن میں
گوریاں سہیلیاں سب جگ کیاں بساریاں　　جب سانولی سکھی سوں مائل ہوا دکھن میں

۱۔ سید محی الدین قادری زور "دکنی ادب کی تاریخ" ص ۱۸

۲۔ مسعود حسین خان ڈاکٹر "پرت نامہ" قدیم اردو جلد اول ص ۳۳۸

ہر حال اس صنم کا آکھیں خیال من میں		فیروزِ جے محمد کا دیکھیں جمال صوری

فیروز کی طرح سید محمود بھی ابراہیم قلی کے عہد کا ایک بلند پایہ شاعر ہے۔ زمانہ مابعد کے شاعروں میں محمد قلی، وجہی اور ابنِ نشاطی نے اس کو قدیم اُردو کے ایک عظیم المرتبت شاعر کی حیثیت سے یاد کیا ہے محمود ایک پُرگو اور قادر الکلام شاعر تھا۔ اس نے اردو کے علاوہ پنجابی اور افغانی میں بھی شعر موزوں کیے ہیں لیکن صرف اُردو شاعری کی وجہ سے اس کو مقبولیت حاصل ہوئی۔ محمود نے غزل کے علاوہ چھوٹا مرثیہ، کبت، قصہ اور دوہرے بھی لکھے ہیں لیکن اس کے کلام کا بیشتر حصہ غزلوں پر مشتمل ہے[1]۔ اس کے کلام کی ایک قلمی بیاض انجمن ترقی اردو کراچی کے کُتب خانے میں محفوظ ہے۔

محمود طبعاً ایک غزل گو شاعر ہے۔ اس کی غزل کا نمایاں وصف، روانی و برجستگی، سادگی و موسیقیت ہے۔ اس کے کلام میں سادگی و پُرکاری کے ساتھ ساتھ حقیقت پسندی، تاثر اور سوز و گداز کا حسین امتزاج بھی نظر آتا ہے اس کی غزل "گفتگو بہ زبان" کے موضوعات تک محدود نہیں بلکہ مختلف مسائلِ حیات اور زندگی کے گوناگوں مشاہدات اور تجربات کی ترجمانی بھی کرتی ہے۔

جو قدم راکھے سبک ساری کی رہ میں جیوں حباب
نیں ہے لغزش پاوں کوں اس کے اگر چلنا پر آب
آج ہور کل میں اپس کی زندگی نا گھال توں
جو توں کرنا ہے سو کر لے حق کے کاماں کوں شتاب

گر کان ہیں تجھ کوں ارے اس باغ میں غنچے سگل
کرتے سو جیباں ستی تلقین خاموشی تجھے

---

[1] جمیل جالبی ڈاکٹر "تاریخ ادبِ اُردو" جلد اوّل ص ۲۸۱

ہے باٹ یو دو روز کا توشہ کمر کوں باند چل
مغرور ہو بیٹھا ہے کی اونچے طلا کاری پچھے

مملکتِ گولکنڈہ کا پانچواں فرماں روا سلطان محمد قلی قطب شاہ نہ صرف ایک عظیم الشان سلطنت کا رعایا پرور حکمراں، دکنی تہذیب و تمدن کا معمار، فنِ تعمیر اور رقص و موسیقی کا دل دادہ تھا بلکہ اردو فارسی اور تلگو کا ایک بلند پایہ اور خوش گو شاعر بھی تھا، اس کی قادرالکلامی اور موزونیِ طبع کا یہ عالم تھا کہ وہ ہر روز اسی طرح بے تکلفی سے شعر کہتا تھا جس طرح دریا میں روز موجیں اٹھتی ہیں لیکن نہ تو دریا کی روانی میں فرق آتا ہے اور نہ موجوں کا تلاطم کم ہوتا ہے وہ کہتا ہے ؎

صدقے نبی قطب شاہ یوں شعر بولے ہر دن
دریا کوں روز جوں ہے موج آب کا طلوع

محمد قلی نے کم و بیش تمام اصنافِ سخن میں طبع آزمائی کی ہے اس کے کلیات میں حمد، نعت، منقبت، عید میلادالنبیؐ، شبِ معراج، شبِ برات، عید رمضان، بقرعید، عیدِ غدیر، نوروز، بسنت، سالگرہ، جلوہ، کھیل، برسات، محلاتِ شاہی، بارہ پیاریاں وغیرہ موضوعات پر ۲۲۰ مسلسل غزلیں، ۲۷ ریختیاں، ۱۲ قصیدے، ۴۱ رباعیاں اور ایک ناتمام مختصر مثنوی شامل ہے رباعیوں اور مثنیوں کو چھوڑ کر اس کا تمام کلام غزل کے فارم میں ہے۔ محمد قلی اردو کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر ہے جس کا کلام مکمل دیوان کی شکل میں دستیاب ہو سکا ہے۔ اس نے صنفِ غزل پر سب سے پہلے باقاعدہ توجہ کی ہے یہاں تک غزلوں کی تعداد اور تنوع کا تعلق ہے محمد قلی دکنی اسکول کا سب سے بڑا شاعر قرار پاتا ہے۔ غزل کے لیے حسن داخلی کیفیت اور خارجی ماحول کی ضرورت ہوتی ہے وہ محمد قلی کو میسّر تھا شاید اسی لیے غزل اس کی محبوب صنفِ سخن بن گئی۔ یہاں تک کہ اس کی وہ تخلیقات بھی جنہیں ہم نظم سمجھتے ہیں دراصل مختلف موضوعات کے تحت کہی گئی مسلسل اور مربوط غزلیں ہیں۔

لیا جائے تو ہم دیکھتے ہیں کہ کم و بیش یہی خصوصیات دکنی کے دوسرے کلاسیکی شعرا کے ہاں بھی پائی جاتی ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ ہر شاعر کچھ نہ کچھ اپنی انفرادی خصوصیات کا حامل ہوتا ہے لیکن بحیثیت مجموعی بعض نمایاں خصوصیات تمام دکنی شعرا میں مشترک نظر آتی ہیں۔ سادگی روانی اور برجستگی دکنی شاعری کی وہ نمایاں خصوصیت ہے۔ جو ۱۷۰۰ء کے بعد شمالی ہند میں نشو و نما پانے والی شاعری میں تدریجی طور پر کم ہوتی گئی ہے۔ مرزا جانِ جاناں مظہر کی تحریک کے بعد شمالی ہند کے شعرا کا اظہارِ بیان بتدریج فارسی طرزِ نگارش سے متاثر ہونے لگتا ہے۔ سترہویں صدی عیسوی کے فارسی ادب پاروں میں صنعت کاری کا رجحان بہت زیادہ تھا، صنایع بدایع کا اہتمام، دوراز کار تشبیہات، استعارات اور تلمیحات کے ذریعے بات کو زیادہ پُر پیچ بنا دینے کا میلان فارسی شعر و ادب کے اہم عناصر تھے۔ اس کے برعکس محمد قلی یا قدیم اُردو کے دوسرے شعرا کا یہ رجحان قابلِ ستائش ہے کہ انھوں نے فارسی کی مروجہ روایت سے انحراف کرتے ہوئے، مرصع اور پُر پیچ کی جگہ سادہ اور رواں اظہار بیان اپنایا۔ محمد قلی کی شاعری میں شاید ہی کوئی مقام ایسا ملے گا جہاں اس نے صنایع بدایع کے التزام کی کوشش کی ہو۔

محمد قلی کی غزلوں میں سوز و گداز ہے اور نہ فکر کی گہرائی، درد و غم کی فراوانی ہے اور نہ تشنہ لبی۔ اس نے اپنی زندگی کی بہاریں عیش و نشاط اور راگ رنگ میں گذاریں، اس لیے اس کے کلام میں رنگینی و رعنائی ہے۔ تازگی و شگفتگی ہے۔ سیرابی و سرمستی ہے۔ غرض آسودگی کے تمام روپ اس کے کلام میں جلوہ گر ہیں۔ محمد قلی کا آرٹ کلاسیکی آرٹ کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ خوشحالی، اطمینان اور آسودگی کا آرٹ ہے چونکہ وہ ایک عظیم الشان سلطنت کا مطلق العنان بادشاہ تھا اس کے محلوں میں بیسیوں ملکوں کی منتخب حسینائیں موجود تھیں اس لیے اس کی تمناؤں اور آرزوں کے آسودہ نہ ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

محمد قلی کی غزل کی دوسری نمایاں خصوصیت۔ واقعہ نگاری یا حقیقت پسندی ہے۔ اس نے اپنے احساسات، مشاہدات اور تجربات زندگی کو سادگی اور حقیقت پسندی کے ساتھ پیش کیا ہے۔ محمد قلی یا دکن کے دوسرے شعرا کا تصورِ محبوب اُردو شاعری میں ایک منفرد حیثیت کا حامل ہے یہ محبوب تصوری و خیالی پیکر نہیں بلکہ اسی عالم رنگ و بو میں رہنے بسنے والا گوشت پوست کا

انسان ہے محمد قلی نے برملا انداز میں اپنے محبوب کو سکی، سہیلی، دھن، سودھن، یار، ناری، سندری، ننھی، سانولی، پیاری، چھبیلی، گوری، کنولی، موہن، مشتری، ہندی چھوری، پدمنی وغیرہ ناموں سے یاد کیا ہے وہ ایک کثیر المحبوب شاعر ہے اس نے اپنے کلیات میں اپنی ان گنت محبوباؤں کی تعریف و توصیف میں سینکڑوں غزلیں لکھی ہیں۔

محمد قلی ہندوستانیت کا بہت بڑا پرستار ہے۔ اس کی رگ وپے میں ہندوستان کی تہذیب سرایت کر گئی ہے۔ وہ ایک تلنگن عورت "بھاگیرتی" کے بطن سے تھا، اتحاد پسندی اور رواداری اسے ورثے میں ملی تھی اسے ہندوستانی مزاج سے وہی مناسبت تھی جو امیر خسرو یا اکبر اعظم کو حاصل تھی، اس نے اسلامی عیدوں کے ساتھ ساتھ بسنت، نوروز، آبد برسات، دیوالی وغیرہ تمام ہندوستانی تہواروں کو بھی ایک بین قومی تقریب کی حیثیت سے رائج کیا۔ اس کا کلام اس کے ماحول اور اس کی رنگارنگ شخصیت کا آئینہ دار ہے۔

چند شعر ملاحظہ ہوں۔

بسنت کھیلیں عشق کی آ پیارا
تمیں ہیں چاند میں ہوں جوں ستارا
بسنت کھیلیں ہمن ہور ساجنا یوں
کہ اسماں رنگ شفق پایا ہے سارا
نبی صدقے بسنت کھیلے قطب شہ
رنگیلا ہور ہیا ترلوک سارا

گرجا ہے میگھ سر تھے تازہ ہوا ہے بستاں
پھولاں کی باس پایا بلبل ہزار دستاں
اے خوش خبر صبا توں لے جا جواں قداں کن
چمناں کی آرزو میں بیٹھے ہیں مئے پرستاں

غرض محمد قلی کی غزلیں نہ صرف ہندوستانی تہواروں، عیدوں، موسموں، مناظر فطرت، کھیلوں وغیرہ کی مکمل ترجمانی کرتی ہیں بلکہ ہندوستانی عوام کے طور طریقے، رسومات، معتقدات اور توہمات کی بھی آئینہ داری کرتی ہیں۔ اگر قطب شاہی عہد کی تہذیب کے نقوش دیکھنے ہوں تو

اس عہد کے لوگوں کے جذبات اور تصورات کا مطالعہ کرنا ہو تو اس خصوص میں محمد قلی کا کلام ہماری مکمل رہنمائی کرے گا۔

محمد قلی کی غزلوں میں حسن و عشق کے ساتھ ساتھ مذہبی رنگ بھی شدت سے اُبھرتا ہے اس کی بیشتر غزلیں "نبی صدقے" سے شروع ہوتی ہیں اس میں شک نہیں کہ محمد قلی مذہب پر بھرپور عقیدہ رکھتا ہے اور وہ مذہبی ریت و رسوم پر بھی چلتا ہے لیکن مذہب کی حقیقی روح سے اس کی شخصیت اور شاعری دونوں عاری ہیں۔ اسے مذہب کے صرف تہذیبی پہلوؤں سے دلچسپی ہے ستم ظریفی یہ ہے کہ وہ اپنی عیش کوشی کو بھی نبی اور علی کا صدقہ قرار دیتا ہے ؎

نبی صدقے بارہ اماماں کرم تھے
کرو عیش جم بارہ پیاریاں سوں پیارے

محمد قلی کے کلام کا بیشتر حصہ خارجی موضوعات پر مشتمل ہے لیکن ریختیوں میں اس کا میلان زیادہ تر داخلیت کی طرف نظر آتا ہے اس کی ریختیوں میں زنانی لب و لہجہ اور عورتوں کی زبان کی مکمل خصوصیات ملتی ہیں۔ اس نے غزلوں کے مقابلے میں ریختی کے اشعار زیادہ جی لگا کر لکھے ہیں، اس لیے ان میں نکھار اور تاثر کی فراوانی ہے موزوں الفاظ، دلکش تراکیب، حسین استعارات اور خوب صورت تشبیہات کے ذریعے اس نے اپنے شاعرانہ کمال اور فنی بصیرت کا مظاہرہ کیا ہے۔

جن پیو تھے نہ بچھڑے اسے سنسار میں نیں کوچ حظ
جس ٹھار میں وہ پیو نیں اس ٹھار میں نیں کوچ حظ

پیا بچھڑا ہے مجہ کوں دکھ گھنیرا
نہ جانوں کب ملے گا پیو میرا

کوپ سوں آئے ہیں رات مرے گھر
چند تن جھمکتا او مکھ سمن

محمد قلی نے اپنی محبوباؤں کی سراپا نگاری میں بے پناہ فنکارانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے سراپا کے بیان میں اس نے جو مسلسل غزلیں کہی ہیں ان کی ایک نمایاں خصوصیات یہ ہے کہ ان میں ہر محبوب کی بعض انفرادی خصوصیات سامنے آتی ہیں۔ اس کی بیسیوں محبوباؤں کے قد و خال اور طور طریقے ایک دوسرے سے اس قدر مختلف ہیں کہ ان غزلوں کی مدد سے ایک مصور ہر ایک کی علیحدہ علیحدہ تصویر بنا سکتا ہے مثلاً ننھی ایک کم سن اور نوخیز لڑکی ہے جو رسم عاشقی سے آشنا ہے اس نے مدن پھول کے رنگ کی ساڑھی باندھ رکھی ہے جب وہ چاندنی میں ناز سے چلتی ہے تو چاند لاج سے چھپ جاتا ہے اور ستارے اس کی آرتی اتارنے کے لیے دھرتی پر اتر آتے ہیں۔ اس کے چاند سے چہرے پر کجراری آنکھیں بہت زیب دیتی ہیں۔

محمد قلی طبعاً نغمہ و نشاط اور راگ رنگ کا شاعر ہے اس کی غزلوں میں آسودگی، سیرابی، سرمستی، رنگینی اور رعنائی کے تمام روپ نظر آتے ہیں لیکن اس کی شاعری محض عیش کوشی اور کامیاب عاشق کے نشاط وصل کی داستان ہی نہیں بلکہ اس میں ایک دردمند اور ہجر آشنا شاعر کے دل کی دھڑکنیں بھی سنائی دیتی ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ اس کے کلام میں فراقیہ اشعار کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے لیکن یہ اشعار محمد قلی کے فکر و فن کی گہرائی کا پتہ دیتے ہیں چند اشعار ملاحظہ کیجئے۔

تو نظر سامنے نہیں ہے یار — نین پانی میں تیرتا دل دار
خدایا پیو کی چھاں کوں دکھا ایک بار — دکھاں سارغم کر غم کروں توار زار
رات میرے نین رنج سوتے نہ دیویں — او ہمن گھر میں بنٹ ویرانہ کیا
تج بن پیارے نیند نکہ نیناں میں رنج آتی نہیں — رینی اندھاری ہے کٹھن تج بن کٹی جاتی نہیں

ملک الشعرا اسد اللہ وجہی، محمد قلی قطب شاہ کے عہد کا ایک عظیم المرتبت شاعر و ادیب ہے اس نے غالباً ابراہیم قطب شاہ کے آخری زمانے میں ایک شیوہ بیان شاعر کی حیثیت سے شہرت حاصل کی۔ محمد قلی قطب شاہ نے اسے اپنے دربار کا ملک الشعرا مقرر کیا تھا۔ پھر اس نے محمد قطب شاہ اور عبداللہ قطب شاہ کا عہد بھی دیکھا۔ "قطب مشتری" "سب رس" اور "قابی" دیوان کے علاوہ اس کی چند غزلیں دستیاب ہوتی ہیں۔ وجہی کی آٹھ غزلیں "قطب مشتری" میں

اور دو "سب رس" میں شامل ہیں۔ ان غزلوں کے علاوہ مولوی سخاوت مرزا اور مولوی اکبرالدین صدیقی نے اس کی مزید پانچ غزلوں کی نشاندہی کی ہے۔ وجہی کی غزلوں کے مطالعہ سے یہ اندازہ لگانا دشوار نہیں کہ وہ قدیم اُردو کا ایک پختہ مشق اور قادرالکلام غزل گو بھی تھا اور اس نے غالباً فارسی کے ساتھ اُردو میں بھی کوئی دیوان اپنی یادگار چھوڑا ہوگا جو ابھی تک پردۂ تاریکی میں ہے۔

وجہی کی غزل کی نمایاں خصوصیات زبان و بیان کی سلاست وصفائی، واقعہ نگاری یا حقیقت پسندی ہیں۔ قدیم اُردو کے دوسرے کلاسیکی شعرا کی طرح وجہی کا کلام بھی ایک صحت مند نقطۂ نظر کی غمازی کرتا ہے۔ وجہی کی غزلیں محمد قلی کے مقابلے میں زیادہ رواں، سلیس اور پُراثر معلوم ہوتی ہے۔

ہے دل میں تیرا عشق لی کیوں کر سرے گا دیکھنا
کو لگ مجھے عالم منے رسوا کرے گا دیکھنا

تارے سکتے نیناں کوں تج تاریاں میں ہستی تو نہیں
شب بولتے تج زلف کوں شب میانے آتی تارکاں

وجہی کی غزلیں اصلیت اور واقعیت کی غمازی کرتی ہیں۔ اس کے کلام میں مقامی ماحول کی تہذیبی روایات اور معاشرتی خصوصیات کی چھاپ نظر آتی ہے۔ اس لیے اس کی غزلوں میں مقامی ماحول، مقامی دریاؤں، پرندوں، پھولوں، جانوروں وغیرہ کا ذکر جا بجا ملتا ہے۔ اس کے ہاں کاسی، جوگی، جوتشی، برہمن، کنول، گنگا، ہرناں، سینارے، راویاں، پنکھی، ناگ وغیرہ الفاظ مقامی اثر کی نشاندہی کرتے ہیں۔

وجہی کی غزلوں کا بیشتر حصہ عالم فراق کی کیفیات کی ترجمانی کرتا ہے۔ اس کے کلام میں ایک درد مند اور حساس دل کے دھڑکنے کی آواز صاف سنائی دیتی ہے اور سوز و گداز اور تاثر کی فراوانی کا احساس ہوتا ہے۔

دیکھے مرے نادیدے تو دیدار دیکھے تھے   تج صبر دیو نہار وہ دیدار کہاں ہے
لوگاں یو کیا کہتے ہیں سو معلوم نئیں مجے   تج بے خبر کوں کاں ہے خبر تج فراق تھے

چاہتا ہے جیو پیارے ٹک بیگ آ کرم کر — تج درس دیکھنے کوں انکھیاں میں دم رکھیا ہوں

وجہی کی پندرہ غزلوں میں سے چھ ریختیاں ہیں ان میں جس عورت کے جذبات، احساسات اور کیفیاتِ عشق کی عکاسی کی گئی ہے اس کی تمناؤں اور آرزوؤں کا مرکز اس کا پیو ہے جس پر وہ اپنا سب کچھ نچھاور کر دینا عینِ زندگی سمجھتی ہے اور صرف ایک ہی کی ہو کر رہنا چاہتی ہے وجہی کی ریختیوں میں جنسی تلذذ ہے اور نہ عریانی یا جذبات کی پراگندگی، اس کے ہاں ایک ٹھہراؤ، پاکیزگی اور رکھ رکھاؤ کا احساس ہوتا ہے۔

یکتا ئیں سہیلی مرنا دل دوجے پر نہ دھرتا
اس پیو کوں اپنا کرتا اس پاپی جیو کوں کھوے کر
پیو اپنے کوں ٹک آج میں نس سپنے دیکھی سوے کر
جب پیو چلا سٹ سیج مج تب سوتے اٹھی روئے کر

وجہی اپنے عہد کا ایک عظیم المرتبت شاعر اور نثر نگار ہی نہیں بلکہ ایک بلند پایہ عالم، فلسفی اور حکیم بھی تھا۔ اس لیے اس کی غزلوں میں فلسفہ و تصوف، فقر و قناعت اور اخلاق و حکمت کے مضامین بھی ملتے ہیں۔ چند شعر ملاحظہ ہوں۔

دکھاتا ہوں میں پرکھ تجے یار دیک — توں بھیو تے آپس کوں اپنے مار دیک
خدا تج میں تیر تج جیسا ہے — تو دیدار میں اپنے دیدار دیک
معیّن نکو کر اسے ایک ٹھار — وہ ہر ٹھار ہے اسکوں ہر ٹھار دیک

باطن فقیر ہو کر ظاہر غنی رہا ہوں — لوگاں میں بارے جیوں تیوں گھر کا بھرم رکھیا ہوں
بھوکا ہوں کر کسی کن میں ہات نیں پسارا — آپس کوں آپ کھا کر اپنی شرم رکھیا ہوں

قدیم اردو کا ایک اور نامور اور عظیم المرتبت شاعر غواصی ہے۔ وہ ابراہیم قطب شاہ کے عہد میں پیدا ہوا۔ عمر میں محمد قلی اور وجہی سے چھوٹا تھا۔ غالباً اس نے محمد قلی کے عہد میں شاعری کا آغاز کیا۔ سلطان عبداللہ قطب شاہ نے اسے اپنے دربار کا ملک الشعرا مقرر کیا اور "فصاحت آثار" کے لقب سے نوازا۔ اس کو اپنی زندگی ہی میں غیر معمولی مقبولیت حاصل

ہو گئی تھی۔ اس کی "شکر افشانی" کے چرچے صرف دکن ہی میں نہیں بلکہ سارے ہندوستان میں ہونے لگے تھے اور اس کی اعلیٰ صلاحیتوں کے سبب "طوطیانِ ہند" اس کے "شکرستان" کی جانب رغبت کرتے لگے تھے۔ اس کو اپنی شہرت کا بخوبی احساس تھا۔ وہ کہتا ہے۔

طوطیاں سب ہند کے رغبت کریں یتوں آج تو تش
شکرستاں ہو غواصی شکر افشانی کیا

ضربِ علی میں پور ہوں' میراں کبرا منظور ہوں
غوّاص ہو مشہور ہوں اس سلطنت کے بھار میں

اسی شہرت اور مقبولیت کی وجہ سے میر حسن' قائم اور میر تقی میر نے اپنے تذکروں میں غواصی کا ذکر کیا ہے جبکہ قدیم اُردو کے دوسرے بلند پایہ شاعر مثلاً محمد قلی قطب شاہ اور ملک الشعرا وجہی ان تذکروں میں جگہ نہ پا سکے۔

غواصی کی تین مثنویوں (مینا ستونتی' سیف الملوک و بدیع الجمال اور طوطی نامہ) کے علاوہ غزلوں' قصیدوں اور رباعیوں پر مشتمل ایک دیوان بھی منظرِ عام پر آیا ہے۔ موجودہ مواد کی روشنی میں وہ ایک باکمال غزل گو' بلند پایہ مثنوی نگار اور ایک کامیاب قصیدہ نگار کی حیثیت سے سامنے آتا ہے۔ جہاں تک غزل گوئی کا تعلق ہے۔ غواصی دبستان دکن کا سب سے بڑا شاعر ہے غزل کے میدان میں قطب شاہی عہد کا کوئی شاعر اس کا مقابلہ کر سکتا ہے اور نہ عادل شاہی دور کا کوئی شاعر اس کے مرتبے کو پہنچ سکتا ہے۔ اس کی غزل میں بھرتی کے شعر یا ایسے اشعار بہت کم ہیں جن میں گہرا تاثر نہیں پایا جاتا۔

قدیم اُردو کے دیگر کلاسیکی شعرا کی طرح غواصی کے کلام کی نمایاں خصوصیت اظہارِ بیان کی سادگی اور حقیقت پسندی ہے لیکن جو چیز اس کو دکنی شعرا میں منفرد مقام بخشتی ہے اور اُردو کے صفِ اول کے شعرا میں لاکھڑا کرتی ہے وہ تاثر کی فراوانی' سوز و گداز' نغمگی اور شعریت ہے غواصی کو زبان اور بیان پر بے پناہ قدرت حاصل ہے اس کے کلام میں پاکیزگی اور بلندی کا احساس ہوتا ہے اس کے انداز میں ایک اعتدال' ٹھہراؤ' اور توازن نظر آتا ہے

رس کی آواز رچی ہوئی اور مصفا ہے ۔ اس کا لہجہ مدھم، دل نشین اور اپنے معاصرین یا متقدمین سے مختلف ہے، وہ اپنے پیشرو یا ہم عصروں کی بازگشت نہیں۔ غواصی دکنی غزل کے ایک نئے اسکول کا بانی ہے جس کی بعد کے بلند پایہ شاعروں نے خصوصاً ولی اورنگ آبادی نے پیروی کی ہے۔

غواصی ایک حسن پرست شاعر ہے اس کا رومانی جذبہ خارجی شاعری کی تصویر کشی میں زیادہ واضح طور پر ظاہر ہوتا ہے۔ مناظر قدرت کی عکاسی میں اس کو ید طولیٰ حاصل ہے۔ اس کی مثنویوں اور قصیدوں میں مناظر فطرت کی مرقع کشی کے متعدد بیش بہا نمونے موجود ہیں۔ غزل میں بھی اس نے منظر نگاری کا کمال دکھایا ہے۔ محبوب کے حسن کو اُجاگر کرنے کے لیے بھی اس نے مناظر قدرت سے طرح طرح سے کام لیا ہے۔ چند شعر ملاحظہ کیجیے۔

بھنور کر مجھ کوں میرا دک لیدا ٹیا تیرا   کمل مکھ ہو نین نرگس رنگیلا گال گل لالہ

چمن کے جھاڑ سب خوش ہو سگل پھولاں منے تیرا   سہیلا گاوتے پاتاں کے ہاتاں سوں بجا تالہ

اس میں شک نہیں کہ غواصی نے اپنے اردگرد کی اشیا کو آنکھ کھول کر دیکھا ہے مناظرِ قدرت کا غائر نظر سے مشاہدہ کیا ہے لیکن اس کے بیان کی خارجیت میں جذبے کی داخلیت بھی شامل ہے۔ کہیں کہیں یہ داخلیت خود کلامی کا روپ اختیار کر لیتی ہے قلبی واردات کا بیان اس نے جس حسین انداز سے کیا ہے اور اس میں سادگی و پُرکاری نے جس طرح نئے نئے پہلو تراشے ہیں وہ بیک وقت اس کے جذبات کی گیرائی اور فنی پختگی کی دلیل ہیں۔ چھوٹی بحروں میں غواصی کے اشعار میر تقی میر کی یاد تازہ کر دیتے ہیں۔ حسب ذیل اشعار کی سپردگی، گداختگی اور سوز و گداز ملاحظہ کیجیے۔

دل میں اک بات ہے کسے نہ کہوں   کہ پھٹے گی وہ بات یاں واں پڑ

دل کی دیوانگی نہیں جاتی   پھر نکتا ہوں بحتا دعا یاں پڑ

اے سجن تج کوں یاد کر پل پل   رووں اپس میں اپیچ بیٹھ ڈھل ڈھل

غواصی کی شاعری بنیادی طور پر جذبات و احساسات کی شاعری ہے جذبات کی

موثر ترجمانی اور قلبی واردات کی فن کارانہ عکاسی کی وجہ سے اس کا تمام کلام غنائیت کے کیف و سرور میں ڈوبا ہوا ہے۔ یہی سبب ہے کہ باوجود انتہائی سادگی کے کلام میں بلا کا اثر ہے۔ تاثر کے ساتھ اس کے کلام میں سوز و بشریت اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ جلوہ گر ہے۔ وہ پُر درد شعر دل کو غزل کے ساز پر کچھ اس طرح چھیڑتا ہے کہ سننے والا بھی اپنے دل کے تاروں میں ارتعاش محسوس کرے۔

ہماری وہ چنچل سجانا کہاں لگی چٹپٹی تھیر پانا کہاں
مجھے اس تھے دل توڑ و کہتے وو لے اسوں توڑ دل جی لگانا کہاں

اس آفتاب باج مری انکھیاں تلیں دستا ہے دیس آج شب تار کیا کروں

دوسرے دکنی شاعروں کی طرح غواصی نے بھی اپنے کلام میں ہندوستانی روایات کی ترجمانی کی ہے۔ اس کی شاعری میں ہندوستانی ماحول، ہندوستانی معاشرت، ہندوستانی تصورات یہاں کے سبزہ و گل، مناظر فطرت اور رہن سہن کے مقامی طور طریقوں کی دل کش تصویریں ملتی ہیں۔ اس کے ہاں یہ ہندوستانیت محض زبان تک محدود نہیں بلکہ اس کے خیال، سوچنے کے انداز اور طرز بیان میں بھی نمایاں ہے۔

اردو کے اکثر غزل گو شاعروں کی طرح اس نے ہندوستان میں رہ کر شیراز و اصفہان کے راگ نہیں الاپے۔ اس کے کلام میں عجمی لالہ زاروں وہاں کے پرندوں، دریاؤں یا قصوں کے حوالوں کی بجائے ہندوستانی پرندوں، جانوروں، یہاں کے موسموں، نظاروں وغیرہ کا ذکر جا بجا ملے گا۔ غواصی کی غزل میں ہندوستانی اقدار اور مقامی روایات کا احترام ملحوظ رکھا گیا ہے چنانچہ اس کے بیش تر اشعار میں حسن و عشق کے وہی مضامین اپنائے گئے ہیں جو ہندوستانی ذوق کے مطابق ہوں۔ حسب ذیل اشعار ملاحظہ ہوں جن میں نہ صرف مقامی روایات کی ترجمانی کی گئی ہے بلکہ ان اشعار کے خالق کے طرز فکر اور اس کے متخیلہ پر بھی ہندوستانیت کی گہری چھاپ ہے۔

رنگ بھریا منج گھر میں آج آیا بسنت　　غیب تھے تازا طرب لیا یا بسنت

دریں تیرا سو دین کا دیوا　　لٹ تری کفر کی ہے دیوالی

ملکِ دکھن میں حد تھے نادر ہوتوں پنجی ہے کر　　ہے بے نہایت اے سکی ملک دکھن کوں آج فرح

حال یکساں نہیں کہ جیوں جمنا　　گہہ بھوں پور گہہ اتر جاوں

غواصی کا محبوب ایک پیکرِ حسن و شباب اور نسوانی محاسن کا مجسمہ ہے جس کی چلتی پھرتی پرچھائیاں اس کی غزل میں دکھائی دیتی ہیں۔ غواصی نے محبوب کے لیے واضح طور پر تانیث کا صیغہ استعمال کیا ہے اور برملا انداز میں اس کو نار، دھن، سکی، سندری، سجانا، موہنی وغیرہ ناموں سے یاد کیا ہے۔

غواصی کو اپنی بلندیٔ فکر اور شاعرانہ کمال کا شدید احساس تھا۔ وہ اپنے پیش رو یا ہم عصر دکنی شعرا میں کسی کو اپنا مدمقابل نہیں سمجھتا۔ واقعہ یہ ہے کہ غزل گوئی کے میدان میں غواصی نہ صرف دبستانِ دکن کا سب سے بڑا شاعر ہے بلکہ جدید غزل گو شعرا مومن، حسرت، جگر اور فراق سے بہت قریب نظر آتا ہے۔ اس کے کلام میں ایسے بیسیوں اشعار موجود ہیں جن میں اس نے اپنی شاعرانہ صلاحیتوں اور زمانے کی قدر شناسی کی طرف اشارہ کیا ہے وہ ایک بڑے فنکار کی طرح اپنے ہم عصروں سے اپنے فن کی داد چاہتا ہے۔

غواصی جوہراں جوتی تو لئی دھرتا جتنوں میں آ　　کہاں وہ جوہری پارکھ جو پرکھے جوہراں میرے

جکوئی عارف کے صاحب سچے ہیں سو کہتے ہیں یوں　　کہ یاں تو کوئی نیں دستا غواصی کے قرینے کا

مملکت گولکنڈہ کا ساتواں تاجدار سلطان عبداللہ اُردو اور فارسی کا ایک خوش گو شاعر تھا۔ اس کو شعر و ادب کا چسکا اور اہل علم و اربابِ ہنر کی سرپرستی ورثہ میں ملی تھی۔ عبداللہ قطب شاہ اور اس کے نانا محمد قلی قطب شاہ کی طبیعت و مزاج میں کئی امور مشترک ہیں دونوں نہ صرف یہ کہ بلند پایہ شاعر، علم ادب کے رسیا اور فنونِ لطیفہ کے مداح تھے بلکہ دونوں عورت اور شراب کے دل دادہ بھی تھے طبیعت اور مزاج کی اسی مناسبت کی وجہ سے عبداللہ قطب شاہ کے عہد میں ادبی اور تمدنی نقطۂ نظر سے گولکنڈہ میں وہی ماحول پیدا ہو گیا تھا جیسا کہ محمد قلی کے دور میں موجود تھا۔

عبداللہ قطب شاہ کا مکمل دیوان ہنوز دریافت نہیں ہوا ہے۔ اس کا موجودہ دیوان ۱۱۸ صفحات پر مشتمل ہے جس میں صرف ردیف "ث" تک ۹۷ غزلیں اور ایک مرثیہ شامل ہے۔ سادگی و پرکاری اور بے ساختگی و برجستگی عبداللہ کی غزل کی اولین خصوصیت ہے اس نے اپنے سیدھے سادے مشاہدات، احساسات اور تجرباتِ زندگی کو سیدھے سادے الفاظ اور روں پیرایہ بیان میں پیش کیا ہے۔ اس کے کلام میں نہ محمد قلی کی سی رنگارنگی، شوخی، شگفتگی اور رعنائی ہے اور نہ غواصی کی طرح تجربہ کی تہہ داری اور جذبات کی گہرائی۔

سراپا نگاری، وصل محبوب، شراب اور عورت کے مختلف اعضا کی تصویر کشی سلطان عبداللہ کی غزل کے خاص موضوعات ہیں اس کا تمام دیوان محبوب کے حسن و جمال، قد و قامت، رفتار و گفتار، لب و رخسار اور چشم و ابرو کی تعریف و توصیف سے بھرا پڑا ہے اس نے اپنی غزلوں میں محمد قلی کی طرح محبوب کا سراپا بیان کیا ہے۔ عبداللہ کی سراپا نگاری میں محمد قلی کی سی جزئیات نگاری، رنگارنگی اور تنوع تو نہیں لیکن اس کے ہاں چلبلا پن، شوخی، عورت کے مختلف اعضا سے لطف اندوزی اور چھیڑ چھاڑ نظر نہیں آتی۔

موہن مدن متی نے پینی ہے پھول مالا — یا چاند کے گلے میں حلقہ ہوا ہے ہالا
لٹ بیل ہے بنفشہ آنکھی ہر یک نرگس — مکھ پھول سیونتی کا رخسار جیوں ہے لالا
کہ نور کا دریا ہے بھویاں سوتل ہیں کالے — انکھیاں تیریاں ہیں مچھلیاں لٹکے سوتا اجالا

صدقے بنی کے بھایا عبداللہ شہ کے من کوں
تیرا یو ناز غمزہ تیرا یو چھند چالا

غزل میں ہندوستانی ماحول اور روایات کی ترجمانی دکنی شعرا کا اہم کارنامہ ہے دیگر دکنی شعرا کی طرح عبداللہ کی غزل بھی مقامی ماحول اور مقامی تہذیب و تمدن کی غمازی کرتی ہے۔ اصلیت، واقعیت اور حقیقت پسندی اس کی غزل کی نمایاں خصوصیت ہے اردو شاعری پر عام طور پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ یہ ہندی نژاد ہونے کے باوجود ہندوستانی رنگ روپ سے کوئی علاقہ نہیں رکھتی اس کے سارے قد و خال ایرانی ہیں اس کی نہروں میں دجلہ و فرات کی روانی ہے

اس کی عشقیہ داستانیں شیریں فرہاد کے افسانے سناتی ہیں، اس کے باغوں میں قمری و بلبل نغمہ سنجی کرتے ہیں، اس کی بہار لالہ و گل کھلاتی ہے۔ غرض اس کی تمثیلات، تشبیہات، تلمیحات اور شاعری کے تمام عناصر عجمی ہیں۔ یہ خیال ۱۷۵۰ء کے بعد دہلی اور لکھنؤ میں نشو و نما پانے والی شاعری کی حد تک درست معلوم ہوتا ہے لیکن دکنی شعرا اس خصوص میں کافی حقیقت پسند اور صحت مند نقطۂ نظر کی غمازی کرتے ہیں۔ عبداللہ کے کلام میں ہندوستانی فضا، ہندوستانی دیو مالا اور ہندوستانی تہذیب و تمدن کی مکمل ترجمانی کی گئی ہے۔ اس کی غزلوں میں بسنت رت، مرگ اور نوروز بھی ہے اور رام کا بان، بن باس اور راجہ اندر کے اکھاڑے کی اپسرائیں، مینکا، اروتی اور رنبھا بھی، کوئل کی کوکو بھی ہے اور پپیہے کی پیہو پیہو بھی۔ بھنورا اور کنول بھی ہے چمپا اور چمیلی بھی۔ چند شعر ملاحظہ ہوں۔

ہر اک تیرا پلک ہے رام کا بان — ہر اک سو کا ہے تیرا جیون کٹارا

بسنت آیا کھلایا پھول لالا — سکھی لیا اب صراحی ہور پیالا

کنول تو چھن کنول جوبن، کنول من — کنول ایسی نول تے آیا کھلایا

مین کار نیہا ار بسی آکے ناچیاں — تو ہا ہو ہو ہونے مندل بجاتا

عبداللہ قطب شاہ کی شاعری کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اس کے کلام کا بیشتر حصہ غیر مردف غزلوں پر مشتمل ہے۔ اس کے پیشرو شعرا مثلاً محمد قلی، غواصی یا وجہی کے ہاں یہ رجحان بہت کم پایا جاتا ہے۔ عبداللہ کے دیوان کی مجملہ ۹۷ غزلوں میں سے ۵۶ غزلوں میں ردیف کا اہتمام روا نہیں رکھا گیا۔ اس میں شک نہیں کہ اس کی بیشتر غزلیں غیر مردف ہیں لیکن اس نے نہ صرف یہ کہ قافیہ کی مدد سے غزل کا جادو جگایا ہے بلکہ موسیقی کا احساس پیدا کرنے کے لیے متعدد غزلوں میں چار چار یا اس سے زاید قافیے استعمال کیے ہیں مثلاً

چندر کلا تیرا گلا ہے نرملا اچھلا — سو میں تجھ لا کے مبتلا کیا کلا دو تر ملا

نین میں لا تو سکا جلا یتا ایلا نکو گھلا — لب اپ چیلا ہلوں ہلا کر چلبلا ہے دو یلا

مرادلا ہے باولا الا بلا منجے بلا — جو مد پلا تجے گلا لیوں پھلا کے پچھلا

نبی کے صدقے عبدلا کدم کلا سُتے کوں لا   تجے ہلا لیا ملا منگل کلا چندر کلا

محمد قلی قطب شاہ کی طرح عبداللہ کو بھی حضرت محمد صلعم کی ذات اقدس سے بے پناہ عقیدت تھی۔ محمد قلی کی طرح اس کی غزل کا ہر مقطع نبی صدقے سے شروع ہوتا ہے۔ مقطعوں سے قطع نظر اس کے دیوان میں تین نعتیں بھی موجود ہیں۔ وہ اپنے آپ کو نبی کا "داس" اور "سیو کی" کہتا ہے۔ دنیاوی ترقی، شاہانہ وقار، شاعری میں جادو بیانی، عیش کوشی اور وصلِ محبوب کو بھی نبی کا صدقہ قرار دیتا ہے۔

شاہ عبداللہ جو ہے حضرت نبی کا سیو کی   ہر گھڑی صلوات بھیجے دیکھ کر تیرا جمالا
صدقے نبی کے شوخ اٹھ شاہ عبداللہ جوگی سگھڑ   تج جوبناں کے دوئی گڑ خوش دست کر بکا لیا

دبستانِ گولکنڈہ کے دیگر غزل گو شاعروں میں میراجی خدانما، احمد، سالک یزدی، ابن نشاطی، طبعی اور شاہ ابوالحسن کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ ان شعرا نے قطب شاہی سلاطین کے عہد میں غزل کی روایت کو آگے بڑھانے میں محمد قلی، یا غواصی کی طرح کوئی اہم رول انجام نہیں دیا بلکہ دیگر اصنافِ شعر کے ساتھ دو ایک غزلیں بھی اپنی یادگار چھوڑی ہیں جن کی حیثیت تبرک سے زیادہ نہیں ہے۔

(یوم محمد قلی قطب شاہ کے ادبی اجلاس ۱۹۷۹ء میں پڑھا گیا)
(مطبوعہ سب رس - حیدرآباد - فروری ۷۹ء)

فدوی اور اس کا غیر مطبوعہ کلام

فدوی قدیم اُردو کا ایک غیر معروف لیکن باکمال صاحبِ دیوان شاعر ہے اس کے قلمی دیوان کا اب تک ایک ہی نسخہ دستیاب ہوا ہے۔ جو ادارۂ ادبیات اُردو حیدرآباد کے خزینۂ مخطوطات کی زینت ہے[1] شعرائے اُردو کے مختلف تذکروں میں فدوی تخلص کے درج ذیل شاعروں کے نام ملتے ہیں۔

۱۔ فدوی ۔ میر فضل علی دہلوی[2]

۲۔ فدوی ۔ محمد محسن ابن میر غلام علی مصطفیٰ خاں لاہوری[3]

۳۔ فدوی ۔ مرزا محمد علی دہلوی عرف مرزا بچھو[4]

---

[1] مخطوطہ نمبر ۵۸۵ ادارۂ ادبیات اُردو حیدرآباد

[2] تا [4] ۔ اسپرنگر ۔ یادگار الشعرا (ترجمہ طفیل احمد) ۱۹۴۳ء الہ آباد ۴ ۱۵۳

۴۔ فدوی ۔ مرزا فدائی بیگ لاہوری[۵]

۵۔ فدوی ۔ سمن لال کائستھ دہلوی[۶]

۶۔ فدوی ۔ مرزا عظیم بیگ[۷]

۷۔ فدوی ۔ فدوی خاں دکنی[۸]

۸۔ فدوی ۔ مکند لال[۹]

۹۔ فدوی ۔ لالہ سیوک رام وکیل[۱۰]

۱۰۔ فدوی ۔ شاہ محسن[۱۱]

پیشِ نظر مخطوطے میں ایک دکنی شاعر کا کلام ہے جس نے جگہ جگہ ولی کا ذکر کیا ہے اور ولی کی غزلوں کی زمینوں میں غزلیں بھی کہی ہیں، چند اشعار ملاحظہ کیجئے ۔

سخت مشکل ہے اے عزیزاں ہو
شعر کہنا ولی کے مضمون کا

پھر پھر ولی کا مصرع آتا زباں پہ فدوی
دوزخ ہے مجھ کوں پیو بن گلزار کا تماشا

آخر الذکر شعر ولی کے اس شعر کی زمین میں ہے ۔

دیکھا ہے جن نے تیرے رخسار کا تماشا
نئیں دیکھیا سُرج کی جھلکار کا تماشا

فدوی کا مطلع اس طرح ہے ۔

اسپرنگر ۔ یادگار الشعرا ۔ ترجمہ طفیل احمد ۱۹۴۳ء ۔ الہ آباد ص ۱۵۳ ۶۔ ایضاً ۷۔ ایضاً (تذکرہ سرور اور گلشن بے خار میں ان کا تخلص فدائی بتایا گیا ہے ۔ ۸۔ عبدالجبار خاں ۔ تذکرہ شعرائے دکن (جلد دوم) ص ۸۹۰ مصطفیٰ خان شیفتہ ۔ گلشن بے خار ۔ لکھنو ۔ ۱۹۸۲ ص ۱۴۷ ۱۰۔ عبدالغفور ناخ ۔ سخن شعرا لکھنو ۱۹۸۲ء ص ۳۶۰ خلیق انجم ۔ سودا ۔ (اشاریہ)

دیکھیا ہوں جب سعل تیرے رُخسار کا تماشا
لگتا ہے دشتِ آتش گلزار کا تماشا

اسی زمین میں یہ تبدیلِ قافیہ سراج اورنگ آبادی کے کلیات میں بھی ایک غزل ملتی ہے جس کا مطلع ہے :

گر آرزو ہے تجھ کوں تالاب کا تماشا
کشتی میں بیٹھ کی آ دیکھ آب کا تماشا

مندرجہ بالا اشعار سے اندازہ لگانا دشوار نہیں کہ فدوی ایک دکنی شاعر ہے اور اس کی زبان و بیان پر دکنی شاعری کی روایات اور رجحانات کی گہری چھاپ موجود ہے فدوی کے دیوان کا تعارف کرواتے ہوئے ڈاکٹر زور نے "تذکرۂ مخطوطاتِ ادارۂ ادبیاتِ اردو" کی تیسری جلد میں لکھا ہے :

"زیرِ نظر مخطوطے میں جس فدوی کا کلام ہے وہ دکنی شاعر ہے اور ولی کا معاصر معلوم ہوتا ہے۔ اس کے دیوان کی اکثر غزلیں ولی کی غزلوں کی ہم طرح ہیں جس سے پتہ چلتا ہے کہ یا تو ولی کی غزلوں کے ساتھ لکھی گئی ہیں یا بعد میں ان کی زمین میں لکھی گئی ہیں۔" [1]

ڈاکٹر زور کے بیان اور شاعر کے کلام کی اندرونی شہادتوں سے فدوی کے دکنی الاصل ہونے میں کسی اشتباہ کی گنجائش نہیں رہتی۔ اسلیے اغلب یہی ہے کہ پیشِ نظر دیوان فدوی خاں فدوی کی تخلیقی کاوشوں کا نتیجہ ہے جس کا ذکر عبدالجبار خاں صوفی کے "تذکرۂ شعرائے دکن" کے علاوہ لچھمی نرائن شفیق کے تذکرہ "چمنستانِ شعرا" بھی ملتا ہے

صاحب "محبوب الزمن تذکرۂ شعرائے دکن" کا بیان ہے کہ :

"فدوی تخلص، فدوی خاں نام۔ دکنی الاصل ہے کسی تذکرہ نویس نے آپ کے اصل وطن و وفات کی نسبت کچھ نہیں لکھا ہاں میر غزلت کی بیاض سے اس قدر معلوم ہوا کہ

---

[1] ڈاکٹر زور۔ تذکرہ مخطوطاتِ ادارۂ ادبیاتِ اردو (ج ۳) ص ۱۷۸

۱۱۷۶ء میں حیدرآباد میں آصف جاہی منصب داروں میں معزز و مکرّم تھا شاعر خوش بیان و رنگین زبان تھا۔ ظریف الطبع و لطیف الوضع تھا۔ آپ کا کلام ایہام و تلازمہ شعریہ سے پاک و صاف ہے۔ آپ کا انتقال بارہویں صدی کے شروع ہجری میں ہوا۔ من اشعار الفدوی۔

میں دیا جان کے تئیں جان کے جاناں اپنا
جانِ من جانِ جہاں تھا مجھے معلوم نہ تھا
چپ عمر گنوایا میں ملا عشق سے دل
عشق دیوں فیضِ رساں تھا مجھے معلوم نہ تھا
سہم مژگاں سے کیا تن کو مشبک میرے
شوخ دِل ابرو کماں تھا مجھے معلوم نہ تھا[۲]

لچھمی نراین شفیق نے "چمنستان شعرا" میں فدوی کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

"بلبلِ خوش بیان و طوطی رنگین زبان است۔ این دو سہ ابیاتش کہ بفقیر رسیدہ اینت"

شفیق نے بھی نمونہ کلام میں وہی اشعار درج کئے ہیں جو عبدالجبار خاں صوفی نے فدوی کے تعارف کے سلسلے پیش کئے ہیں لیکن پیشِ نظر دیوان میں یہ اشعار نہیں ہیں اور ان اشعار کی زبان بھی فدوی کی زبان سے مختلف معلوم ہوتی ہے جس سے اس بات کا اشتباہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ اشعار کسی اور شاعر کے ہیں جنہیں سہواً فدوی کے ساتھ منسوب کر دیا گیا ہے۔ اسی زمین میں سراج نے بھی ایک غزل لکھی ہے۔[۳]

فدوی تخلص کے ایک شاعر کا کلام ادارۂ ادبیات اُردو کی درج ذیل بیاضوں میں بھی ملتا ہے۔

۱۔ بیاض نمبر "۸۹۶" کلام شعرائے اورنگ آباد" اس بیاض میں فدوی کا ایک مخمس ہے

۲۔ تذکرۂ شعرائے دکن ص ص ۸۹۰ - ۸۹۱

۳۔ قدترا سرِ رواں تھا مجھے معلوم نہ تھا؛ گلشن دل میں عیاں تھا مجھے معلوم نہ تھا

جس میں ایک فارسی شعر کی تضمین کی گئی ہے۔ فدوی کے علاوہ اس مخطوطے میں ولی اورنگ آبادی، سراج اورنگ آبادی، شاہ قاسم، اسد علی خاں تمنا، ضیا، اور قمر کا کلام بھی موجود ہے[1] فدوی کا مخمس سات بندوں پر مشتمل ہے۔ پہلا بند یہ ہے۔

سنیو ذرا یہ گفتگو شب کو پر وسے آپ جو
پیتے تھے مئے سبو سبو مِل کے صنم کے دو بدو
مشغلِ مہ تھی روبرو ہم تھے یا وہ تھا تو برو
لیک ہوئے یہ سب رفو آخرِ شب نمن نہ رو
صبح دمید و شب گشت ماہ بشینہ خانہ رفت
روئے سحر سیہ شود یار بہ ایں بہانہ رفت[1]

٢۔ بیاض ۹۵۱ (ورق ۱۳ - ۱۴) اس بیاض میں بھی فدوی کا ایک مخمس ہے جو سات بندوں پر مشتمل ہے[2] یہ ایک دلچسپ نظم ہے جس کا پہلا بند درج ذیل ہے۔

اے جانِ من کہا تو کہی مول سنبھال بول
جادو نین کہا تو کہی مول سنبھال بول
سروِ چمن کہا تو کہی مول سنبھال بول
گل پیرہن کہا تو کہی مول سنبھال بول
اے من ہرن کہا تو کہی مول سنبھال بول

کتب خانہ سالار جنگ کی ایک قلمی بیاض میں فدوی کے دو مخمس موجود ہیں ایک وہی ہے جس کا ایک بند ادارۂ ادبیات اُردو کی بیاض ۸۹۶ سے گذشتہ اوراق میں نقل کیا گیا ہے لیکن دونوں میں اختلافِ نسخ موجود ہے۔ کتب خانہ سالار جنگ کی بیاض میں اس مخمس میں صرف پانچ بند ہیں جب کہ ادارے کے مخطوطے میں سات بند ہیں۔

---

[1] ڈاکٹر زور۔ تذکرۂ مخطوطاتِ ادارۂ ادبیات اُردو (جلد چہارم ص ۲۶۵)

[2] ڈاکٹر زور۔ تذکرہ مخطوطاتِ ادارہ ادبیات اُردو (ج-۵ ص ۱۱۳) مخطوط ۱۶۸ دواوین

سالار جنگ کی بیاض کا دوسرا مخمس بھی پانچ بندوں پر مشتمل ہے۔ پہلا بند درج ذیل ہے۔

کون کہے میری طرف سے جا کے دلبر کوں سلام
ناز کے پنچوں کو اور ابرو کے خنجر کوں سلام
تین کے صمصام کو پلکاں کے نشتر کوں سلام
گلسری گلہار بازو بند پیسر کوں سلام (کذا)
کاں تلک بولوں بیاں سب تن کے زیور کوں سلام [3]

قدیم اور جدید ادب کے بلند پایہ عالم ڈاکٹر جمیل جالبی، صدر نشین مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد نے راقم کے ایک استفسار کے جواب میں "انجمن ترقی اردو کراچی" کی درج ذیل قلمی بیاضوں میں قدوی کے کلام کی نشاندہی کی ہے۔[4]

۱۔ بیاض نمبر ۶۲۸/۳ صفحہ ۱۲۴ - ۱۲۵ پر ایک مخمس درج ہے۔
۲۔ " ۶۳۰/۳ صفحہ ۳۴ پر ایک ترجیع بند درج ہے۔
۳۔ " ۶۳۱/۳ صفحہ ۱۵۰ پر ایک غزل درج ہے۔
۴۔ " ۶۴۹/۳ صفحہ ۱۱۵ تا ۱۱۸ ایک واسوخت درج ہے۔
۵۔ " ۶۸۳/۳ صفحہ ۱۰۰، ۱۱۰ پر ایک مرثیہ درج ہے۔

قدوی کے کلام میں شاہ علی اور عجزی کے حوالے بھی ملتے ہیں:

شاہ علی کے طفیل قدوی پر
کھل گیا کائنات کا پردا

ہوا دل چسپ قدوی کوں اے عجزی مصرعہ رنگیں
پڑی ہے کاں سوں تیغ ابروئے تمہارے میں آتش

---

۳ مخطوطہ ۱۶۸ دواوین

۴ راقم الحروف کے نام مکتوب۔ مورخہ ۱۶ر جون ۱۹۸۳ء

ہوتی ہے دل کوں فرحت کرنے سیتی مطالعہ
عجزی کے شعر میانے ہے لطف انوری کا

اول الذکر شعر سے اندازہ ہوتا ہے کہ فدوی شاہ علی کا معتقد یا مرید تھا۔ دکن میں اس نام کے دو اشخاص گذرے ہیں۔ ایک ادھونی کے متوطن تھے جنھوں نے ۱۲۵۰ھ میں ترجمہ شرح چغمنی کے نام سے ایک تصنیف اپنی یادگار چھوڑی ہے۔ اور دوسرے شاہ علی ابن بابا شاہ جنھوں نے ۱۱۲۵ھ کے قریب "نلاوت الوجود" کے نام سے قدیم دکنی نثر میں ایک رسالہ تصنیف کیا تھا۔ یہی بزرگ فدوی کے مرشد ہو سکتے ہیں۔ شاہ علی ابن بابا شاہ کا سلسلۂ نسب چوتھی پشت میں شاہ میراں جی شمس العشاق سے ملتا ہے۔

فدوی کے کلام کے مطالعہ سے اس کی تخلیقی صلاحیتوں اور فنی بصیرت کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ اس کے کلام پر دکنی شاعری کی روایات، خصوصاً ولی اورنگ آبادی کے رنگِ سخن کی گہری چھاپ نظر آتی ہے۔ اس بات کا بھی امکان ہے کہ بحیثیت شاعر اس نے ولی کے آگے زانوئے ادب تہہ کیا ہو۔ غالباً اسی لیے اس نے ولی کے کلام سے براہِ راست استفادہ کیا ہے۔ چند مصرعے دیکھیے:

ع کوچۂ یار عین کاشی ہے (ولی)
کوچۂ یار عین مسکن ہے (فدوی)

ع دیکھا ہے جن نے تیرے رخسار کا تماشا (ولی)
دیکھا ہوں جب سے تیرے رخسار کا تماشا (فدوی)

ع شغل بہتر ہے عشق بازی کا (ولی)
سب میں بہتر ہے کام عاشق کا (فدوی)

فدوی ایک مقطعے میں اپنی شاعری کی خصوصیات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے کہ اگر آج انوری زندہ ہوتا تو وہ میرے کمالِ فن کی داد دیتا۔ اس کی یہ شاعرانہ تعلی بے جا بھی نہیں معلوم ہوتی۔ چند شعر ملاحظہ کیجیے:

کس بھانت کے میٹھے بچن کہتا تو فدوی سن کے سب
اس وقت میں اچھتا اگر محظوظ ہوتا اتوری
جگ میں شیرینی و لطافت سوں
شعر فدوی کا دل پذیر ہوا
اکثر سخنوران نے تجھ شعر سن کے بولے
فدوی کا ایک مصرع دیوان کے مقابل
غزل فدوی کی سن کر یوں کہے خوش ہو کے موہن نے
نہیں تجھ سار کا پانی جگت میں تازہ مضموں کا
بولیا ہے فدوی لو غزل اس کے مقابل بولنا
ایسا سخن کہنے کسی دیسرے منے پانی نہیں

فدوی کی غزلوں میں نعت اور منقبت کے اشعار بھی ملتے ہیں۔ چند شعر لاحظہ ہوں:

شافعِ روز قیامت احمد مختار بس
ہادیِ مشکل کشا مجھ حیدر کرار بس
یا علی دردِ دل کا درماں کر
مشکلات جہاں کو آساں کر
یا شہِ جیلاں قدم اپنے مبارک کوں دیکھا
شاد فدوی کے کریں گے کب دلِ غم ناک کوں

فدوی کے دیوان میں دو مکمل غزلیں شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی مدح میں بھی ملتی ہیں ان غزلوں کے مطلعے اور مقطعے درج ذیل ہیں۔

دو جگ کے ملک کا ہے سلطان غوث الاعظم
ہے شاہ ہور گدا کا ایمان غوث الاعظم
ہے جان و دل سوں فدوی تیرا غلام صادق
کر اس اوپر کا مشکل آسان غوث الاعظم

کرم کی مجھ پہ فرما یک نظر یا شاہ جیلانی
کہ یعنی شام غم کوں کر سحر یا شاہ جیلانی
یہی منگتا ہے قدوی تج جناب عالی ہمم سیتے
ہمیشہ بخش دشمن پر ظفر یا شاہ جیلانی

قدوی اٹھارویں صدی عیسوی کے ربع اوّل کا ایک قادرالکلام اور بلند مرتبہ شاعر ہے وہ ولی کا معاصر ہیں تو سراج اور داؤد کا ہم عصر ضرور ہوگا۔ سادگی بیان اور تاثر کی فراوانی قدوی کے کلام کا نمایاں وصف ہے۔ چھوٹی بحر میں اس کی غزلیں ایک طرف غواصی اور ولی کی ہم پلہ معلوم ہوتی ہیں تو دوسری طرف ان کے مطالعہ سے میر تقی میر کی غزلوں کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ چند شعر دیکھیے۔

مکھ اُپر کیس یوں دسیں دھن کے
دن پہ غالب ہے رات کا پردا
دل میرا دل ربا کے کوچے میں
کیا کروں بے قرار جاتا ہے
خبر پیو کے جانے کی سُن قدوی
جیو نکل تن سوں بھار جاتا ہے
شیشۂ چک میں گل بدن کے سبب
ہے لبالب گلاب انکھیاں میں
چشم تر رہنا سدا دل دار پاس
ہے قدر اس لولوے نایاب کا
ہر صبح آفتاب ہات پسار
تجھ سوں منگنے کوں دان آتا ہے

ولی اورنگ آبادی کی طرح قدوی کے کلام میں بھی زبان و بیان اور اظہار اسلوب

کے اعتبار سے دکنی اُردو اور شمالی ہند کی بول چال کی زبان کے اثرات کی دھوپ چھاؤں نظر آتی ہے ۔ جس طرح ولی کے دورِ اوّل کی شاعری میں دکن کے علاقے میں بولی جانے والی زبان کا اثر غالب ہے اور شمالی ہند کے سفر کے بعد فارسی شاعری کے اثرات بڑھنے لگتے ہیں اور اس کے کلام میں پہلی بار فارسی ترکیبیں اور اضافتیں در آتی ہیں بالکل اسی طرح فدوی کے ہاں ایک طرف سوں ۔ سیں ۔ تھے ۔ بیتے ۔ (یعنی سے) بھوت (بہت) یو ۔ (یہ) ۔ متے منیں (میں) کوں (کو) توں (تو) تجھ (تیرا ' تیری) مجھ (میرا ۔ میری) ادھر (لب) اتھا (تھا) انجھو (آنسو) ادھار (سہارا) دھن پیو (محبوب) میراچ (میرا ہی) تیراچ (تیری ہی) اپس (آپ ۔ خود) لئی (زیادہ) تدھاں (تب) جدھاں (جب) جیو (جان ۔ دل) ہور (اور) وغیرہ الفاظ کی قدیم شکلیں جو اب متروک ہو گئی ہیں ' ملتی ہیں تو دوسری طرف وہ تراکیب اور اضافتیں نظر آتی ہیں جو دکنی شعرا کے ہاں بالکل نہیں ملتیں لیکن ولی کے دوسرے دور کی شاعری میں بہ کثرت نظر آتی ہیں ۔ فدوی کے کلام سے چند ترکیبیں درج کی جاتی ہیں ۔

نعتِ رسولِ خدا ۔ طاق ابروے مہوشاں ' شہِ ملکِ دل وجاں ۔ شافعِ روزِ قیامت ہادیِ مشکل کشا ۔ دردسرشت عشاق ۔ دیدۂ خوں بار ۔ تاجِ مرسلاں ۔ لولوے نایاب ۔ شاہِ نجف ۔ گنجِ قاروں ۔ رتبۂ وصال ۔ قدِ موزوں ۔ فضلِ یزدانی ۔ پنجۂ عشق ۔ زاہد خود نما ۔ نالۂ شب گیر ۔ غمزۂ خوں ریز ۔ قتلِ عام ۔ شیشۂ چرخ ۔

مخطوطے کی کیفیت : یہ قلمی دیوان ۲/۱ ۷ × ۵ کے ۱۹ اوراق پر مشتمل ہے ۔ ہر صفحے پر ۱۹ سطریں تحریر کی گئی ہیں بعض صفحات کے حاشیوں میں بھی غزلیں درج کی گئی ہیں ۔ کاغذ نہایت قدیم ملگجا اور آب زدہ ہے ۔ خط نستعلیق شکستہ زمانہ کتابت قریب ۱۲۰۰ ھ ۔ مخطوطہ کا آغاز ان اشعار سے ہوتا ہے ۔

ایزد کے نام پاک سوں میں ابتدا کیا
بعد از ثنا و نعتِ رسولِ خدا کیا
ہے خاتم نبوت ہے تاج مرسلاں
اس تاول پر سوں جیو ایس کا فدا کیا

درجِ ذیل اشعار پر یہ دیوان اختتام کو پہونچتا ہے۔

نشانہ میں ہوا ہوں جگ میں بس ہر ایک ملامت کا
بجز تجھ لطف کے نیں مجھ سپر یا شاہ جیلانی
یہی مانگتا ہے فدوی تجھ جناب عالی ہمم سیتے
ہمیشہ بخش دشمن پر ظفر یا شاہ جیلانی

قدیم اُردو کی دیگر قلمی کتابوں کی طرح دیوانِ فدوی کے مخطوطے میں املا کی درجِ ذیل خصوصیات قابلِ ذکر ہیں:

۱۔ یائے معروف اور یائے مجہول میں کوئی امتیاز نہیں ہے۔
۲۔ ک اور گ دونوں کے لیے "ک" استعمال کیا گیا ہے۔
۳۔ ٹ۔ ڈ۔ ڑ کو ت۔ د۔ ر تحریر کیا گیا ہے۔
۴۔ بعض الفاظ کو غیر ضروری طور پر ملا کر لکھا گیا ہے جیسے بیگنہ (بے گناہ) دوجہاں میں (دو جہاں میں)، ایکافر (اے کافر) ایدل (اے دل) میریپر (میرے پر) میرسوں (میرے سوں) کیجنگاہی (کیج گاہی)

فدوی کے دیوان کا تعارف کرواتے ہوئے ڈاکٹر زور "تذکرۂ مخطوطات" ادارہ ادبیاتِ اُردو" کی تیسری جلد میں لکھتے ہیں کہ "یہ دیوان مکمل ہے اور اس میں جملہ حروف کی ردیفوں میں کلام موجود ہے۔ حالاں کہ اس میں صرف ردیف الف۔ ب۔ ت۔ ث۔ ج۔ خ۔ ذ۔ ر۔ س۔ ش۔ ص۔ ض۔ غ۔ ک۔ ل۔ م۔ ن۔ و اور ی میں غزلیں ملتی ہیں۔ باقی ردیفوں میں ایک غزل بھی نہیں ہے۔

بقول ڈاکٹر زور اس دیوان کی ایک دلچسپ خصوصیت یہ ہے کہ اس کے آغاز سے قبل شاعر نے ۱۷ شعر کا ایک قصیدہ قلمبند کیا ہے جو دراصل اس دیوان کے منظوم دیباچے کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس میں حمد و نعت و منقبت صحابہ و دوازدہ آئمہ معصومین و مدح محبوب سبحانی و خواجہ بندہ نواز کے بعد اولیا سے مدد مانگ کر دیوان کے آغاز کرنے کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ ذیل میں مکمل قصیدہ پیش کیا جاتا ہے۔

ایزد کے نام پاک سوں میں ابتدا کیا
بعد از ثنا و نعتِ رسولِ خدا کیا
ہے خاتم نبوت و سرتاجِ مرسلاں
اس ناں پر سوں جیو اپس کا فدا کیا
صدیق ہور عمر سوں مجھے روز و شب ہے کام
جس حب کوں دو جہاں میں اپس مدعا کیا
عثمان کا تو ہر میرے دل میں بھوت ہے
شاہِ نجف کی خاک قدم تو تیا کیا
وو ہے علی ولی کہ جو کہتے ہیں ذوالفقار
کفار پر وو مجلسِ محشر بپا کیا
رہنے کے تئیں دو جگ میں امن ہور امان سوں
وردِ زباں میں نام یو خیر النساء کیا
اوّل کیا نیاز حسن کے جناب میں
حامی اپس کا بعد شہ کربلا کیا
ہوں جان و دل سوں خدمت عابد میں معتقد
حق جس کوں زیب و زینت ہر دو سرا کیا
جاں محو ہے محبت باقر میں رات دیس

جعفر کوں صدق سات اے دل رہنما کیا
کاظم کیا یو راہ نوازش میں پرورش
ہور حال پر کرم مرے موسیٰ رضا کیا
اداب سب ادب کے بجا لیا تقی ستے
شاہِ دو جگ نقی میں لئی التجا کیا
اے عسکری تمن سوں مجے بھوت آس ہے
مہدی کوں روزِ حشر کے تئیں آسرا کیا
روزِ ازل سوں ہوں میں غلاماں میں پرورش
حُب دل میں میرے شہ جیلاں سما کیا
بندہ نواز دو جو جلالت کی کر نظر
پل میں گدا کوں شہ کیا شہ کوں گدا کیا
ان سب ولیاں سوں منگ کے سو یکبارگی مدد
دیوان کوں شروع جو یو بے نوا کیا
الہام غیب پر جو اتھا میں تو منتظر
اتنے میں یک بیک مجے ہاتف ندا کیا
قوت یو شعر کا ہوا قدوی تجے تدہاں
جب شہ علی نے دل سوں ترے تیں دعا کیا

اس قصیدہ کے علاوہ دیوان میں جملہ (۷۳) غزلیں موجود ہیں۔ جملہ اشعار کی تعداد (۶۰۶) ہوتی ہے۔ ڈاکٹر زور نے اشعار کی تعداد قیاساً (۷۵۰) بتائی ہے[1] ذیل میں ردیف وار غزلوں اور اشعار کی تعداد درج کی جاتی ہے۔

ردیف	غزلیں	اشعار	ردیف	غزلیں	اشعار	ردیف	غزلیں	اشعار
الف	۱۶	۱۴۶	ذ	۵	۳۷	غ	۱	۷
ب	۱	۷	ر	۳	۲۶	ک	۱	۵
ت	۳	۱۶	س	۱	۹	ل	۱	۹
ث	۲	۱۲	ش	۱	۱۰	م	۱	۵
ج	۱	۱۰	ص	۱	۷	ن	۱۳	۱۶
خ	۱	۷	ض	۲	۱۰	و	۱	۷
						ی	۱۹	۱۵۱

ذیل میں فدوی کے قلمی دیوان سے چند منتخب غزلیں تدوین متن کے ساتھ پیش کی جارہی ہیں۔[2]

کہ جس مجلس منیں[3] ممتاز میرا ماہ رو ہووے گا
انگے[4] اس مہر طلعت کے چندر[5] یلے آبرو ہووے گا

تمارے[6] وصف میں عاجز ہوئے ہیں شاعراں جگ کے
سو یک مونا بیاں کرسیں زباں گر مو بمو ہووے گا

اسے کاں[7] صبر و کاں آرام کاں طاقت کہاں راحت
سجن کے زلف کا حلقہ جسے طوق گلو ہووے گا

ع۱ ڈاکٹر زور - تذکرۂ مخطوطات (ج ۳) ص ۱۸۰

ع۲ راقم الحروف نے اپنے مضمون "دیوان فدوی - ایک تعارف" مطبوعہ سب رس (۱۹۸۶ء) میں فدوی کی ۱۳ غزلوں کا انتخاب شائع کیا تھا - جنہیں اس مضمون میں شامل نہیں کیا جا رہا ہے (م - ع - ا)

ع۳ میں ۴ ہم سامنے - ۵ جیاند ۶ تمہارے ۷ کہاں۔

الٹا زند مشرب کا تیرے پر کیا عجب ہیگا
تمہارے نین کے دیکھے جو زاہد بے وضو ہوے گا

ارسطو ناز دیکھے گا جو میرے نازنیں کا ٹک
بسر قانون حکمت کوں[7] یو[8] اس کا خاک کو ہوے گا

معطر مغز جان تب ہوے و ہور آرام دل فدوی
کہ جب آغوش میں تیرے دو[9] یار مشکبو ہوے گا

یک نگہ اس ماہِ عالم تاب کا　　ہوش کا دشمن ہے شیخ و شاب کا
بے گنہ کوں یوں ذبح کرنے کے تئیں　　دل پشیماں نیں[10] ہوا قصاب کا
تاب و طاقت نیں رہی مجھ میں رتی　　نیں خبر اُس اِس دل بیتاب کا
حلقۂ زلف پری رو میں ہوں بند　　دل ہوا ہے غوطہ زن گرداب کا
جو دیکھا ہے چشم میری نیم خواب　　خواب میں نیں ناؤں لیتا خواب کا
چشم تر رہنا سدا دلدار پاس　　ہے قدر اس لولوے نایاب کا
خون دل سوں رنگ مرے دامن کے تئیں　　گر ہوس ہے دھن[11] تجھے سنجاب کا
دیکھ دل تیری نگاہِ گرم کوں　　خاصیت پیدا کیا سیماب کا
رنگ عنابی اسے بد رنگ دسے[12]　　جو کہ خواہاں ہے لبِ عناب کا
جانگو[13] انکھیاں ابر طوفان ہے　　ہوندے[14] ٹک جوش کم سیلاب کا

دیکھ اس مہ رو کے تئیں فدوی سکل[15]
شیراں الفت تجھے مہتاب کا

---

۷ کو ۸ یہ ۹ وہ ۱۰ نا ہیں ۱۱ محبوب ۱۲ دکھائی دے ۱۳ مت جا ۱۴ ہونے دے ۱۵ تمام

کر نظر پیچ و تاب کا کل کا — ہے پریشاں درخت سنبل کا
سور[16] یا وصف اس جلالت کے — منفعل ہے ترے تجمل کا
جاں بلب آرہا ہے شوق ستے[17] — اے صنم وقت نیں تغافل کا
گل رخسار کے تصور سوں[18] — شوق دل میں ہریا ہے بلبل کا
نیں ہے تنہا میراچ[19] کچھ مرجع — ہے توں مقصود ہر جز و کل کا
وصف میں تجھ اے تاج مہ رویاں — لنگ ہے رخش مجھ تامل کا
گل عذاراں کی جا عذار نجھار[20] — ہے تو مشتاق یار اگر گل کا
ہوے گی یک کتاب اے زاہد — گر لکھوں میں خواص کچھ مل کا
مردہ صد سال کا کفن سوں اٹھے — دم عیسیٰ ہے صوت قلقل کا
طائر دل ہوا ہے آہ اسیر — عشق کے شاہکار جنگل کا
خشم کھانا اے دل بجائے طعام — شوق ہووے اگر تناول کا
اس کوں شاہ و گدا مساوی ہے — جو طریقہ لیا توکل کا

دل و جاں سوں غلام ہے قدوی
صاحب ذوالفقار و دلدل کا

خود نمائی ہے ذات کا پردا — خامشی ہے صفات کا پردا
مکھ اپر کیس[21] یوں دسیں[22] وحش کے — دن پہ غالب ہے رات کا پردا
چاند کی روشنی کوں ابر حجاب — ہے رقیب القضاب کا پردا
مجھ کوں دیکھے تو دور سوں موہن[23] — مکہ پہ کرتے ہیں ہات[24] کا پردا

شاہ علی کے طفیل قدوی پر
کھل گیا کائنات کا پردا

---

[16] سورج [17] سے [18] سے [19] میرا ہی [20] غور سے دیکھ [21] زلف [22] دکھائی دیں [23] محبوب
[24] ہاتھ

جگ میں برتر ہے نام عاشق کا — سب میں بہتر ہے کام عاشق کا
فخر رکھتا ہے بادشاہاں پر — ایک ادنیٰ غلام عاشق کا
اشک خونی سوں اے پری پیکر — سرخرو ہے مدام عاشق کا
خلق کوں ہور صبا[25] ہے وردِ زباں — نام ہر صبح و شام عاشق کا
اے عزیزاں وہ آہوِ وحشی — شکر ایزد ہے رام عاشق کا
ضعف سوں گر کے اٹھ کھڑے رہنا — ہے سجود و قیام عاشق کا
خم گیسوئے یار اے فدوی
فی الحقیقت ہے دام عاشق کا

کہوں میں حال یک ذرہ اگر اس جانِ محزوں کا
تپیگا قبر کے میانے سو روحِ پاک مجنوں کا
مری انکھیاں کی شادابی سوں دریا منفعل ہیں سب
عبث تمثیل دیتے ہیں نین میرے کوں جیحوں کا
ہماری اشکباری پر ہنسے تو کیا عجب زاہد
قدر نئیں گور کے نزدیک اصلا در مکنوں کا
جہاں لگ سرخ رو جگ میں ہوئے پیدا سو باعث کیا
یو سب ہے فیض ہور دولت ہمارے اشک گلگوں کا
روا نئیں حق میں عاشق کے تغافل اسقدر غافل
جو لینا فرض ہے تجھ پر خبر داں ہائے پرخوں کا
سبب تیری بچہ الفت کا ہوس ہے شعر کے فن میں
ہریا تجھ تیغ[27] ہے جاناں چمن مجھ طبع موزوں کا

---

۲۵ ہورہا ۲۶ میں ۲۷ تجھ سے ہی

غزل فدوی کی سن کریوں کہے خوش ہو کے موہن نے
نہیں تجہ سار کا بانی جگت میں تازہ مضموں کا

طریقہ چھوڑ مت اے دل ادب کا
نہ ہو مشغول توں لہو و لعب کا

صنم تجہ حسن کے دیوان میں دل
ہے راغب بیت ابرو منتخب کا

تیری زلفاں[۲۸] تلک جو ہت لیجایا
اسی سے رشتہ ہت آیا طرب کا

لگیا ہے دل میں جس کے عشق کا تیر
اسے پروا کہاں نام و نسب کا

نہیں میرا[۲۹] تجہ دل یک حرف طالب
کہ ہے شاہ نجف مطلوب سب کا

نگہ کے تیغ کے زخمی کوں فدوی
ہوا برجا تخلص جاں بہ لب کا

مفتون ہو رہیا ہوں اس چشم عنبری کا
مینائے دل میں پر ہے نت عکس جیس پری کا

اے کافر سیہ دل اس فعل پر ابس کے
کرتے ہیں نین تیرے دعوی پیمبری کا

خورشید گم تھا تجہ جا کر چھپیا فلک پر
یاقوت رشکِ لب سوں ساکن ہے دھرتی کا

حاصل ہوی ہے اس تھے چندر کوں روسیاہی
کرتا تھا لاف شاید تیرے سوں ہمسری کا

کیوں دل کے تیں خلش ہور تا شاق ہوئے سراسر
کو پنجے میں تجہ گزر ہے ہر ان مشتری کا

کہتا ہوں پند تجہ کوں سن گوشِ جان سوں جاناں
مت ترک کر توں شیوہ الطاف گستری کا

ہوتی ہے دل کوں فرحت کرنے سیتی مطالعہ
عجزی کے شعر میانے ہے لطف انوری کا

دولت تیرے وصل کی حاصل ہوی تو بس ہے
مشتاق نئیں ہے فدوی اصلا سکندری کا

---

[۲۸] زلف کی جمع [۲۹] میرا ہی

جس کوں ہے گل عذار سوں مطلب — اس کوں نیں ہے بہار سوں مطلب
عشق کے بے قرار کوں نس[1] دن — نیں ہے صبر و قرار سوں مطلب
مجھ کوں کیا کام ہے رقیباں سوں — نیں ہے بلبل کوں خار سوں مطلب
ملتجی مت ہو کسی[2] حسیناں کا — رکھ توں پروردگار سوں مطلب
نیں ہوں ہرگز میں اور کا پیرو — مجھ ہے ہشت و چہار سوں مطلب

ہر دو عالم میں ہے سو فدوی کوں
حیدر شہسوار سوں مطلب

❀

عاشق کے دل سوں پوچھو دلدار کی حقیقت — بلبل اپر عیاں ہے گل زار کی حقیقت
ہر تار زلف سیتے[3] دلبر کے آشنا ہوں — ظاہر ہے برہمن پر زنار کی حقیقت
میں نقد جان اپنا اس پر نثار دیوں گا — جو کوئی آ کہے گا مجھ یار کی حقیقت
میرے سخن پہ تم کوں گر اعتبار نیں ہے — موسیٰ کوں جاکے پوچھو دیدار کی حقیقت
کیا احتیاج ہوگا پیتم سوں درد دل کا — مخفی طبیب پر نیں بیمار کی حقیقت
بھولے کا مرض اپنا ایوب اے عزیزاں — شک نیں اگر ستے مجھ آزار کی حقیقت

❀

جس کوں لاگی ہے یار کی لذت — اس کوں نیں کار و بار کی لذت
تیشہ فرہاد، قیس کوں زنجیر — ہے انا الحق کوں دار کی لذت
ہجر سوں رتبۂ وصال بلند — ہے خزاں سوں بہار کی لذت
زلف میں اس پری کی اے یاراں — عین ہے لیل تار کی لذت
جو بتیا ہووے ہجر میں ہر شب — ہے اسے انتظار کی لذت

اے سجن سیر کر جو فدوی کی
چک[4] میں ہے جوئے یار کی لذت

١۔ رات ٢۔ کسی ٣۔ سے ٤۔ آنکھ

بن سرتیجن کے سیر باغ عبث　　روز روشن میں جوں چراغ عبث
گر نہ ہووے بزم میں ساقی دلکش　　فکر مطرب مئے و ایاغ عبث
دل ناشاد کوں تو لگتا ہے　　عیش دنیا کا ہور فراغ عبث
گئی جوانی پہ تجہ کوں اے جاناں　　اس قدر ناز ہوا دماغ عبث
جس طرف کام نا اچھے قدوی
جستجو اس کی ہور سراغ عبث

❀

وہ شہسوار ناز کا چڑ کر ترنگ آج　　نکلیا[1] ہے صید دل کوں سو دھر کر امنگ آج
بیتاب کیوں نہ ہوئیں یو[2] ابرو کماں سگل[3]　　گاڑے ہیں تجہ نگہ کے دلاں[4] میں خدنگ آج
حوراں اگر دیکھیں تو تجھے یک نظر سجن　　تجہ شمع رخ پہ جیوں[5] کوں کریں گے پتنگ آج
آتے ہیں دور دور سوں اشنان کوں ہنود　　تجہ عشق میں انکھیاں سوں بہایا ہوں گنگ[6] آج
فرقت سوں تیری اے گل گلدار دلبری　　ہے جامۂ حیات مرے بر میں تنگ آج

❀

جس کوں لگیا اے شوخ تمارا[7] ادھر[8] لذیذ　　اس کوں ہوی ہے تلخ جیتے[9] لگ شکر لذیذ
پرتو پڑیا ہے قد کا تیرے اس سبب تے[10]　　ہے نیشکر کا آج سراپا شجر لذیذ
شیریں لباں[11] یو جا کے زمیں میں سماے کر　　اس قیس کے کدن[12] سوں ہوا ہے ثمر لذیذ
مکہ کا طواف کر کے رکھیا خال پر ادھر[13]　　ہے بس کہ یار بوسۂ اسود حجر لذیذ
کل رات مئے پیا سوا ے قدوی دو گل عذار　　باقی رہیا[14] انکھیاں منے[15] اس کے اثر لذیذ

---

۱ نکلا ۲ یہ ۳ تمام ۴ دل کی جمع ۵ جان ۶ گنگا ۷ تمہارا ۸ لب ۹ زندگی بھر
۱۰ سے ۱۱ لب کی جمع ۱۲ میٹھے سے ۱۳ لب ۱۴ رہا ۱۵ میں

تیری بھواں کوں دیکہ ییں خنجر گیا بسر[1] — تجہ قد انگے[2] ییں سرو صنوبر گیا بسر
کیا روشنی ہے مکہ پہ ترے خور صفت صنم — جس کوں تکھا[3] کے ماہ منور گیا بسر
لکھنے کے وقت درد مرا کاتب ازل — سد بد گنوا کے محو ہو دفتر گیا بسر
کئی دن ہوئے جو نامہ لکھیا تھا سجن مرا — معلوم یوں ہوا مجھے اکثر گیا بسر
طالب ترے درس[4] کا جو فدوی ہوا جدحال — آرام و صبر و ہوش وہ یکسر گیا بسر

یا علی درد دل کا درماں کر — مشکلات جہاں کوں آساں کر
سروری دے کے جن و انس اوپر — مجہ کوں اس دور کا سلیماں کر
کیوں ہوا حال سوں مرے غافل — وقت احسان کا ہے احساں کر
دے بہر حال دل کوں جمعیت — زلف مانند مت پریشاں کر
مثل خورشید یک نظر فرما — سنگ کوں جوہر بدخشاں کر
روز اول ییں حق سوں آیا ہوں — تجہ غلامی کا عہد و پیماں کر
یو ہے فدوی کا عرض شاہ نجف — ہند کے تیں تو رشک ایراں کر

پڑی ہے برق رخ سوں تجہ من گلزار ییں آتش — عجب کیا عشق تجہ ڈالے دل ہر خار ییں آتش
پگلتا ہے حرارت سوں یو مغز استخواں تن ییں — سجن[5] کس بلا کی ہے ترے دیدار ییں آتش
تجلی مکہ کی زلفاں[6] ییں سوں[7] پیو[8] کی یوں عیاں دسی[9] — جو سلگاتے ہیں گویا لشکر کفار ییں آتش
نگاہ کرم کی تابش ہوی معلوم یوں دل کوں — سٹے کوئی لیا کے جوں بارود کے انبار ییں آتش
جگر سوں آہ کھینچے پر دیکھو بوے کباب آوے — بھری ہے اس قدر مجہ سینۂ افکار ییں آتش
ہوا دل چسپ فدوی کوں اے عجزی مصرع رنگیں — پڑی ہے کاں سوں یہ تیغ ابروے خمدار ییں آتش

---

۱ بھول ۲ سامنے ۳ غور سے دیکھنا ۴ دیدار ۵ محبوب ۶ زلف کی جمع ۷ سے ۸ محبوب ۹ دکھائی دیتی ہے۔

ہے نظارے سوں تیرے دیدہ خوں بار کوں فیض
یار کوں کیوں نہ اچھے فیض ہے اغیار کوں فیض
اے شفا بخشِ دلِ زرد سرشت عشاق
ہے لب لعل سوں تجہ عشق کے بیمار کوں فیض
عکس شاید کہ پڑیا تھا لب نوشیں کا تیرے
اس سبب تھا سو مسیحا کیرے گفتار کوں فیض
دیدۂ ترسوں اچھے خاطر افسردہ مفید
جوں کہ باراں سوں ہے دائم گل و گلزار کوں فیض
اہل دل کیوں نہ ہویں محظوظ و ممنوں تجہ سوں
شعر تیرے سوں ہے قدسی در و دیوار کوں فیض

○

جب سوں دیکھا ہوں تجہ پری کا جھلک ۔ تب لگتا نیں مشتری کا جھلک
شوق سیتے ہو چشم سر تا پا ۔ ٹک دکھا کسوتِ زری کا جھلک
نین نرگس کے ہور ہے بے نور ۔ دیکہ تجہ چشمِ عنبری کا جھلک
تجہ نین سوں ہے جلوہ گر مو مو ۔ اے سجن سحر سامری کا جھلک
منتظر در پہ ہے کھڑا قدسی ۔ دیکھنے زلف عنبری کا جھلک

○

جانتیا[۲] ہوں دلربا کوں میں جان کے مقابل
تیں سہو سوں کہیا ہوں ایمان کے مقابل
کس واسطے عبث میں گلشن میں جاوں بولو
ہے بسکہ خط[۱] یو تیرا ریحان کے مقابل

---

۱. لباس ۲. جاتا

کرنے کے تیں تلاوت کیوں ذوق[۳] مجہ نہ ہووے
سمجیا[۴] ہوں مکہ کوں تیرے قرآں کے مقابل
ہرگز رقیب شیتے[۵] اسے من اچھے[۶] توں یک تل[۷]
مکرو فریب میں ہے شیطان کے مقابل
کونچے میں عشق کے یو[۸] اللہ سد گنوادے
فہمید گی میں گر ہووے سبحان کے مقابل
اس ملک کی صفت میں جیتا کہوں تو تھوڑا
پیدا کیا اُسے حق کنعان کے مقابل
اکثر سخن وراں نے مجہ شعر سن کے بولے
فدوی کا ایک مصرع دیوان کے مقابل

○

گر دیکھے میرے چشم گریاں کوں — بھول جاویگا نوح طوفاں کوں
مکہ تیرا دیکھ کر گلستاں میں — چاک کرتے ہیں گل گریباں کوں
زلف کا گل[۱] میں باندنا[۲] زنار — شوق ہوتا ہے ہر مسلماں کوں
غرق لاکھاں[۳] سیتے ہوے ہیں دل — کیا عمق ہے چہ زنخداں کوں
باغ جنت میں رشک سوں تیرے — داغ دل میں اچھیگا[۴] رضواں کوں
اس کوں حاصل ہے نت[۵] پریشانی — جو دیکھا زلف تجہ پریشاں کوں
ہووے فدوی ترے یہ جب مشکل
یاد کر توں شہ خراساں کوں

---

۳ مجھے ۴ سمجھا ۵ سے ۶ رہے ۷ لمحہ ۸ یہ
۱ گلا (گلے) ۲ باندھنا ۳ لاکھ کی جمع ۴ ہوگا ۵ ہمیشہ

○

دیکھ کر دھن کے پر خمار انکھیاں
کیوں ہیں بیتاب و بے قرار انکھیاں
نیئں مرے چک میں اشک تجہ خاطر
لیاے کر نے کوں دُر نثار انکھیاں
کیا کہوں کس سوں جا کروں فریاد
آج کھویاں مرا وقار انکھیاں
خوبرویاں اپر اٹک کے عبث
مجہ کوں کیتاں ہیں شرمسار انکھیاں
یو چہ ہے فکر دل میں مجہ نس دن
کس وقت ہو ینگیاں دوچار انکھیاں
بول فدوی کدن سوں موہن کوں
آدو رکھیاں ہیں انتظار انکھیاں

○

کیوں نہ آوے گا آب انکھیاں میں
جا کیا آفتاب انکھیاں میں
شیشۂ چک میں گلبدن کے سبب
ہے لبالب گلاب انکھیاں میں
تاب تجہ مکہ کا جب سوں دیکھیا ہوں
تب سیتی نیں ہے تاب انکھیاں میں
جن نے دیکھیا دو چشم میگوں کوں
ہے اسے خونِ ناب انکھیاں میں

عجز سوں میں کیا سوال تو مجھ
چپکے دیتا جواب انکھیاں میں
جو کیا دل سوں عشق کا سودا
ان نے پایا ہے لابُ[1] انکھیاں میں
شاہ ہے دل کے ملک کا قدوی
جس کے تیئں ہے حجاب انکھیاں میں

○

اے سرو قد شیریں زباں جگ میں ترا ثانی نہیں
ہور حسن کے ین کوں سکل ترے بغیر پانی نہیں
لکھتے وقت نامہ تجے ازبسکہ درد دل سیتے
رویا رگت[2] سو ہے نشاں کاغذ یو افشانی نہیں
تجہ ہجر کے باعث سوں دھن[3] جو دل پریشاں ہے مرا
زلف پریشاں میں تیری اتنی پریشانی نہیں
سیر چمن سوں تازگی حاصل نہیں دل کوں رتی
ہے عندلیب گل رخاں بلبل گلستانی نہیں
بولیا ہے قدوی یو غزل اس کے تقابل بولنا
ایسا سخن کہنے کسی دسرے منے پانی نہیں

○

مت تمیں آ کے مجھ سلام کرو
چپ نہ رسوائے خاص و عام کرو

---

[1] فائدہ [2] خون [3] مجروح

نہ رکھو مجھ کوں نیم بسمل کر
قتل کرنا تو با اہتمام کرو

ہات میرا پکڑ کے کر ممتاز
نیک نامی کا جگ میں نام کرو

شربت لب پچکھا مریض کے تئیں
ہو کے دھرمی دھرم کا کام کرو

آئے ہو تو خموش کیا بیٹھو
کچھ میٹھے ہم سیتی کلام کرو

نظرِ لطف حالِ فدوی پر
گاہ گاہ کیا علی الدوام کرو

○

جب دار سوں کیا ہے منصور آشنائی
تب جا ہوا ہے جگ میں منظور آشنائی

صحت اسے نہیں ہوی لقمان کی دوا سوں
جو دل ہوا ہے یاراں رنجور آشنائی

دکھلا کے آس اول بعد از نراس[۱] ناکر
کرنا دغا نہیں ہے دستور آشنائی

ظلمت جو یک گدھن[۲] سوں معدوم ہوی سراسر
روشن ہوا جہاں میں جب سور[۳] آشنائی

ہر چند زہد و تقوی کیتا تو کیا ہے حاصل
منزل کوں نا انپڑ[۴] سکے بے نور آشنائی

---

۱ مایوس ۔ ۲ ظرف ۳ سورج ۴ پہنچ سکے

ہر آن ہر گھڑی میں منگتا ہوں پوچھ حق سوں
کس کوں نہ کرتوں جگ میں چھوڑ آشنائی
نیں پل میں ایک لحظ آرام ہور راحت
بالکل ہوا ہے فدوی دل چور آشنائی

○

بن جدا ہو کے یار جاتا ہے
عیش کا سو بہار جاتا ہے
نس کوں کس کوں دکھانہ اپسیں صنم
چاند کا اعتبار جاتا ہے
کھول ٹک دیکھ چشم عبرت سوں
صنعت کردگار جاتا ہے
جس کے دیکھے سوں ایک پل میانے
ہاتھے سوں ٹل اعتبار جاتا ہے
دل مرا دلربا کے کوچے میں
کیا کروں بے قرار جاتا ہے
نیں چلیا ہے سفر کوں وو مہ رو
بیکاں کا ادھار جاتا ہے
آج تجہ ایک تن کے جانے سوں
ملک کا سب سنگار جاتا ہے
اب تغافل کیتیں نہ دکہہ جانی
وقت بوس و کنار جاتا ہے

۱۔ یہی ۲۔ اپنے آپ کو ۳۔ میں ۴۔ ہاتھ ۵۔ سہارا

ہو رہیا حیف میں یو شہر غریب
شہر کا شہر یار جاتا ہے
پیو[1] کے جاتے کی سن خبر خدوی
جیو[2] نکل تن سوں یار جاتا ہے

○

جس کوں قربت میں تج[3] ارادت ہے
دو جہاں میں اسے سعادت ہے
شوق سوں تج گلی میں چل جانا
بہتر از طاعت و عبادت ہے
تیغ ابرو سوں دھن کے عاشق کوں
دم بدم لذت شہادت ہے
کفر ہے شبہہ تج جناب منے
کہ یو انوار سب سیادت ہے
آمرے گھر کوں کر ثواب حاصل
یوں سمجھ دل میں یو عیادت ہے
دل میں مرے پڑیا[4] ہے ہول و ہراس
لطف تیرا خلاف عادت ہے
صحبت یار کوں غنیمت جان
ہر زماں فیض ہے افادت ہے

○

---

۱ محبوب ۲ جان ۳ تیری ۴ پڑا

دل میں مجھ یوں گماں آتا ہے
آج وو مہرباں آتا ہے
شکر اللہ کہ وو مسیحا دم
پھر کے دینے کوں جان آتا ہے
ہدف دل پہ تیر عشق لگے
جب وو ابرو کماں آتا ہے
بے سبب مجھ غریب پر دیکھو
چیکے ابرو کوں تان آتا ہے
فرش رہ کر اسے دل توں دیڈیاں[1] کوں
صاحب عز و شان آتا ہے
فخر برجا کروں فلک پہ جو شہ
میرے گھر میہماں آتا ہے
غم میں اپنے کیا جو پیر مجھے
پھر کے وو نوجواں آتا ہے
لال ہوتی زباں فصیحاں کی
جب وو روشن بیاں آتا ہے
ہر صبح آفتاب ہاتھ[2] پسار
تجہ سوں[3] منگنے کوں دان[4] آتا ہے

○

(مطبوعہ سب رس۔ حیدرآباد جولائی ۸۷ء)

---

۱ دیدہ کی جمع ۲ ہاتھ ۳ سے ۴ خیرات

ڈاکٹر جمیل جالبی اور دکنی ادب کی تحقیق

ڈاکٹر جمیل جالبی برصغیر ہندو پاک کے علمی و ادبی حلقوں میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ اردو دنیا میں وہ، بیک وقت ایک بلند پایہ عالم، قدآور محقق، صاحبِ نظر نقاد، کامیاب مترجم اور اردو تحریک کے ایک فعّال نمائندے کی حیثیت سے شہرت رکھتے ہیں۔ مختلف موضوعات پر ان کی اب تک بتیس کتابیں اور تین سو سے زائد مضامین شائع ہوئے ہیں۔ دس کتابوں کے ہندوستانی ایڈیشن شائع ہوئے ہیں اور بعض کتابوں کے دو اور تین تین سے زاید ایڈیشن منظرِ عام پر آ چکے ہیں۔ ڈاکٹر جمیل جالبی بنیادی طور پر محقق اور نقاد ہیں لیکن انھوں نے ترجمہ، تاریخ ادب، افسانہ، داستان اور کلچر جیسے موضوعات پر بھی خامہ فرسائی کی ہے۔ ڈاکٹر جالبی کے نام کے ساتھ ہی ذہن میں ایک قدآور ادبی شخصیت اور اس کے متنوع تحقیقی تنقیدی ثقافتی، علمی اور ادبی کارنامے کا تصور اُجاگر ہوتا ہے۔ جالبی صاحب نے اردو زبان و ادب کے لیے جو تن تنہا کام کیا ہے، وہ کئی اداروں کی

جانب سے کیے جانے والے کام پر بھاری ہے۔ ایک طرف تو ان کا چار ضخیم جلدوں پر مشتمل مبسوط، سیر حاصل اور معرکہ آرا کارنامہ تاریخِ ادبِ اردو ہے۔ تو دوسری جانب مغربی تنقید کے افکار کے تراجم پر مبنی ان کی فقید المثال کتابیں "ایلیٹ کے مضامین" اور "ارسطو سے ایلیٹ تک" ہیں جو کسی بھی طرح "تاریخ ادب اردو" سے کم تر اہمیت کی حامل نہیں اس کے علاوہ تحقیق و تنقید، دکنیات، تدوینِ متن اور ثقافتی مسائل جیسے مختلف النوّع موضوعات پر ان کے کارناموں کو ہمیشہ قدر کی نگاہوں سے دیکھا جائے گا۔

ڈاکٹر جالبی کی اولوالعزمی اور نئے علمی گوشوں کی تلاش نے حال ہی میں انہیں فنی اور علمی اصطلاحات اور لغت نویسی کے میدان کی طرف متوجہ کیا ہے اس سلسلہ میں ان کی مرتبہ "فرہنگِ اصطلاحاتِ جامعہ عثمانیہ (۱۹۹۱ء) اور "قومی انگریزی اردو لغت (۱۹۹۲ء) کے نام قابلِ ذکر ہیں، اوّل الذکر کتاب میں بتیس علوم و فنون اور ان کی ذیلی شاخوں سے متعلق انگریزی اصطلاحات اور ان کی اردو مترادفات، حروفِ تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیے گئے ہیں۔ آخر الذکر کتاب انگریزی اردو لغت ہے۔ جس میں کم و بیش دو لاکھ الفاظ، اصطلاحات و معانی کو یکجا کیا گیا ہے۔

تاریخی اعتبار سے ڈاکٹر جمیل جالبی کی تصانیف، تالیفات اور تراجم حسبِ ذیل ہیں۔

۱۔ جانورستان (جارج آرول کے ناول "ینمل فارم" کا ترجمہ)۔ کراچی۔ ۱۹۵۸ء

۲۔ ایلیٹ کے مضامین (ایلیٹ کے نو مضامین کا ترجمہ) کراچی۔ ۱۹۶۰ء۔ اس کتاب کا ہندوستانی ایڈیشن بھی لکھنؤ سے شائع ہوا تھا۔ (تاریخ ندارد)
ایلیٹ کے مضامین کا دوسرا ایڈیشن، جس میں چودہ مضامین کا ترجمہ شامل ہے کراچی سے ۱۹۷۱ء میں منظرِ عام پر آیا اور ہندوستانی ایڈیشن ۱۹۷۸ء میں دہلی سے چھپا۔

۳۔ حاجی بغلول (منشی سجاد حسین کا مزاحیہ ناول) کراچی۔ ۱۹۶۱ء

۴۔ پاکستانی کلچر: قومی کلچر کی تشکیل کا مسئلہ کراچی ۱۹۶۴ء۔ دوسرا، تیسرا، چوتھا، پانچواں اور چھٹا ایڈیشن بالترتیب

۱۹۶۶ء ۔ ۱۹۷۳ء ۔ ۱۹۸۴ء ۔ ۱۹۸۴ء ۔ ۱۹۸۵ء ۔ میں کراچی اور اسلام آباد سے شائع ہوا۔

۵ ۔ تنقید اور تجزیہ (تنقیدی مضامین کا مجموعہ) کراچی ۱۹۶۷ء

۶ ۔ دیوانِ حسن شوقی (تحقیق و تدوین) ۔ کراچی ۔ ۱۹۷۱ء

۷ ۔ دیوان نصرتی ۔ (تحقیق و تدوین) ۔ لاہور ۔ ۱۹۷۲ء

۸ ۔ مثنوی نظامی دکنی المعروف بہ کدم راؤ پدم راؤ (تحقیق و تدوین) کراچی ۔ ۱۹۷۳ء ہندوستانی ایڈیشن ۔ دہلی ۔

۹ ۔ قدیم اُردو کی لغت ۔ لاہور ۱۹۷۳ء

۱۰ ۔ تاریخ ادب اُردو (جلد اول) لاہور ۱۹۷۵ء ۔ ہندوستانی ایڈیشن ۔ دہلی ۔ ۱۹۶۸ء دوسرا ایڈیشن ۔ لاہور ۔ ۱۹۸۶ء

۱۱ ۔ ارسطو سے ایلیٹ تک (ترجمہ) کراچی ۔ ۱۹۷۵ء ۔ دوسرا ایڈیشن اسلام آباد ۱۹۷۶ء تیسرا ایڈیشن ۔ اسلام آباد ۔ ۱۹۸۵ء ۔ ہندوستانی ایڈیشن ۔ دہلی تاریخ ندارد

۱۲ ۔ محمد تقی میر (حیات، سیرت، تصانیف اور مطالعہ شاعری) ۔ کراچی ۔ ۱۹۸۱ء ہندوستانی ایڈیشن دہلی ۔ ۱۹۸۳ء

۱۳ ۔ تاریخ ادب اُردو جلد دوم حصہ اوّل ۔ لاہور ۱۹۸۲ء ۔ ہندوستانی ایڈیشن دہلی ۔ ۱۹۸۵ء ۔ دوسرا ایڈیشن ۱۹۸۷ء ۔ (لاہور)

۱۴ ۔ تاریخ ادب اُردو جلد دوم حصہ دوم ۔ لاہور ۔ ۱۹۸۲ء ۔ ہندوستانی ایڈیشن ۱۹۸۵ء دوسرا ایڈیشن لاہور ۔ ۱۹۸۷ء

۱۵ ۔ حیرت ناک کہانیاں (بچوں کے لئے) کراچی ۱۹۸۳ء

۱۶ ۔ پاکستان ۔ دی آئی ڈنٹٹی آف کلچر (مترجم ہادی حسین) کراچی ۔ ۱۹۸۴ء

۱۷ ۔ نئی تنقید (مجموعہ مضامین) کراچی ۱۹۸۵ء

۱۸ ۔ بزم خوش نفساں ۔ (شاہد احمد دہلوی کے چھبیس سوانحی خاکے) کراچی ۔ ۱۹۸۵ء

۱۹ ۔ حیرت ناک کہانیوں (سندھی) ۱۹۸۵ء

۲۰ ۔ ادب، کلچر اور مسائل (مضامین کا مجموعہ) کراچی ۔ ۱۹۸۶ء

۲۱ ۔ ن۔م۔راشد ۔ ایک مطالعہ ۱۹۸۶ء کراچی ۔

۲۲ ۔ دی پیسنٹنگ ورلڈ آف اسلام (انگریزی) بہ اشتراک ڈاکٹر قاضی عبدالقادر کراچی ۔ ۱۹۸۶ء

۲۳۔ پاکستانی کلچر (سندھی میں) مترجم ڈاکٹر ایاز قادری کراچی ۱۹۸۸ء

۲۴۔ کلیات میراجی ۔ ۱۹۸۹ء

۲۵۔ اسلامی جدیدیت ۱۹۸۹ء

۲۶۔ قومی زبان : یک جہتی : نفاذ اور مسائل ۱۹۸۹ء

۲۷۔ میراجی ۔ ایک مطالعہ ۱۹۹۰ء

۲۸۔ اسلامی کلچر ۱۹۹۰ء

۲۹۔ معاصر ادب ۱۹۹۰ء ۳۰۔ فرہنگ اصطلاحات جامعہ عثمانیہ اسلام آباد۔ ۱۹۹۱ء

۳۱۔ خوجی (بچوں کے لیے) ۱۹۹۲ء ۳۲۔ قومی انگریزی اردو لغت ۱۹۹۲ء

دکنی ادب کی تحقیق اور تدوین متن کے سلسلہ میں ڈاکٹر جمیل جالبی نے گراں قدر خدمات انجام دی ہیں ۔ دکنیات سے متعلق ان کی تصانیف کا جائزہ لینے سے قبل ضروری معلوم ہوتا ہے کہ دکنی ادب کی بازیافت اور قدیم متون کی ترتیب و تدوین کے پس منظر پر بھی سرسری نگاہ ڈالی جائے ۔

دکنی ادب کی تلاش و تحقیق کے پہلے مرحلے کا آغاز بیسویں صدی کے ربع اول سے ہوتا ہے ۔ حکیم شمس اللہ قادری، مولوی عبدالحق، محی الدین قادری زور، عبدالقادر سروری، نصیرالدین ہاشمی، سید محمد، میر سعادت علی رضوی اور عبدالمجید صدیقی نے دکنی اردو کے متعدد ادب پاروں کی ترتیب و تدوین کی ۔ قدیم ادبیات کی بازیافت کی ان اولین کاوشوں کے نتیجے میں دکنی ادب کی جو کتابیں منظر عام پر آئیں، ان میں تحقیق سے زیادہ تدوین کی جانب توجہ کی گئی ۔ یہ کوشش بنیادی طور پر ماخذ کے تحفظ پر مرکوز تھیں

اور اگر تحقیق و تدوین متن کے جدید اصولوں کی روشنی میں ان کا جائزہ لیا جائے تو دو چار مستثنیات سے قطع نظر یہ کام غیر تشفی بخش اور خامیوں سے پُر نظر آئے گا۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ان کتابوں کے منظر عام پر آنے سے آئندہ نسلوں کے لئے تلاش و تحقیق کی راہیں کافی آسان ہوگئیں۔

قدیم دکنی ادب پر تحقیقی کام کے دوسرے مرحلے کی ابتدا ۱۹۶۵ء میں شعبۂ اردو جامعہ عثمانیہ سے شائع ہونے والے مجلے "قدیم اردو" سے ہوتی ہے۔ اس مجلے میں، قدیم دکنی ادبیات کے منتخب متون کو، تنقید متن کے جدید اصولوں کی روشنی میں، مختلف نسخوں کے تقابلی مطالعہ کے بعد، صحت کے ساتھ مرتب کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی۔ "قدیم اردو" کے ابتدائی چند شمارے آج بھی تحقیق و تنقید اور تدوین متن کے مستند نمونوں کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس مجلے کے ذریعے منظر عام پر آنے والے نام ور محققین میں مسعود حسین خاں، غلام عمر خاں، اکبر الدین صدیقی، سیدہ جعفر، حسینی شاہد، ابوالنصر محمد خالدی اور مبارز الدین رفعت وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

دکنی اردو کے بیشتر محققین یا تو سرزمین دکن ہی کی خاک سے اٹھے ہیں یا پھر جامعہ عثمانیہ کے تربیت یافتہ ہیں۔ قدیم اردو کے وہ عالم اور محقق جنہوں نے دیار دکن سے دور رہ کر، دکنی ادبیات کی تحقیق و ترتیب کے سلسلہ میں، بیش بہا خدمات انجام دی ہیں۔ ان میں ڈاکٹر جمیل جالبی کا نام سرفہرست ہے

دکنیات کے سلسلہ میں ڈاکٹر جالبی کی درج ذیل کتابیں قابل ذکر ہیں۔

۱۔ دیوان حسن شوقی ۲۔ دیوان نصرتی ۳۔ مثنوی کدم راؤ پدم راؤ۔
۴۔ قدیم اردو کی لغت ۵۔ تاریخ ادب اردو (جلد اول)

دیوان حسن شوقی :۔ دکنی ادب کی تحقیق و تدوین کے سلسلہ میں ڈاکٹر جمیل جالبی کی پہلی کتاب "دیوان حسن شوقی" ہے۔ ۱۹۴ صفحات پر مشتمل یہ کتاب انجمن ترقی اردو کراچی پاکستان

کی جانب سے ۱۹۷۱ء میں منظرِ عام پر آئی۔

حسن شوقی قدیم دکنی کا ایک باکمال اور عظیم المرتبت شاعر تھا۔ ابن نشاطی سے ولی تک کم و بیش تمام بلند پایہ شاعروں نے، اس کی استادی اور کمالِ فن کا اعتراف کیا ہے مولوی عبدالحق نے سب سے پہلے، دو مثنویوں اور تین غزلوں کے حوالے سے، حسن شوقی کو اردو دنیا سے متعارف کروایا تھا[1] بعد کو مولوی سخاوت مرزا اور ڈاکٹر حسینی شاہد نے اس کی مزید آٹھ غزلیں دریافت کیں[2]

ڈاکٹر جمیل جالبی کے مرتبہ دیوان میں شوقی کی دونوں مثنویوں "فتح نامہ نظام شاہ" اور "میزبانی نامہ" کے علاوہ تیس غزلیں اور ایک نظم شامل ہے[3] یہ کتاب اگرچہ دکنی ادب کی تحقیق سے متعلق جالبی صاحب کی پہلی تصنیف ہے لیکن اس کے مطالعے سے وہ ایک صاحبِ نظر محقق اور ماہر دکنیات کے روپ میں سامنے آتے ہیں۔ انہوں نے تحقیق و تدوین اور تنقیدِ متن کے جدید اصولوں کی روشنی میں، قدیم اردو کے ایک باکمال شاعر کے کلام کو عالمانہ مقدمے کے ساتھ مرتب کیا ہے۔

دیوان حسن شوقی کا مقدمہ ۶۸ صفحات پر پھیلا ہوا ہے، جس میں ممکن الحصول ذرائع سے شاعر کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اور بحیثیت مثنوی نگار اور غزل گو شوقی کے مرتبے کا تعین کیا گیا ہے۔ بیاضوں کا تعارف، املا کی خصوصیات اور لسانی مطالعہ جیسے مباحث کی شمولیت سے مرتب کے مطالعہ کی وسعت اور دقتِ نظر کا پتا چلتا ہے۔

---

[1] رسالہ اردو ۔ جولائی ۱۹۲۹ء

[2] رسالہ اردو ۔ کراچی ۔ اپریل ۱۹۵۴ء ۔ میں مولوی سخاوت مرزا نے تین غزلیں اور ڈاکٹر حسینی شاہد نے "قدیم اردو" ۱۹۶۵ء میں پانچ غزلیں شائع کی تھیں۔

[3] راقم الحروف نے حال ہی میں حسن شوقی کی ایک اور غزل دریافت کی ہے۔ اس طرح اس کی غزلوں کی تعداد اب ۳۱ ہوتی ہے۔ دیکھیے دکنی شاعری۔ تحقیق و تنقید ۱۹۸۸ء۔ حیدرآباد۔ ص ۸۴

حسن شوقی کے واقعاتِ حیات اور ادبی کارناموں کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر جمیل جالبی لکھتے ہیں کہ جنگ تالی کوٹ کے وقت (۶۵-۱۵۶۴ء)، شوقی نظام شاہی دربار سے وابستہ تھا - اسی لیے اس نے فتح کا سہرا حسین نظام شاہ کے سر باندھا ہے، حالانکہ اس جنگ میں چاروں بادشاہ (ابراہیم قطب شاہ، علی عادل شاہ اول، علی برید شاہ اور حسین نظام شاہ) برابر کے شریک تھے۔ "فتح نامہ نظام شاہ" کے دستیاب دونوں قلمی نسخوں کے تقابلی مطالعہ کے بعد ڈاکٹر جالبی نے مولوی عبدالحق کے خیال سے اختلاف کرتے ہوئے "نسخہ ثانی" کو نہایت اہم اور بنیادی نسخہ قرار دیا ہے۔ انھوں نے اپنے دعوے کی بنیاد ایسے دلائل پر رکھی ہے کہ شک و شبہ کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ ڈاکٹر جمیل جالبی نے بڑی ژرف نگاہی، عرق ریزی اور چھان بین کے بعد "فتح نامہ" کے دونوں نسخوں میں بکھرے ہوئے اشعار کو یکجا کر کے اس مثنوی کو ایک نئی اور ترقی یافتہ شکل میں پیش کرنے کی کامیاب سعی کی ہے۔

مثنوی "میزبانی نامہ" میں سلطان محمد کی ایک شادی سے بحث کرتے ہوئے جالبی صاحب نے مولوی عبدالحق، ڈاکٹر زور، نصیر الدین ہاشمی اور حسینی شاہد سے اختلاف رائے کرتے ہوئے پہلی بار یہ انکشاف کیا ہے کہ متذکرہ مثنوی میں "سلطان محمد کی جس شادی کو موضوعِ سخن بنایا گیا ہے وہ مصطفیٰ خاں وزیرِ اعظم کی دختر کے ساتھ نہیں بلکہ نواب مظفر خاں کی بیٹی سے ہوئی تھی"۔ اپنے بیان کی تصدیق کے طور پر انھوں نے "میزبانی نامہ" کی درج ذیل سرخی نقل کی ہے۔

"در بیان مہمانی کردن سلطان محمد عادل شاہ دادن ہمشیر دختر نواب مظفر خاں"

یہ اسقدر ٹھوس اور واضح استدلال ہے کہ قادری کے بیے محقق کے بیان سے اتفاق کیے بغیر کوئی چارہ کار باقی نہیں رہ جاتا۔

جہاں تک غزل گوئی کا تعلق ہے، حسن شوقی، دبستانِ دکن کے باکمال متغزلین میں شمار کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر جمیل جالبی نے، دکنی غزل کے پس منظر میں شوقی کی غزل گوئی کا

بھرپور جائزہ لیا ہے اور اس کے مرتبے و مقام کا تعین کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس خصوص میں انہوں نے مختلف قلمی کتابوں کے دفینوں سے، متعدد جوہر گراں مایہ ڈھونڈ نکالے ہیں۔ اور فیروز، محمود، خیالی، سالک، اشرف، رحیمی، قریشی اور تائب کی بعض غزلوں کو پہلی بار منظرِ عام پر لایا ہے۔

قدیم اُردو کی قلمی بیاضوں میں املا کی عجیب و غریب شکلیں ملتی ہیں، جس کی وجہ سے مرتبِ متن کو قدم قدم پر دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یائے معروف، یائے مجہول اور ہائے سادہ، ہائے مخلوط میں کوئی امتیاز برتا نہیں جاتا بلکہ اکثر صورتوں میں ایک کی جگہ دوسری ملتی ہے۔ ڈاکٹر جالبی "دیوان حسن شوقی" میں املا کے سلسلہ میں اپنے طریق کار کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ۔

"زیادہ تر الفاظ میں نے اصل املا کے مطابق رہنے دیے ہیں۔ صرف ہ اور ھ کو بدلا ہے تاکہ پڑھنے میں آسانی ہو اور شعر آسانی سے وزن میں پڑھا جا سکے ص۶۵

لیکن تصحیح متن کے لیے یہ اصول مناسب نہیں معلوم ہوتا۔ اگر یائے معروف اور یائے سادہ کو صحیح شکل کے ساتھ نہیں لکھا گیا تو املا کا درج ذیل روپ سامنے آتا ہے، جس سے نہ صرف شعر کے سمجھنے میں دشواری ہوگی بلکہ غلط معنی و مفہوم کے استخراج کا بھی اندیشہ ہے۔

ع لے دن ہوئے سرجن مجہ لک پتر نہ بھیجا
ص۱۴۱

اس مصرع میں "لے" کی جگہ "لئے" (بمعنی زیادہ) ہونا چاہیئے

ع کسی تج باج تھل سوں تا اگر یوسف بھلاوے مجہ
ص۱۶۵

اس مصرع میں "کسی" کے بجائے "کسے" (کسی کو) ہونا چاہیئے۔

اسی طرح درج ذیل مصرعوں میں ہائے سادہ کی جگہ ہائے مخلوط ہونی چاہیئے۔

ع جیوں پتہر پر کی لیکھ جس کی بات
ص۱۵۲

(پتھر)

ع کر کوتوں کسی سیں انوٹہی بات
ص۱۵۲

(انوٹھی)

ع دلبر سلونی نین پر کھینچے ہے سو کا خو بتر

(کھینچے) صـ ۱۵۶

دیوانِ نصرتی :- دکنی ادب کی بازیافت کے سلسلہ میں ڈاکٹر جمیل جالبی کی دوسری اہم تحقیقی "تدوین" "دیوان نصرتی" ہے جو "دیوان حسن شوقی" کی اشاعت کے دوسرے سال ۱۹۷۲ء میں مطبع توسین لاہور سے شائع ہوئی۔ "دیوان نصرتی" کی موجودہ اشاعت سے پہلے "مجلس ترقی ادب لاہور کے ماہنامے" "صحیفہ" اکتوبر ۱۹۷۲ء کی اشاعت میں بھی اسے شامل کیا گیا تھا۔

ملک الشعراء نصرتی دبستان بیجاپور کا ایک بلند پایہ شاعر ہے۔ بحیثیت قصیدہ گو اور مثنوی نگار وہ دبستان دکن کے دو تین عظیم المرتبت شاعروں میں شمار ہوتا ہے۔ غزل گوئی کے میدان میں بھی اس نے اپنی بے پناہ تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس کی بے مثال عشقیہ مثنوی "گلشن عشق" کو مولوی عبدالحق اور سید محمد نے علی الترتیب ۱۹۵۲ء میں "انجمن ترقی اردو کراچی سے اور ۱۹۵۷ء میں سالار جنگ پبلشنگ کمیٹی حیدرآباد سے شائع کیا تھا جبکہ اس کی معرکتہ الآرا۔ رزمیہ مثنوی "علی نامہ" کو عبدالمجید صدیقی نے ۱۹۵۹ء میں مرتب کر کے سالار جنگ پبلشنگ کمیٹی حیدرآباد سے شائع کیا۔ "نصرتی" کے عنوان سے مولوی عبدالحق کی مرتبہ ایک کتاب ۱۹۴۴ء میں دہلی سے منظرِ عام پر آئی۔

"دیوان نصرتی" میں "ڈاکٹر جمیل جالبی نے ۴۵۵ اشعار پر مشتمل مثنوی "تاریخ اسکندری" کے علاوہ ۴ قصیدے (۱۔ قصیدۂ پرخیہ ۲۔ گھوڑا مانگنے کی درخواست۔ ۳۔ قصیدہ ۴۔ ہجو سخنور) ۲۰ مخمسات، ۲۳ غزلیں، ۲۸ رباعیاں، ۳ قطعات اور ایک فارسی غزل کو شامل کتاب کیا ہے۔ مقدمہ ۱۶ صفحات پر پھیلا ہوا ہے جس میں شاعر کے حالاتِ زندگی اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ کلام کی اندرونی شہادتوں کی مدد سے نصرتی کے واقعاتِ حیات کے بعض نئے گوشے زیر بحث لائے گئے ہیں، جیسے نصرتی کا خاندان دکن میں آکر آباد ہو گیا تھا اور مقامی لوگ اس خاندان کو اب بھی باہر کا خاندان سمجھتے تھے۔ وہ طبعی موت نہیں مرا، بلکہ حاسدوں نے اُسے شہید کر دیا اور نجومیوں نے یہ پیش قیاسی بھی

کی تھی کہ اس کو جان کا خطرہ ہے۔ نصرتی کے سنہ وفات کے سلسلہ میں ڈاکٹر جمیل جالبی نے ڈاکٹر زور کے دیے ہوئے سال وفات ۱۰۸۱ھ سے اختلاف کرتے ہوئے مولوی نصیر الدین ہاشمی کے متعین کردہ سنہ وفات ۱۰۸۵ھ کو قرین قیاس مانا ہے اور درج ذیل شعر کے حوالے سے یہ بھی بتایا ہے کہ "تاریخ اسکندری" ۱۰۸۴ھ کی تصنیف ہے۔

سہس ہور اسی پر چو تھے تین سال

کرے یک میں بر سب زمانے نے حال

ڈاکٹر جالبی نے "نصرتی کی مثنویوں" "گلشن عشق" "علی نامہ" اور "تاریخ اسکندری" کی شعری، فنی اور لسانی خصوصیات کا تفصیلی جائزہ لیا ہے اور ساتھ ہی ساتھ بحیثیت غزل گو اور قصیدہ نگار نصرتی کے کمالِ فن پر روشنی ڈالی ہے۔

جہاں تک تدوین متن کا تعلق ہے "دیوان نصرتی" میں ایک کمی یہ رہ گئی ہے کہ جالبی صاحب نے مولوی عبدالحق کی مرتبہ کتاب "نصرتی" کا تفصیلی تعارف نہیں کروایا اور بعض رسائل جن میں "نصرتی" کا غیر مطبوعہ کلام چھپا تھا، ان کی دسترس سے باہر رہ گئے۔ مولوی عبدالحق نے اپنی کتاب "نصرتی" میں، نہ صرف شاعر کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالی ہے اور خصوصیاتِ کلام بیان کئے ہیں بلکہ نصرتی کی تین غزلیں (۲۵ اشعار)، ۷ رباعیاں، ۲ قطعات، دو قصیدے (قصیدہ ترجیع ۱۰ اشعار، ہجو سختور ۲۷ اشعار)، ایک مخمس (۶ بند) کے علاوہ مثنوی "تاریخ اسکندری" کے ۲۲۶ اشعار بھی پیش کیے ہیں۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ متذکرہ کتاب اور نصرتی کی مطبوعہ چیدہ چیدہ غزلوں کے متن کا بھی تقابلی مطالعہ کیا جاتا۔ جہاں تک نصرتی کی نو دریافت غزلوں کا تعلق ہے، مولوی اکبرالدین صدیقی نے ماہنامہ "سب رس" حیدرآباد جنوری ۱۹۶۶ء میں نصرتی کی تین غزلیں "میٹھے بچن سناؤں" کے عنوان سے شائع کی تھیں بعد کو یہی مضمون ایک غزل کے اضافے کے ساتھ، "بجھتے چراغ" میں بھی شامل کیا گیا۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر محمد ہاشم علی نے "نوائے ادب" بمبئی اپریل ۱۹۶۷ء میں نصرتی کی مزید تین غزلیں شائع کیں۔ ڈاکٹر جمیل جالبی نے "دیوان نصرتی" میں جملہ ۲۳ غزلیں شامل کی ہیں۔ اگر متذکرہ مضامین تک ان

کو رسائی حاصل ہوتی تو نصرتی کی غزلوں کی تعداد ۲۷ ہو جاتی ۔ موجودہ صورت میں درج ذیل غزلیں اور بعض غزلوں کے چیدہ چیدہ اشعار " دیوان نصرتی " میں شامل نہیں ہو سکے۔

دسن سوں تجہ دہن اے دھن امولک گھن گھر کا ہے
کہ ہر الماس صاف اس میں مگر ٹکرا چندر کا سا ہے

(نوائے ادب بمبئی اپریل ۱۹۶۷ء)

دھن کا لبد ہور گلا دیکھت ساقی مدام
مے صراحی کی پچھاڑت تھے سٹتا ہے جام

(سب رس حیدرآباد جنوری ۱۹۶۶ء)

تھوڑی ہور کچھ تیری دیکھت کتا دل بے شکیب اچھا
کدی کچھ بات میں نازک کدی تولب میں سیب اچھا

(سب رس حیدرآباد ۔ جنوری ۱۹۶۶ء)

نا وزن نا تلازم نا قافیہ ردیف ہے
مہمل بچن سراسر جانو بحور جوڑا

(" نصرتی " ۔ مولوی عبدالحق ص ۳۱۶)

" دیوان نصرتی " ڈاکٹر جالبی کی بیشتر کتابوں کی طرح ٹائپ میں شائع ہوئی ہے ۔ جس کی وجہ سے اس کتاب میں کمپوزنگ اور طباعت کی بے شمار غلطیاں راہ پا گئی ہیں مثلاً

ع دبی تھی سو آتش اوٹھی پھر سلگ (ص ۱۸ سطر ۸)
دبی کی جگہ ڈوبی چھپا ہے

ع نہ کر کچھ دھنی کے زباں پر نظر (ص ۲۱ ، سطر ۱۴)
نہ کر کی جگہ نر کر چھپا ہے

ع جماعت ہر زہ گویاں کی کدھر کو نچے میں گھر گھر ہے (ص ۵۲ ۔ سطر ۲)
کہر کی جگہ کدھر شائع ہوا ہے

ع کہ بنگی سطر لکھنے کن نکامی نیٹ مسطر ہے (صفحہ ۵۔ سطر ۲۴)
بنگی کی جگہ بنکی چھپا ہے

ع یولیا کہ لیتی دنوں سیں تیری بندگی میں ہوں (صفحہ ۶۲۔ سطر ۷)
لتی دنوں کی جگہ" کتی دنو" چھپا ہے

ع بولی بتاں کے ہت تے تٹے تو حلال بول (صفحہ ۶۲۔ سطر ۱۰)
"کے ہت" کی جگہ" کی ہٹ" چھپا ہے

کمپوزنگ اور طباعت کی بے احتیاطی سے قطع نظر، بعض اشعار کے کھولنے میں جالبی صاحب سے سہو ہوا ہے جیسے "قصیدہ پُرخیہ" کے درج ذیل اشعار دیکھیے ؎

گو نڈکے یک باگ کوں مدیں جو بکریاں دکھے
شعر گوئی کا دوجا جھٹ کرے سب کو بجھن
سیر سوں جب سیر ہو شعر گوئی میں کیا
سبز بیابان تب پھیر کوں نکلے ہرن
(صفحہ ۳۷ سطر ۹ تا ۱۲)

قصیدہ کے مضمون اور سیاق و سباق کو پیش نظر رکھیں تو پتا چلتا ہے کہ مذکرہ اشعار میں "شیر کے گوشے میں جانے" کا تذکرہ کیا گیا ہے نہ کہ "شعر گوئی" کا۔ تھوڑی سی ترمیم کے بعد ان اشعار کی تشکیل یوں ہو گی ؎

گو نڈکے یک باگ کوں مدیں جو بکریاں دکھے
شیر گوّی کا دوجا جھٹ کرے سب کو بجھن
سیر سوں جب سیر ہو شیر گوّی میں گیا
سبز بیابان تب بھیر کو نکلے ہرن !!

مثنوی کدم راو پدم راو : دکنی ادبیات کی تحقیق و تدوین کے سلسلے میں ڈاکٹر جالبی کا سب سے

اہم کارنامہ اُردو کی پہلی تصنیف مثنوی "کدم راو پدم راو" کی اشاعت ہے[1] اس مثنوی کا تعارف سب سے پہلے مولوی نصیرالدین ہاشمی نے ایک مضمون "بہمنی عہد حکومت کا ایک دکنی شاعر" مطبوعہ رسالہ "المعارف" اعظم گڈھ اکتوبر ۱۹۳۲ء کے ذریعہ کروایا تھا۔ اس کی اشاعت کے سلسلے میں ابتداً بابائے اُردو مولوی عبدالحق نے بہت تگ و دو کی تھی۔ وہ زندگی بھر حکومت سے اور زبان و ادب کے شیدائیوں سے دکنی اُردو کی اس قدیم ترین کتاب کی اشاعت کے سلسلے میں تعاون کی درخواست کرتے رہے۔ چوں کہ اس ہفت خواں کے طے کرنے میں دشواریاں بہت زیادہ تھیں۔ کامیابی کے امکانات موہوم تھے اور مالی منفعت کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ اس لیے کسی نے بھی اس بھاری پتھر کو ہاتھ لگانے کی ہمت نہیں کی۔ بالآخر ڈاکٹر جمیل جالبی نے اس مہم کو سر کرنے کا بیڑہ اُٹھایا اور مسلسل پانچ سات سال کی عرق ریزی اور چھان بین کے بعد اس مثنوی کا مکمل متن مرتب کر کے ۱۹۷۳ء میں انجمن ترقی اُردو پاکستان کی جانب سے شائع کیا۔

اس مثنوی کا واحد نسخہ انجمن ترقی اُردو پاکستان کے کتب خانہ میں محفوظ ہے۔ چوں کہ مخطوطہ ناقص الاوسط و آخر ہے اس لیے قصے کے تسلسل کو سمجھنا دشوار ہے۔ انتہائی مشکل اور غیر معین رسم الخط اور زبان کی قدامت مرتب متن کے لیے مزید الجھن پیدا کرنے کا باعث بنتی ہے۔ ڈاکٹر جالبی نے جس دیدہ ریزی، جستجو اور لگن سے چھ سو سال قدیم کتاب کو مرتب و مدوّن کیا ہے" بقول جمیل الدین عالی اُس کی داد کھل کر نہ دینا ایک نا قابل معافی ادبی جرم ہے۔

ڈاکٹر جمیل جالبی کی تحقیق کے مطابق "کدم راو پدم راو" بہمنی خاندان کے نویں بادشاہ سلطان احمد شاہ ولی بہمنی (۱۴۲۱ء - ۱۴۳۴ء) کے عہد کی تصنیف ہے۔ شاعر نے اپنا نام "فخردین" اور تخلص نظامی بتایا ہے۔

---

[1] اس کتاب کی ترتیب و تدوین پر مصنف کو شعبۂ اُردو سندھ یونیورسٹی کی جانب سے ڈی۔ لٹ کی سند عطا کی گئی۔

مثنوی کا اصل نام معلوم نہیں ہو سکا۔ چوں کہ اس کا قصہ دو اہم کرداروں "کدم راؤ" (راجہ) اور "پدم راؤ" (وزیر) کے گرد گھومتا ہے، اس لیے اس کا نام "کدم راؤ پدم راؤ" مشہور ہو گیا۔

کدم راؤ پدم راؤ تقریباً چھ سو سال قدیم مثنوی ہے اس میں مقامی بولیوں کے علاوہ سنسکرت اور پراکرت کے الفاظ بھی شامل ہیں اس لیے آج کے قاری کے لیے اس کی زبان بہت مشکل اور عسیر الفہم معلوم ہوتی ہے۔ تاہم نظامی کی قادرالکلامی اور پرگوئی مسلم ہے۔ زبان کی کم مائیگی کے باوجود اس نے مثنوی میں ضرب الامثال اور محاورے بھی بڑی مہارت اور چابکدستی سے استعمال کیے ہیں۔ مثال کے طور پر چند نمونے دیکھیے:

جو کچھ کال کرنا سو توں آج کر ۔۔۔ نہ گھال آج کا کام توں کال پر
بڑے ساچ کہہ کر گئے بول اچوک ۔۔۔ ددھا دود کا چھاچھا پیوے پھوک
بڑے ساچ کہہ کر گئے گن شگن ۔۔۔ گیہوں پیسنے پیسیا جائے گھن

"کدم راؤ پدم راؤ" کا مقدمہ کم و بیش ۶۰ صفحات پر محیط ہے جس میں ڈاکٹر جالبی نے زمانۂ تصنیف، مثنوی کا نام، حالاتِ مصنف اور مثنوی کے قصے کے خلاصے کے علاوہ املا کی خصوصیات اور لسانی مطالعہ جیسے مباحث شامل کر کے اپنی علمی بصیرت اور ژرف نگاہی کا ثبوت دیا ہے۔ تاریخی اور لسانی نقطۂ نظر سے بھی اس مثنوی کی اہمیت مسلم ہے۔

اس کتاب کی ایک اور اہم خصوصیت، جو زبان و ادب کی تحقیق کے سلسلے میں قدر کی نگاہوں سے دیکھی جائے گی، یہ ہے کہ مرتب نے کتاب کی سیدھی جانب، اصل مخطوطے کے ایک صفحے کا عکس چھاپ دیا ہے اور اس کے مقابل کے صفحے پر اپنا کھولا ہوا متن پیش کیا ہے۔ جس کی مدد سے محققین بیک نظر دونوں متون کا تقابلی مطالعہ کر سکیں گے۔ اسی طرح جالبی صاحب نے اہلِ علم کے لیے تحقیق و تدوین کے دروازے بند نہیں کیے۔ درج ذیل مقامات پر ڈاکٹر جالبی کے تیار کردہ متن سے اختلاف کیا جا سکتا ہے۔۔۔

۱ے کیٹ بھاو تھیں مجہ اٹھے سیس اگ

بلندی چلے پاے تھیں سیس لگ ص ۱۰۵، سطر ۲

دوسرے مصرعے میں چلے کے بجاے چلے ہونا چاہیئے۔

ع تیولا نہ کتیلی پرن دیہہ گانٹھ ص ۱۰۱، سطر ۴

تیولا کی جگہ یتولا اور کتیلی کے بجاے کتیلی ہونا چاہیئے۔

ع کون پرس جو تاگرے پاؤ تھیں ص ۹۶ سطر ۱

پرس کی جگہ پرک ہو نا چاہیئے۔

ع دنیا جھوٹ ہے جیونا جھونٹ جان ص ۸۹ سطر ۲

اس مصرع میں جیونا کی جگہ "جیوناں" اور جھونٹ کے مقام پر "جھوٹ" ہونا چاہیئے۔

ے نہ گل لاؤ مجہ کوں سدا سیولک

تن اوجھل نہ کرنا پلک ڈھانک چک ص ۷۷، سطر ۱۲

اس شعر کے پہلے مصرع میں "سیولک" ہونا چاہیئے اور دوسرے مصرع میں "کرتا" کی جگہ "کرناں" اور چگ کے بجاے "چک" ہونا چاہیئے۔

ڈاکٹر جمیل جالبی نے کتاب کے آخر میں ۴۲ صفحات پر مشتمل، مشکل اور غیر مانوس الفاظ کی فرہنگ اور فہرست ماخذ کے علاوہ سلاطین بہمنی کے تعارف اور شخصیات کے تذکرے پر مبنی ضمیموں کو شامل کر کے "مثنوی کدم راو پدم راو" کی قدر و قیمت میں مزید اضافہ کر دیا ہے

قدیم اردو کی لغت: دکنی ادب کی بازیافت، تلاش و تحقیق اور تدوین متن کے علاوہ ڈاکٹر جمیل جالبی نے مرکزی اردو بورڈ لاہور کی جانب سے ۱۹۷۳ء میں گیارہ ہزار الفاظ پر مشتمل قدیم اردو کی ایک لغت بھی مرتب کر کے شائع کی ہے۔ اس کتاب کی وجہ تالیف کا تذکرہ کرتے ہوئے جالبی صاحب کہتے ہیں کہ "اس لغت کی داستان یہ ہے کہ "تاریخ ادب اردو" پر کام کرتے ہوئے مجھے سینکڑوں مخطوطات اور بیاضوں کے صحراؤں سے گزرنا پڑا۔ دوران مطالعہ اکثر ایسے

لفظوں سے واسطہ پڑا جو میرے لیے اجنبی تھے۔ میں ان لفظوں کو ایک کاپی میں لکھ لیتا اور پھر سیاق و سباق کے حوالے۔ مختلف لغات کی مدد اور اہل علم سے گفتگو کرنے کے بعد جب ان لفظوں کے معنی متعین ہو جاتے تو ان کے سامنے لکھ دیتا۔ کچھ عرصہ بعد میں نے یہ کیا کہ ہر وہ لفظ جو قدیم ادب میں استعمال ہوا، اسے معنی اور حوالے کے ساتھ، ایک کارڈ پر لکھ کر رکھ لیتا۔ یہ کام ۱۹۶۱ء میں شروع ہوا تھا اور ۱۹۷۱ء میں ختم ہوا۔ جب کام ختم ہوا تو تقریباً اٹھارہ ہزار الفاظ کا ذخیرہ میرے پاس تھا۔ اس ذخیرہ کو دیکھ کر میرے ذہن میں یہ خیال پیدا ہوا کہ اگر ان الفاظ کو مرتب کر دیا جائے تو یہ لغت ان لوگوں کے لیے یقیناً مفید ثابت ہوگی جو قدیم اردو کی مطبوعہ کتب، مخطوطات اور قلمی بیاضوں کا مطالعہ کرنا چاہتے ہیں۔ اسی خیال کے پیش نظر میں نے قدیم اردو کی یہ لغت مرتب کی ہے۔" اور اس طرح جمیل جالبی صاحب نے جو کام صرف و محض اپنی علمی پیاس بجھانے کے لیے کیا تھا وہ اب ایک مستقل حوالے کی کتاب کی حیثیت سے قدیم ادب کے طلبہ اور محققین کی رہنمائی کر رہا ہے۔

قدیم اردو کی پہلی لغت سید شاہ اشرف بیابانی (۸۹۶ھ/۱۴۹۱ء۔ ۹۳۵ھ/۱۵۲۹ء) کی "واحد باری" ہے یہ لغت منظوم ہے اور اس میں عربی اور فارسی الفاظ کے مترادفات اس وقت کی مروجہ زبان (دکنی اردو) میں درج کئے گئے ہیں۔ اٹھارویں صدی کے ربع آخر میں شاہ محی الدین نے "کنز الفوائد" کے نام سے ایک لغت مرتب کی تھی، جس میں فارسی الفاظ کے معنی قدیم اردو میں تحریر کئے گئے تھے۔ ۱۹ویں صدی کے ربع دوم میں نیاز علی بیگ نے "مخزن الفوائد" کے نام سے فارسی اور قدیم اردو کی لغت مرتب کی تھی۔ ان ابتدائی کتب لغت کے علاوہ دکنی اردو کی باضابطہ لغت نگاری کے سلسلہ میں عارف ابوالعلائی کی "دکن کی زبان" (۱۳۵۴ھ/۱۹۳۵ء) مسعود حسین خاں و غلام عمر خاں کی "دکنی اردو کی لغت" (۱۹۶۹ء) سید شعار احمد کی دکنی لغت (سنِ تاریخ اشاعت ندارد)۔ سید ابوتراب خطائی ضامن کی "دکنی لغات" (۱۹۷۰ء) امیر عارفی کی "دکنی فرہنگ" (۱۹۷۲ء)۔ جمیل جالبی کی "قدیم اردو کی لغت" سن ۱۹۷۳ء اور ڈاکٹر جاوید وششٹ کی "دریائے معانی" اہمیت کی حامل ہیں۔ ان تمام کتب لغت میں

ذخیرۂ الفاظ کے نقطۂ نظر سے سب سے وقیع اور قابلِ قدر کتاب ڈاکٹر جمیل جالبی کی "قدیم اُردو کی لغت" ہے۔

"قدیم اُردو کی لغت" میں دسویں گیارہویں اور بارہویں صدی ہجری کے ربع دوم تک کے قدیم اُردو مخطوطات اور مطبوعہ کتابوں کے مشکل الفاظ و تراکیب کے معنی اور ان کے مترادفات درج کیے گئے ہیں۔ جالبی صاحب نے قدیم زبان و ادب کے محققوں اور طالب علموں کی سہولت کی خاطر یہ بہت مفید کام کیا کہ ایک ہی لفظ کی مختلف املائی شکلیں۔ مصدر، حاصل مصدر، امر، ماضی مطلق، مرکبات مشتقات کی بیشتر شکلیں شاملِ کتاب کردیں۔ جیسے۔

"بھاگنا یا" فرار ہونا" کے لیے قدیم الفاظ کے درج ذیل روپ لغات میں موجود ہیں ٹھاٹ (بھاگنا)۔ ٹھاٹنا (بھاگنا، دغا دینا)۔ نھاٹیا (بھاگا، دوڑا)۔ نھاس (بھاگ، ہناستا، نھاستا (بھاگنا، فرار ہونا، غائب ہونا، روپوش ہونا)۔ نھانٹ (بھاگ)۔ نھانٹنا (بھاگنا، فرار ہونا)

کبھی اور کب کے لیے دکنی اُردو میں "کد" کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ اس کی درج ذیل شکلیں جمیل جالبی نے پیش کی ہیں۔

کد (کبھی، کب، کس وقت)۔ کداں (کب)۔ کدھی (کبھی)۔ کدن (طرف)۔ کدھاں (کب)۔ کدھاں لگ (کب تک) کدھن، کدہن (طرف، سمت، کس طرف (کدمی (کبھی)۔ کدی (کبھی)

اسی طرح املا کی مختلف صورتوں جیسے سیا۔ صبا۔ صباح وزا۔ وضا اور وضع سور، سورج "سُرج" وغیرہ کے معنی درج کرکے قارئین کے لیے بڑی سہولت پیدا کردی ہے۔

ڈاکٹر جمیل جالبی نے تنِ تنہا اس مشکل اور صبر آزما کام کی تکمیل کی ہے جب کہ کتب لغت کی تدوین کا کام محققین اور ماہرین زبان کی جماعت یا ادارے انجام دیتے ہیں۔ لیکن پھر بھی اس نوعیت کی کسی بھی مساعی کو حرفِ آخر نہیں کہا جاسکتا۔ جالبی صاحب کی مرتبہ لغت ذخیرۂ الفاظ کی وسعت کے لحاظ سے قدیم اُردو کی بہترین لغت ہے تاہم

اس میں درج ذیل الفاظ جگہ نہیں پا سکے۔

۱۔ بنگا (ٹیڑھا) بنگی (ٹیڑھی) ع

ع نوا چاند بنگی کھرک ہے کہ جان (دیپک پتنگ)

۲۔ پنج (پیدائش) پنچتا (پیدا ہوا) پنچیا (پیدا ہوا)

ع پنچ فاضلاں کا ہے اس ٹھار میں (قطب مشتری)

ع نہ پنچے نہ پنچیا ہے اس ٹھان میں (سیف الملوک و بدیع الجمال)

۳۔ پھاڑ (پہاڑ)۔ پھاڑاں (پہاڑ کی جمع)۔ پھاڑے پھاڑ (پہاڑ پہاڑ)

کنکر میں گھوس کر پھاڑ کوں کون دیکھیا ہے (سب رس)

دانش کے تیشے سوں پھاڑاں الٹایا تو لیو شیریں پایا (سب رس)

۴۔ دُرا (صاحب، مالک، آقا۔ کلمۂ تخاطب)

کیتا کہنا دُرا دُرا۔ خوب سوں خوب برے سوں برا (سب رس)

۵۔ ستی (سے)۔ سیتی (سے)

طلب کرنا اللہ کا فرض ہے، سب فرضاں ستی اول ہے (معراج العاشقین)

ع ہوا پرگٹ جدھال سیتی دنیا ہور دین قدرت سوں (کلیات محمد قلی)

ان لفظوں کی عدم شمولیت سے "قدیم اردو کی لغت" کی اہمیت اور افادیت میں کوئی کمی نہیں ہوتی۔ یہ لغت دراصل محققین، ماہرین زبان اور اہلِ علم کے نشانِ راہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کے مطالعہ کے بغیر مستقبل میں کسی بھی قدیم اُردو کی لغت کی ترتیب و تدوین ادھوری اور نامکمل رہے گی۔ ڈاکٹر جمیل جالبی نے ایک ایک لفظ کے مختلف ماخذ سے جتنے اور جس قدر بھی معانی سامنے آتے گئے ہیں ان سب مترادفات کو اسی لفظ کے ذیل میں درج کر کے بڑی آسانی پیدا کر دی ہے۔ ذیل میں صرف دو لفظوں کے مترادفات نمونتاً پیش کئے جاتے ہیں۔ جن سے جالبی صاحب کی دیدہ ریزی، وسعت مطالعہ، محنت، لگن، تحقیق و تدقیق اور چھان بین کا اندازہ ہوگا۔

بھان : (۱) محسوس ہونا ' معلوم ہونا
(۲) سورج ' صبح ' روشن (۳) بہن ' خواہر

بھانا : ڈالنا ' پھینکنا ' ہونا ' گرانا ' اچھا لگنا ' پسند آنا ' بہانا ' دریا '
بردکرنا ' بہاؤ

ست : عصمت ' طاقت ' زور ' سچائی ' عرق ' رس ' خوبی ' فضیلت ' نیکی '
سادھو ' مرد نیک ' پاک ' اعلیٰ

ست : (۱) خلاصہ (۲) فرزند (۳) گناہ ' بدی

تاریخ ادب اردو (جلد اول) ڈاکٹر جمیل جالبی نے جہاں دکنی اردو کے متون کی بازیافت اور تنقیدی تدوین کا قابلِ قدر کام انجام دیا ہے ' قدیم اردو لغت مرتب کر کے علم و آگہی کی روشنی پھیلائی ہے وہیں تاریخ ادب اردو کی تدوین جیسے دشوار گذار اور صبر آزما کام کا بیڑہ بھی اٹھایا ہے۔[۱]

تاریخ ادب کے بارے میں کچھ اچٹتے ہوئے اشارے سب سے پہلے تذکروں میں ملتے ہیں۔ اس کے بعد علاقائی ادب کو موضوع بنانے کا رجحان مقبول ہوتا گیا اور پھر ادوار کی بنیاد پر یا اصناف ادب کے اعتبار سے تاریخ ادب کو اجاگر کرنے کی کوششیں سامنے آتی ہیں۔ جیسے آبِ حیات " گل رعنا "۔ دکن میں اردو " پنجاب میں اردو " دبستان دہلی " " دبستان لکھنو " اردو غزل کا ارتقا " " اردو مثنوی کا ارتقا " وغیرہ۔ جہاں تک قدیم اردو ادب کی تاریخ کا تعلق ہے اس سلسلہ میں " اردوے قدیم " (حکیم شمس اللہ قادری) " اردو شہ پارے (ڈاکٹر زور) " دکن میں اردو " (نصیر الدین ہاشمی) " پنجاب میں اردو "

---

[۱] تاریخ ادب اردو (جلد اول) کی ترتیب پر ڈاکٹر جالبی کو سندھ یونیورسٹی سے پی ایچ۔ ڈی کی سند عطا کی گئی۔ (م۔ع۔ا)

(محمود شیرانی) ۔ "دکنی ادب کی تاریخ" (محی الدین قادری زور) اور "علی گڈھ تاریخ ادب اردو" کے نام قابل ذکر ہیں ۔ ان کتابوں کی افادیت اور اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن بقول مشفق خواجہ "ڈاکٹر جمیل جالبی کی مرتبہ "تاریخ ادب اردو" اپنے موضوع پر پہلی مستند اور مفصل کتاب ہے ۔ کیوں کہ مصنف نے محض پچھلی کتابوں کے بیانات کو دہرایا ہے اور نہ تذکرہ نگاری کے عام انداز کو اپنایا ہے بلکہ اصل ماخذ سے، جس میں مخطوطات کی قابل لحاظ تعداد شامل ہے، استفادہ کیا ہے ۔ اس کتاب کی سب سے اہم خصوصیات یہ ہے کہ مصنف نے مطالعہ فکر، تحقیق و تنقید کے حسین امتزاج سے ایک نئے اسلوب کی نیو ڈالی ہے، جو توانا بھی ہے اور دل کش اور دلآویز بھی ۔

پیش نظر کتاب (تاریخ ادب اردو جلد اول) آغاز سے لے کر ۱۷۵۰ء تک کے ادب کی تاریخ کا احاطہ کرتی ہے ۔ کتاب کی شان نزول کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر جمیل جالبی لکھتے ہیں کہ "اب تک جتنی ادبی تاریخیں لکھی گئی ہیں ان میں مختلف علاقوں کا "قدیم اردو ادب" الگ الگ اکائی کی حیثیت رکھتا ہے گویا سب الگ الگ جزیرے ہیں، جن کے ادب و زبان کے مطالعہ کا مجموعی نام تاریخ ادب رکھ دیا گیا ہے ۔ میرے لیے یہ بات قابل قبول نہیں تھی کہ گجرات، دکن اور شمال کا ادب الگ الگ جزیروں کی حیثیت رکھتا ہے اور ایک کا تعلق دوسرے سے کچھ نہیں ۔ پوری کتاب میں اسی جذبے اور تصور کی ترجمانی نمایاں طور پر نظر آتی ہے ۔ ابتداً تمہید کے طور پر اردو زبان اور اس کے پھیلنے کے اسباب بیان کئے گئے ہیں اور پھر زمانے کی ترتیب کے لحاظ سے کتاب کو چھ فصلوں میں تقسیم کیا گیا ہے پہلی فصل ۱۰۵۰ء سے ۱۷۰۷ء تک کا احاطہ کرتی ہے ۔ جس میں درج ذیل ابواب کے تحت شمالی ہند میں اردو زبان و ادب کے ارتقا اور اس کے ابتدائی نمونوں کو موضوع بحث بنایا گیا ہے ۔

۱۔ مسعود سعد سلمان سے گرونانک تک (۱۰۵۰ء - ۱۵۲۵ء)

۲۔ بابر سے شاہجہاں تک (۱۵۲۵ء - ۱۶۵۷ء)

٣۔ دورِ اورنگ زیب (١٦٥٧ء۔ ١٧٠٧ء)

پہلی فصل میں جن صوفیوں، مذہبی رہنماؤں، ادیبوں اور شاعروں کے اقوال، فقرے، جملے یا شاعری کے نمونے پیش کئے گئے ہیں ان کے نام ہیں مسعود سعد سلمان (١٠٤٦ء۔ ١١٢١ء) امیر خسرو (١٢٥٣ء۔ ١٣٢٥ء) امیر حسن دہلوی (م ١٣٣٧ء) شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر (١١٠٣ء۔ ١٢٦٥ء) خواجہ نظام الدین اولیاء (م ١٣٢٥ء) شیخ شرف الدین یحییٰ منیری (م ١٣٨٠ء) شیخ عبدالقدوس گنگوہی (١٤٥٥ء۔ ١٥٣٨ء)۔ نام دیو (١٢٧٠ء۔ ١٣٥٠ء) کبیر (م ١٥١٨ء) گرونانک (١٤٦٩ء۔ ١٥٣٨ء) ظہیرالدین محمد بابر (م ١٥٣٠ء) شیخ جمالی کنبوہ (م ١٥٣٥ء) حکیم یوسفی۔ اچھے چند بھٹناگر ایچیند۔ پیر روشان (م ١٥٧٢ء) بہرام سقہ بخاری۔ عشقی خاں عشقی (م ١٥٨٢ء) نورالدین جہانگیر (١٦٠٥ء۔ ١٦٢٧ء) محمد افضل پانی پتی (م ١٦٢٥ء)۔ منشی ولی رام وتی۔ پنڈت چندر بھان برہمن (١٥٧٤ء۔ ١٦٦٢ء)۔ میر عبدالواسع ہانسوی۔ شیخ عبداللہ انصاری۔ شیخ محبوب عالم۔ ناصر علی سرہندی (م ١٦٩٧ء)۔

دوسری فصل میں چار ابواب کے تحت "گجری ادب اور اس کی روایت" کو موضوع بنایا گیا ہے۔ اس فصل کا پہلا باب، پانچویں صدی ہجری سے آٹھویں صدی ہجری تک (١٠٥٠ء۔ ١٤٠٠ء) کی ادبی تاریخ پر مبنی ہے۔ دوسرے باب میں نویں اور دسویں صدی ہجری کے ملفوظات، لغات اور کتبوں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ (١٤٠٠ء۔ ١٦٠٠ء) تیسرے باب کا عنوان نویں اور دسویں صدی ہجری کی ادبی روایت (١٤٠٠ء۔ ١٦٠٠ء) جس میں شیخ بہاالدین باجن (١٣٨٨ء۔ ١٥٠٦ء) قاضی محمود دریائی (١٤٦٩ء۔ ١٥٣٤ء) شاہ علی محمد جیو گام دھنی (م ١٦٦٥ء) شیخ خوب محمد چشتی (م ١٦١٤ء) کی تصانیف سے بحث کی گئی ہے اور ان کے ادبی مقام کا تعین کیا گیا ہے۔ چوتھے باب میں دسویں، گیارہویں اور بارہویں صدی ہجری کے اوائل میں اردو روایت (١٦٠٠ء۔ ١٧٠٧ء) سے بحث کی گئی ہے۔ اس باب میں سید محمد مہدی (م ١٥٠٤ء) میاں مصطفیٰ گجراتی (م ١٥٧٦ء) سید اسحٰق سرمست (١٦٠٥ء)

عالم گجراتی (م ۱۶۷۶ء) امین گجراتی ۔ محمد فتح ملجی کے ادبی کارنامے زیر بحث آئے ہیں۔

تیسری فصل "بہمنی دور میں اردو ادب (۱۳۵۰ء ۔ ۱۵۲۵ء) کی نشوونما پر مشتمل ہے۔ اس کو تین ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے باب میں پس منظر، ماخذ اور ادبی و لسانی خصوصیات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ دوسرا باب نویں اور دسویں صدی ہجری کے اوائل میں گلبرگہ اور بیدر میں فروغ پانے والے ادب کے جائزے پر مبنی ہے۔ اس باب میں اردو کی پہلی تصنیف "مثنوی نظامی" المعروف بہ کدم راو پدم راو، کے مصنف فخر دین نظامی۔ بیدری کے علاوہ، میراں جی شمس العشاق (م ۱۴۹۶ء) اور سید شاہ اشرف بیابانی (۱۴۵۹ء۔ ۱۵۲۸ء) کی تصانیف کا مفصل ادبی اور لسانی جائزہ لیا گیا ہے۔ "ڈاکٹر جالبی نے" ڈاکٹر حفیظ قتیل کی تحقیق سے اتفاق کرتے ہوئے "معراج العاشقین" کو خواجہ بندہ نواز کی تصنیف نہیں مانا اور یہ بھی بتایا ہے کہ خواجہ صاحب نے قدیم اردو یا دکنی میں کوئی بھی تصنیف اپنی یادگار نہیں چھوڑی۔ اس باب میں جالبی صاحب نے مشتاق بیدری، لطفی اور قریشی۔ بیدری کو جگہ نہیں دی۔

چوتھی فصل میں، عادل شاہی دور (۱۴۹۰ء ۔ ۱۶۸۵ء) میں اردو شعر وادب کے ارتقا پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس کا پہلا باب پس منظر، روایت اور ادبی ولسانی خصوصیات کا احاطہ کرتا ہے۔ دوسرے باب میں "گجری روایت کی توسیع، ہندوی روایت کا عروج" برہان الدین جانم (م ۱۵۸۲ء) ابراہیم عادل شاہ ثانی (۱۵۸۰ء ۔ ۱۶۲۷ء) سید شہباز حسینی قادری (م ۱۶۰۶ء) اور خواجہ محمد دیدار فانی (۱۵۴۰ء ۔ ۱۶۰۷ء) کے ادبی کارناموں کو روشنی میں لایا گیا ہے۔ اس خصوص میں فانی کا کلام پہلی بار منظر عام پر آیا ہے۔ تیسرے باب کا عنوان "ہندوی و فارسی روایت کی کشمکش" (۱۶۲۷ء ۔ ۱۶۶۰ء) ہے جس میں مرزا محمد مقیم ۔ مقیمی اور محمد بن احمد عاجز کے ادبی کارناموں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ ڈاکٹر جمیل جالبی نے محی الدین قادری زور، نصیر الدین ہاشمی اور محمد اکبر الدین صدیقی کے اس بیان سے اختلاف کیا ہے کہ فارسی کے مشہور شاعر مرزا محمد مقیم کا تخلص مقیمی تھا اور مدلل طور پر ثابت کر دکھایا ہے کہ "مرزا محمد مقیم اور مقیمی دو الگ الگ شخص ہیں۔

اول الذکر بیجاپور میں سلطان محمد عادل شاہ کے دربار سے وابستہ تھا اور فارسی کا خوش گو شاعر تھا جس نے قلعہ بکھری کی فتح کے موقع پر "فتح نامہ" مرتب کر کے بادشاہ کی خدمت میں پیش کیا تھا۔ اور مقیمی "چندر بدن و مہیار" کا مصنف ہے جس نے کم از کم ایک فارسی مثنوی بھی لکھی ہے۔ اسی طرح محمد بن احمد عاجز کے واقعاتِ حیات اور اس کی مثنویوں "یوسف زلیخا" (۱۶۳۴ء) اور "لیلیٰ مجنوں" (۱۶۳۶ء) کا مفصل جائزہ لیتے ہوئے پہلی بار یہ انکشاف کیا ہے کہ عاجز، شیخ احمد گجراتی کا بیٹا تھا، جس نے اپنے والد کی طرح "یوسف زلیخا" اور "لیلیٰ مجنوں" کے عنوان سے دو مثنویاں اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ عاجز کی "یوسف زلیخا" ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔ اس مثنوی کا ایک قلمی نسخہ انجمن ترقی اردو پاکستان کے کتب خانے کی زینت ہے۔ چوتھے باب میں، ملک خوشنود۔ امین۔ شاہ دولت۔ کمال خاں رستمی اور صنعتی کی مثنویوں اور غزلوں کا ادبی اور تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے۔ ملک خوشنود کے بارے میں ڈاکٹر جمیل جالبی نے پہلی بار تفصیلی معلومات فراہم کی ہیں اور اس کی مثنوی "بحت سنگار" کے دو نسخے دریافت کر کے اشعار کی تعداد (۳۲۲۵) بھی متعین کر دی ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے ملک خوشنود کو بحیثیت غزل گو بھی پہلی بار متعارف کرواتے ہوئے اس کی بعض غزلیں بھی شائع کی ہیں۔ اس باب میں رستمی کی غزل کے اشعار بھی پہلی بار منظر عام پر آئے ہیں۔ پانچویں باب میں "غزل کی روایت کا سراغ" کے موضوع کے تحت حسن شوقی کی غزل گوئی اور مثنوی نگاری کا سیر حاصل جائزہ لیا گیا ہے۔ اور دسویں اور گیارہویں صدی ہجری میں اردو غزل کا سراغ لگاتے ہوئے نہ صرف شوقی کے تغزل پر روشنی ڈالی گئی ہے بلکہ اس کے ہم عصر اور زمانہ مابعد کے شاعروں پر اس کے اثرات کی نشاندہی بھی کی ہے۔ چھٹے باب "مذہبی تصانیف پر فارسی اثرات" میں شیخ غلام محمد داول، شیخ محمود خوشنود، اور امین الدین اعلیٰ کی نظم و نثر سے بحث کی گئی ہے۔ ساتویں باب "دکنی ادب کا عروج" میں علی عادل شاہ ثانی شاہی اور ملک الشعرا نصرتی کے کلام کا تفصیلی تذکرہ کیا گیا ہے۔ آٹھویں باب "نیا عبوری دور" میاں خاں ہاشمی، محمد امین ایاغی اور مرزا بیجاپوری کی غزلوں، ریختیوں، مثنویوں اور مرثیوں کے تحقیقی و تنقیدی جائزے پر مبنی ہے اس باب

ہیں ایاغی کی غزلیں اور ہاشمی کی "مثنوی عشقیہ"، "معراج نامہ" اور مخمس در نعت و مدح مہدی جونپوری ڈاکٹر جالبی کی دریافت ہیں۔

پانچویں فصل، قطب شاہی عہد (۱۵۱۸ء-۱۶۸۶ء) کے شعر و ادب کے جائزہ پر مشتمل ہے۔ اس کو سات ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے باب "پس منظر" میں روایت اور ادبی و لسانی خصوصیات بیان کی گئی ہیں۔ دوسرے باب "فارسی روایت کا آغاز" میں دبستان گولکنڈہ کے اولین غزل گو شعرا فیروز، محمود، اور ملا خیالی کی شاعری پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں مصنف نے متذکرہ شاعروں کی غزلیں انجمن ترقی اردو پاکستان کے ذخیرہ مخطوطات سے پہلی بار شائع کی ہیں۔ تیسرا باب محمد قلی قطب شاہ اور شیخ احمد گجراتی کی ادبی خدمات کے جائزہ پر مبنی ہے۔ ڈاکٹر جالبی نے اردو کے پہلے صاحب دیوان شاعر کے رنگ تغزل کے بعض نئے گوشوں کو پہلی بار موضوع بحث بنایا ہے۔ اس باب میں احمد گجراتی اور اس کی تصانیف کا پہلی بار تفصیلی تعارف پیش ہوا ہے۔ چوتھے باب "فارسی روایت کا عروج" میں اسد اللہ وجہی کی نظم و نثر سے متعلق تصانیف پر مفصل روشنی ڈالی گئی ہے۔ ڈاکٹر جالبی مختلف شواہد اور دلائل کی روشنی میں تاج الحقائق کو وجیہ الدین محمد کی تصنیف قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس کتاب کو وجہی سے منسوب کرنا "تحقیقی اندھیر" ہے۔ پانچویں باب "فارسی روایات کی توسیع" میں سلطان عبداللہ قطب شاہ، ملک الشعرا ملا غواصی، قطب زاری، ابن نشاطی، جنیدی، بلاقی وغیرہ کے ادبی کارناموں سے بحث کی گئی ہے۔ یہاں اس بات کا ذکر ضروری معلوم ہوتا ہے کہ عبداللہ قطب شاہ کا بیشتر کلام ملک الشعرا غواصی کا کہا ہوا ہے۔ ڈاکٹر جالبی نے قطب زاری کے سلسلہ میں اس غلط فہمی کا ازالہ کیا ہے کہ قطبی وزاری (رازی نہیں) ایک ہی شخص کا نام نہیں بلکہ دو الگ الگ شاعر ہیں۔ قطب زاری "تحفۃ النصائح" کا مصنف ہے جب کہ "مینا نامہ" اور "چڑیا نامہ" قطبی کی منظومات ہیں۔ چھٹے باب "فارسی روایت کی تکرار" میں ابوالحسن تانا شاہ، طبعی، محب، مختار، فتاحی، شغلی، ضعیفی، خواصی، سیوک، اولیا، فائز وغیرہ کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ ساتویں باب "دکنی ادب کا اختتام" میں عزلت، ذوقی، بحری اور باقر آگاہ کی تصانیف نظم و نثر کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ

لیا گیا ہے۔

چھٹی اور آخری فصل میں "فارسی روایت کا نیا عروج" کے زیر عنوان دو ابواب میں ولی دکنی اور اس کے معاصرین۔ فراقی۔ آزاد۔ داؤد اور سراج کی شاعری کو موضوع بحث بنایا گیا ہے۔ ولی دکنی کی تاریخ وفات سے بحث کرتے ہوئے ڈاکٹر جمیل جالبی نے چند ایسی دلیلیں اور شواہد پیش کیے ہیں کہ ۱۱۳۳ھ تک اس کے بقید حیات رہنے میں شک و شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہتی حالانکہ ولی کا سنہ وفات ۱۱۱۹ھ تسلیم کیا جاتا ہے اور مولوی عبدالحق نے ایک قطعہ تاریخ کے دستیاب ہونے کے بعد اس بحث کا اختتام کر دیا تھا۔

"تاریخ ادب اردو" کی فہرست مضامین اور اشاریے پر سرسری نظر ڈالنے سے ہی جالبی صاحب کی دیدہ ریزی اور مطالعہ کی وسعت کا اندازہ ہو جاتا ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس کتاب کی تیاری کے سلسلہ میں انہوں نے صرف مطبوعہ تذکرے، تاریخیں یا شعر و ادب سے متعلق تحقیقی و تنقیدی تصانیف کے مطالعہ پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ متعدد قلمی بیاضوں اور مخطوطات کا وقت نظر سے مطالعہ کر کے مصنف سے براہ راست استفادہ کیا ہے۔ اسی لیے جالبی صاحب کے بیان میں قطعیت اور خود اعتمادی کی شان نظر آتی ہے۔

اس کتاب میں قدیم اردو کے متعدد شاعروں اور نثر نگاروں کو پہلی بار متعارف کروایا گیا ہے۔ بعض نامور سخنوروں کے نئے شعری اور فنی گوشوں کو پہلی بار ابھارا ہے، محمد گجراتی، حسن شوقی، فراقی اور شاہ تراب کے متعلق پہلی بار تفصیلی معلومات اس کتاب میں یکجا کی گئی ہیں۔ شاہ تراب اور ولی دکنی کے بارے میں بعض مفروضات اور مسلّمات کو بدیہی طور پر غلط ٹھہرایا گیا ہے۔ غرض قدیم اردو ادب کے موضوع پر یہ سب سے اچھی مستند اور معتبر کتاب ہے۔ تسلسل بیان۔ تقابلی جائزہ اور لسانی مطالعہ کے علاوہ تحقیق کو تنقید سے ملا کر ایک جان کرنے کا رجحان اور دلکش و دل آویز اسلوب اس کتاب کی سب سے اہم اور نمایاں خصوصیت ہے۔[1]

(بہ فرمائش جناب سہیل احمد خان۔ ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس۔ دہلی)

۱۹۲

نئی تحریریں۔ ایک مطالعہ

اردو تنقید و تحقیق میں پروفیسر عبدالستار دلوی کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ وہ اردو کے خاموش خدمت گزاروں میں شمار کیے جاتے ہیں۔ پروفیسر دلوی صاحبِ نظر محقق، بلند پایہ نقاد اور ماہر لسانیات ہیں۔ ان کی محنت دیدہ ریزی اور انہماک کا اندازہ اردو تحقیق، تدوینِ متن، لسانیات اور دکنیات کے موضوع پر ان کی مرتبہ کتابوں سے لگایا جاسکتا ہے۔ "اردو میں لسانیاتی تحقیق"۔ "ادبی اور لسانی تحقیق، اصول اور طریق کار" اور "دکنی اردو" پروفیسر دلوی کی مرتبہ ایسی تصانیف ہیں، جنھیں کتبِ حوالہ کی حیثیت حاصل ہوگئی ہے۔ ان کتابوں کے علاوہ دلوی صاحب کی دیگر مطبوعات میں "انتخاب کلام چکبست"۔ "من سمجھاون"۔ "انتخاب مصحفی" "رانی کیتکی کی کہانی"۔ "امرت بانی"۔ "گھر آنگن" اور "ساوتری" (مراٹھی ناولٹ کا اردو ترجمہ) کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ آخر الذکر کتاب پر انھیں مہاراشٹرا کا ساہتیہ اکیڈیمی انعام بھی مل چکا ہے۔ لسانیات، تحقیق اور تنقید کے موضوع پر پروفیسر دلوی

کے مقالات اور مضامین ملک اور بیرون ملک کے موقر رسائل میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ ہندوستانی زبان اور لسانیات سے متعلق ان کے بعض اہم مطبوعہ مضامین درج ذیل ہیں۔

"بمبئی کی اردو"۔ "بچوں کی اردو"۔ "تحصیل زبان کا مطالعہ"۔ "ہندوستان کا لسانی مسئلہ"۔ "ہندوستان کے لیے لسانی یکجہتی کا تصور اور گاندھی جی"۔ "اردو کا ہندوستانی رجحان"۔ "اردو کے لسانی آداب"۔ "اردو، ہندی اور اودھی"۔ "دکنی اردو پر مراٹھی کا اثر"۔ ان مضامین کو برصغیر ہندو پاک کے علمی اور ادبی حلقوں میں پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا گیا۔

ڈاکٹر عبدالستار دلوی نے سنیتی کمار چٹرجی اور ڈاکٹر وی۔ کے۔ آر۔ وی راؤ کی کتابوں INDIA: A POLYGLOT NATION اور MANY LANGUAGES AND ONE NATION کا پیش لفظ بھی تحریر کیا تھا جسے خود مصنفین نے بھی پسند کیا۔

پیش نظر کتاب "نئی تحریریں" مجموعہ ہے پروفیسر دلوی کے گیارہ فکر انگیز ادبی، تحقیقی اور تنقیدی مضامین کا جو گزشتہ پچیس سال کے عرصے میں اردو کے معتبر اور موقر رسائل میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ ان میں سے جیسا کہ خود مصنف نے لکھا ہے، بعض مقالات فرمائشی ہیں جو مکتبی ضروریات کے پیش نظر تحریر کیے گئے ہیں اور چند مضامین ایسے بھی ہیں جو خود مصنف کے اپنے علمی و ادبی شغف اور لسانی شعور کے نتیجہ کے طور پر معرض وجود میں آئے ہیں۔ ان مضامین اور مقالات کا سب سے نمایاں وصف یہ ہے کہ ان کے مطالعہ سے قاری پر مہاراشٹرا اور بمبئی کا علاقائی رنگ و روپ اور مقامی قد آور شخصیات کا گہرا تاثر ابھرتا ہے۔ "نئی تحریریں" میں بمبئی سے متاثر ہونے والے یا بمبئی میں قیام کرنے والے شاعروں اور ادیبوں کے علاوہ بمبئی یا مہاراشٹرا کی اہم علمی و ادبی شخصیتوں کے بارے میں درج ذیل مضامین شامل ہیں۔

۱۔ اقبال اور بمبئی ۲۔ پریم چند کا قیام بمبئی۔ ۳۔ سکندر علی وجد فنون لطیفہ کا شاعر
۴۔ پروفیسر نجیب اشرف ندوی ۔ علمی زندگی کے تین دور ۵۔ ندوی صاحب شخصیت اور کردار
۶۔ وشنو سکھا رام کھانڈیکر

متذکرہ مضامین کے علاوہ "شبلی مکتوب نگار کی حیثیت سے" بھی ایک ایسا مضمون ہے جس کا رشتہ 'مہاراشٹر' اور بمبئی کے علمی اور ادبی حلقوں سے بہ آسانی جوڑا جا سکتا ہے۔

بمبئی ابتدا ہی سے اردو کا مرکز رہا ہے اور اس کی تجارتی اور ثقافتی حیثیت بھی مسلم ہے۔ شہر بمبئی کی علمی اور تہذیبی حیثیت کا تذکرہ کرتے ہوئے ڈاکٹر دلوی رقم طراز ہیں۔

> "شہر بمبئی کو ہندوستان کے دیگر شہروں کے مقابلہ میں گذشتہ تقریباً دو سو سال سے ایک امتیازی حیثیت حاصل رہی ہے۔ ابتداً اس کی اس اہمیت کی وجہ اس کا جغرافیائی محل وقوع تھا جسے بعد میں اس کی صنعتی اور تجارتی حیثیت نے اور جلا دی۔ اسے ہندوستان کا دروازہ بھی کہا گیا کہ اسی کے راستے سے ہندوستان نے اپنے تعلقات کو بیرونی ممالک کے ساتھ وسعت دی۔"

قرۃ العین حیدر نے بمبئی کی آزاد خیالی اور اہل بمبئی کی آرٹ سے دل چسپی کا تذکرہ کرتے ہوئے ایک بار کہا تھا۔

> "فنون لطیفہ اور ادب کی آبیاری کے لیے جس آزاد خیالی کی ضرورت ہے وہ فضا مہاراشٹر میں ملتی ہے۔ ہمیں اعتراف کرنا چاہیئے کہ ترقی پذیر ریاستوں میں شہر بمبئی کی روشن خیالی سارے برصغیر میں بطور مثال پیش کی جا سکتی ہے۔ بمبئی میں مختلف فرقوں کے کلچرل، فکشن، ڈرامہ، موسیقی فلم پرفارمنگ آرٹ کی فضا ساز گار ہے۔" [۱]

---

[۱] "اردو دادکے چالیس سال"۔ رپورٹ۔ جی۔ ایم۔ تاں۔ بحوالہ "ہماری زبان" دہلی یکم مارچ ۹۱ء ص ۸

مہاراشٹر اور بمبئی کی علمی و ادبی فضاؤں اور مقامی شخصیات سے متعلق ان مقالات مضامین میں پروفیسر دلوی نے اپنی ژرف نگاہی اور تحقیقی بصیرت کا ثبوت دیتے ہوئے ام منتشر اور بکھرے ہوئے مواد کو بڑی مہارت اور چابکدستی سے یکجا کر دیا ہے۔ مختلف شخصیتوں مستنوع پہلوؤں پر لکھی گئی ان تحریروں کو دلوی صاحب نے اس خوبصورتی کے ساتھ، ایک رشتہ کے روپ میں پیش کیا ہے کہ اس کتاب کو ایک مستقل تصنیف کی حیثیت دی جا سکتی ہے۔

"نئی تحریریں" کا پہلا مقالہ "اقبال اور بمبئی" ہے، جس میں پروفیسر دلوی نے ستمبر ۱۹۰۵ء کے ایک خط کے حوالے سے، جو اقبال نے اپنے ایک قریبی دوست، لوی انشاءاللہ خاں کے نام تحریر کیا تھا، بمبئی کے بارے میں اقبال کے تاثرات کا مفصل تذکرہ ا ہے۔ ڈاکٹر دلوی لکھتے ہیں۔

"انہوں نے (اقبال نے) اس خط کے ذریعے ابتدائے بیسویں صدی کی بمبئی کی علمی اور تہذیبی زندگی پر روشنی ڈالی ہے۔ یہاں کے رہن سہن کا نقشہ کھینچا ہے، یہاں کی ارزانی کی کیفیت بیان کی ہے۔ یہاں کے مسلمانوں کی تعلیمی حیثیت اور علمی سوجھ بوجھ اور اسی طرح پارسیوں کے طریقۂ زندگی کے مثبت اور منفی پہلوؤں پر بھی اظہار خیال کیا ہے۔"

"پریم چند کا قیام بمبئی" اس کتاب کا دوسرا مضمون ہے، جس کے مطالعہ سے پتہ چلتا کہ پریم چند اپنی مالی پریشانیوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کی غرض سے، ایک فلم کمپنی ایک سال کے کنٹریکٹ پر بمبئی گئے تھے۔ کمپنی کے بند ہو جانے کی وجہ سے انہیں تین ماہ ہی اپنے وطن واپس ہو جانا پڑا۔ ویسے بمبئی کے تجارتی ماحول اور فلم کمپنی کی چکاچوند وہ ہمیشہ ناخوش ہی رہے۔ پریم چند فلموں میں اپنی مقصدی کہانیوں سے، سماج کی اصلاح چاہتے تھے۔ ایک خط میں لکھتے ہیں۔

"سینما میں اصلاح کی توقع کرنا بیکار ہے۔ یہ صنعت بھی اسی طرح سرمایہ داروں کے ہاتھ میں ہے جیسے شراب فروشی۔"

ایک اور خط میں لکھتے ہیں۔

"ایک ادبی انسان کے لیے سینما میں کوئی گنجائش نہیں ہے۔ میں اس لائین میں اس لئے آیا کہ مجھے اس میں مالی نقطہ نظر سے آزاد ہونے کے کچھ امکان نظر آئے، لیکن اب میں دیکھتا ہوں کہ میں دھوکے میں تھا اور اب میں پھر ادب کی طرف لوٹ رہا ہوں۔"

پروفیسر دلوی نے "پریم چند کے احباب کے بیانات اور مکاتیب پریم چند کے تانے بانے سے" اُن کے قیام بمبئی کا ایک خوبصورت اور پُراز معلومات خاکہ تحقیقی انداز میں مرتب کیا ہے۔ اور بعض نئے زاویوں سے پریم چند کی شخصیت اور واقعات حیات پر روشنی ڈالی ہے۔

سکندر علی وجد نہ صرف اورنگ آباد اور مہاراشٹر کے ایک قدآور سخن ور ہیں بلکہ اردو کے ممتاز کلاسیکی شاعروں میں بھی شمار کیے جاتے ہیں۔ وہ بنیادی طور پر نظم کے شاعر ہیں، لیکن غزل گوئی کے میدان میں بھی ان کی اہمیت مسلّم ہے۔ وجد کی نظموں "اجنتا" ایلورا" کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ نظمیں انہوں نے پندرہ سال کے عرصے میں مکمل کی ہیں۔ ان نظموں میں واقعی شاعر کے خونِ جگر کی آمیزش دیکھی جاسکتی ہے۔

اقبال اپنی مشہور نظم "مسجد قرطبہ" میں کہتے ہیں ؎

رنگ ہو یا خشت و سنگ، چنگ ہو یا حرف و صوت
معجزۂ فن کی ہے خونِ جگر سے نمود

سکندر علی وجد کی نظمیں "اجنتا" اور "ایلورا" معجزۂ فن" کے نقطۂ نظر سے بے مثال اور شاہکار تخلیقات ہیں۔ پروفیسر دلوی نے "سکندر علی وجد۔ فنون لطیفہ کا شاعر" میں وجد کے حالاتِ زندگی کا اجمالی جائزہ لیتے ہوئے ان کی مشہور زمانہ منظومات "اجنتا"۔ "ایلورا"۔ "رقاصہ" اور "تاج محل" کا اس دور کے تاریخی، فنی، مذہبی اور ثقافتی پس منظر میں تجزیہ کیا ہے اور ساتھ ہی ساتھ وجد کی نظم نگاری اور غزل گوئی پر بھی نئے مباحث اُبھارے ہیں۔

بمبئی اور مہاراشٹر سے متعلق شخصیات میں ڈاکٹر دلوی نے پروفیسر نجیب اشرف ندوی کی شخصیت و کردار اور اُن کی زندگی کے مختلف ادوار کے بارے میں دو معرکۃ الآرا مضامین تحریر کر کے گویا حقِ شاگردی ادا کر دیا ہے۔ پروفیسر ندوی کے بارے میں اگرچہ اور کتابیں اور مضامین بھی لکھے گئے ہیں، لیکن دلوی صاحب کے مضامین میں وہ ایک جیتی جاگتی اور ہنستی بولتی شخصیت کے روپ میں سامنے آتے ہیں۔ ان مضامین میں پروفیسر دلوی نے نہ صرف ندوی صاحب کے واقعاتِ حیات، شخصیت و کردار کا بھرپور جائزہ لیا ہے بل کہ ان کی علمی و ادبی اور تحقیقی زندگی کے تین اہم ادوار (دارالمصنفین کے فیلو ۲۔ اسمٰعیل یوسف کالج کے پروفیسر ۳۔ انجمن اسلام کے ڈائرکٹر) پر بھی سیر حاصل بحث کی ہے۔ دلوی صاحب کے ان مضامین سے یہ تاثر ابھرتا ہے کہ پروفیسر نجیب اشرف ندوی کی بدولت بمبئی کے علمی اور ادبی وقار میں اضافہ ہوا ہے اور ندوی صاحب کے تذکرہ کے بغیر بمبئی کی علمی ادبی اور تحقیقی شخصیات کے بارے میں لکھی جانے والی کوئی بھی تصنیف نامکمل اور ادھوری رہے گی۔

مہاراشٹری ادب کے عظیم مصنفوں میں وشنو سکھارام کھانڈیکر کا نام اہمیت کا حامل ہے وہ مراٹھی ادب کے ایک بلند پایہ افسانہ نگار، ناول نویس، انشائیہ نگار اور نقاد بھی تھے۔ انھوں نے متذکرہ نثری اصناف میں کوئی ۶۵ کتابیں اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ ان کی ایک تصنیف کو "گیان پیٹھ" انعام سے بھی نوازا گیا ہے۔ پروفیسر عبدالستار دلوی نے اپنے مضمون وشنو "سکھارام کھانڈیکر" میں سیدھے سادے اور دل نشین انداز میں، اُردو والوں کو، مراٹھی کے ایک بلند پایہ مصنف سے متعارف کروانے کی پرخلوص کوشش کی ہے۔ موجودہ دور میں ایسے مضامین کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ مختلف ہندوستانی زبانوں کو ایک دوسرے سے قریب لانے اور ایک دوسرے کی ادبی تخلیقات سے استفادہ کرنے کے سلسلہ میں یہ ایک اہم مضمون ہے۔ ڈاکٹر دلوی نے علاقائی ادب کے ایک عظیم فن کار کی ادبی خدمات کو اہلِ اردو سے متعارف کر کے دیگر علاقائی زبانوں کے شاعروں اور ادیبوں اور

انکی تخلیقات سے واقفیت حاصل کرنے کی شروعات کی ہے۔

"شبلی مکتوب نگار کی حیثیت سے" "نئی تحریریں" کا ایک اہم مضمون ہے، جس میں دلوی صاحب اُردو مکتوب نگاری پر سرسری نظر ڈالتے ہوئے غالب کے بعد شبلی کو اُردو کا سب سے اہم مکتوب نگار قرار دیتے ہیں، جس کے خطوط میں مکتوب نگار کی شخصیت کے واضح نقوش کے علاوہ خیالات و جذبات کی لطافت اور اسلوب کی رنگارنگی ملتی ہے۔ مولانا شبلی نہ صرف ایک عالم دین، مورخ، شاعر اور انشا پرداز کی حیثیت سے اعلیٰ رتبہ پر فائز تھے بلکہ ایک ماہر تعلیم اور مکتوب نگار کی حیثیت سے بھی اہمیت کے حامل تھے۔ شبلی کی عالمانہ شخصیت اور تنقیدی بصیرت ان کی تمام تحریروں میں نمایاں ہے لیکن۔ ان کی طبیعت کی شوخی، زندہ دلی اور بذلہ سنجی کی جھلک صرف اور صرف ان کے خطوط میں دیکھی جاسکتی ہے۔ ڈاکٹر عبدالستار دلوی نے عطیہ فیضی کے نام شبلی کے مکاتیب کا حوالہ دیتے ہوئے، اُن کی شخصیت کی رنگین مزاجی کی طرف اشارہ کیا ہے۔ ان کے خیال میں شبلی کے یہ مکاتیب، اُردو خطوط نگاری کی تاریخ میں نمایاں حیثیت کے حامل ہیں۔ کیوں کہ ان خطوط سے، شبلی کی عطیہ بیگم سے رسم و راہ کا پتہ چلتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ شبلی کی شخصیت کے تمام پہلو ان مکاتیب میں روشن ہو جاتے ہیں۔

"مولوی عبدالحق نفسیاتی مطالعہ" پروفیسر دلوی کا ایک جامع اور بھرپور مقالہ ہے، جس میں بابائے اُردو کی شخصیت، حیات اور ان کی علمی ادبی اور تحقیقی زندگی کے بعض نئے گوشے پہلی بار سامنے آتے ہیں اگرچہ مولوی صاحب پر متعدد کتابیں اور بیسیوں مقامین تحریر کئے گئے ہیں۔ لیکن دلوی صاحب کے پیش نظر مقالہ میں مولوی عبدالحق ان کے واقعات حیات شخصیت و کردار، اور مختلف ادوار میں ان کی علمی، ادبی اور تحقیقی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ ملتا ہے۔ پروفیسر دلوی نے، دکنی ادب سے متعلق، مولوی صاحب کی تصانیف اور مقامین کو، ان کا سب سے اہم تحقیقی کارنامہ قرار دیا ہے۔ چناں چہ وہ لکھتے ہیں۔

"اُردو ادب میں مولوی عبدالحق صاحب مختلف النوع شخصیت کے مالک ہیں اور

ادبی دنیا ان سے ایک مورخ، محقق، نقاد، لغت نویس، مترجم اور خاکہ نگار کی حیثیت سے واقف ہے تحقیق کے میدان میں ان کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے قدیم دکنی ادب کو منظر عام پر لاکر اسے عوام سے روشناس کرایا اور اس کی عمر کو صدیوں آگے بڑھایا۔"

پروفیسر دلوی نے مولوی عبدالحق پر سرسید اور حالی کے اثرات کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کی تنقید نگاری، مقالہ نگاری اور تبصرہ نویسی اور خاکہ نگاری کی خصوصیات پر روشنی ڈالی ہے۔

"ہندوستان کا لسانی مسئلہ اور گاندھی جی" اور "اردو کا ہندوستانی رجحان" پروفیسر دلوی کے دو فکر انگیز اور بصیرت افروز مقالے ہیں۔ اول الذکر مقالے میں ڈاکٹر دلوی نے ہندوستان میں اردو اور ہندی زبان کے تاریخی اور لسانی پس منظر پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ وہ گاندھی جی کے نظریے سے اتفاق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

"گاندھی جی قومی زبان کی حیثیت سے ہندوستانی کو اپنا کر درحقیقت ہندی اور اردو دونوں کو اپنا جائز مقام دلانا چاہتے تھے۔ وہ ان دونوں اسالیب کو اتحاد اور میل کی تمام خصوصیات سے مملو دیکھنا چاہتے تھے۔ جس کے میل سے ایک انسان عظیم انسان اور ایک تہذیب عظیم تہذیب اور ایک زبان عظیم زبان بن جاتی ہے اور اس لحاظ سے وہ ہندی اور اردو کو ہندوستانی کی پالنے والی بھاشائیں سمجھتے تھے۔"

اردو کا ہندوستانی رجحان" میں پروفیسر دلوی نے اردو شعر و ادب میں ہندوستانی روایات اور رجحانات کی نشاندہی کی ہے اور اسے اردو شعر و ادب کا ایک اہم اور نمایاں وصف قرار دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ "اس کی سادگی اور اصلیت" بھاشا سے آتی ہے اس میں بارہ ماسے ہیں گیت ہیں، دوہے ہیں اور ان سب سے بڑھ کر ہندوستانی مزاج اور فکر کی آمیزش ہے۔ آگے چل کر وہ لکھتے ہیں۔" اردو میں لسانی اعتبار سے

"ہندوستانیت" کا رجحان دکنی کے دور دوم سے شروع ہوتا ہے جب کہ اورنگ آباد اور اس کے نواح میں دکنی اُردو اور شمالی اردو کے ملاپ سے زبان کا ایک ملا جلا رنگ پیدا ہو رہا تھا۔

راقم السطور کے خیال میں، متذکرہ بالا سطور میں پروفیسر دلوی نے دکنی اردو کے دور دوم میں جس "ہندوستانیت" کی ابتدا کا تذکرہ کیا ہے، زبان و ادب کے نقطۂ نظر سے وہ صرف ایک تسلسل ہے، دکنی اُردو کے دور اول کی شاعری کا، جس کے واضح نقوش وجہی، محمد قلی، غواصی، نصرتی، ہاشمی، شوقی اور شاہی کے کلام میں دیکھے جاسکتے ہیں۔

تحقیقی نقطۂ نظر سے "نئی تحریریں" کا سب سے اہم مقالہ "شاہ تراب چشتی: نظیر اکبرآبادی کا پیش رو" ہے۔ جس میں پروفیسر دلوی نے اُردو کے دو بلند مرتبہ عوامی شاعروں شاہ تراب چشتی اور نظیر اکبرآبادی کے کلام کا تحقیقی، تنقیدی اور تقابلی مطالعہ کرکے اُردو کے عوامی ادب کی اہمیت کو نمایاں کیا ہے۔ اس مقالہ کو بجا طور پر ڈاکٹر دلوی کا تحقیقی کارنامہ کہا جاسکتا ہے۔ شاہ تراب چشتی اور نظیر اکبرآبادی دونوں اُردو کے بڑے نظم نگار اور صاحب دیوان شاعر تھے۔ دونوں کے یہاں مضامین و موضوعات اور انداز بیان میں مماثلت اور اشتراک کے حیرت انگیز نمونے ملتے ہیں۔ شاہ تراب نے اپنے خیالات و افکار کے اظہار و ترسیل کے لیے ترجیع بند کی ہیئت کو پسند کیا جب کہ نظیر نے زیادہ تر نظمیں مخمس کی ہیئت میں لکھی ہیں۔ ڈاکٹر دلوی نے تراب اور نظیر کے کلام کا تنقیدی اور تقابلی جائزہ لیتے ہوئے دونوں کے مزاج و کردار، اُن کی وسیع المشربی، انسان دوستی اور بھائی چارگی کے جذبات کی ترجمانی کو ان کے کلام کا نمایاں وصف قرار دیا ہے۔

(مطبوعہ سب رس فروری ۱۹۹۲ء حیدرآباد)

نظیر اکبر آبادی کے واقعات حیات

نظیر اکبر آبادی کے حالاتِ زندگی اور اُن کی شخصیت سے متعلق مواد حاصل کرنے کے ذرائع محدود ہیں۔ مختلف تذکرہ نگاروں نے ان کے حالاتِ زندگی کے بارے میں کچھ اچٹتے ہوئے اشارے کئے ہیں[۱] لیکن نظیر کے ایک شاگرد حکیم میر قطب الدین باطن مرتب تذکرہ گلستانِ بے خزاں نے اپنے استاد کا ذکر نہایت تفصیل سے کیا ہے[۲] نظیر کے ممتاز سوانح نگار پروفیسر عبد الغفور شہباز نے اپنی تحقیق و جستجو کے ذریعے شاعرانہ اسلوب اور پرستارانہ انداز میں ان کے مفصل حالاتِ زندگی قلمبند کر کے نظیر کو بے نظیر بنا دیا ہے[۳]

---

[۱] نظیر کا ذکر درج ذیل تذکروں میں ملتا ہے:
۱۔ "عمدۂ منتخبہ" از اعظم الدولہ سرور ۲۔ "مجموعۂ نغزہ" از قدرت اللہ قاسم ۳۔ "تذکرۂ بے جگر" (قلمی) از خیراتی "لعل بے جگر" ۴۔ "طبقات سخن" از شیخ غلام محی الدین عشق و مبتلا میرٹھی ۵۔ "گلشنِ بے خار" از مصطفیٰ خاں شیفتہ ۶۔ "گلدستۂ نازنیناں" از کریم الدین ۷۔ "خوش معرکۂ زیبا" از سعادت خاں ناصر ۸۔ "طبقات الشعرائے ہند" از کریم الدین و فیلن ۹۔ "گلشنِ ہمیشہ بہار" از مولوی عبد العلیم نصر اللہ خاں۔ ۱۰۔ "گلستانِ سخن" از قادر بخش خاں ناصر ۱۱۔ "سخن الشعرا" از عبد الغفور نساخ۔ ۱۲۔ "شمیم سخن" از عبد الحی صفا بدایونی۔ ۱۳۔ "آبِ حیات" از محمد حسین آزاد۔

[۲] "گلستان بے خزاں" میں نظیر کا تذکرہ سارے تذکرے میں سب سے زیادہ یعنی بیس صفحات میں کیا گیا ہے۔

[۳] پروفیسر شہباز کی کتاب "زندگانی بے نظیر" تقریباً چار سو صفحات پر پھیلی ہوتی ہے جس کا پہلا ایڈیشن ۱۸۹۶ء میں حیدر آباد سے شائع ہوا تھا۔ اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن ترقی اردو بیورو دہلی کی جانب سے ۱۹۸۱ء میں شائع ہوا۔

ولی محمد نظیرؔ دہلی میں پیدا ہوئے[1] ان کے والد کا نام محمد فاروق تھا وہ معمولی پڑھے لکھے آدمی تھے[2] ان کے والد یعنی نظیر کے دادا عظیم آباد کے کسی نواب کے مصاحب تھے۔ نظیر کی والدہ نواب سلطان خان قلعہ دار آگرہ کی دختر تھیں۔ محمد فاروق کو بارہ اولادیں ہوئیں لیکن ایک بھی زندہ نہ بچی۔ ان کی بیوی اور خوش دامن مختلف درویشوں، فقیروں اور مجذوبوں کے آستانوں پر اولاد بخشی کی نذریں پیش کرنے لگیں۔ محمد فاروق بھی اہل اللہ کی آستانہ بوسی اور دعا و تعویذ پر اعتقاد رکھتے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک درویش صفت بزرگ نے انہیں پانچ پھول عنایت کر کے اور کہا کہ انہیں سونگھ کر دریا میں ڈال دو اور جو کیفیت ان پھولوں کی ہو بیان کرو۔ محمد فاروق نے جذباتِ عقیدت کے ساتھ شاہ صاحب کی ہدایت کے مطابق پھولوں کو سونگھ کر جمنا میں ڈال دیا۔ ان پھولوں میں سے ایک سیدھا اور باقی اُلٹے پانی کی سطح پر تیرتے رہے۔ نظیر کے والد محمد فاروق نے جب یہ ماجرا درویش سے بیان کیا تو انھوں نے خوشی کی بشارت دی اور کہا کہ تیرا ایک لڑکا زندہ رہے گا جو اپنی ذہانت اور قابلیت سے تیرا نام روشن کرے گا[3] غرض منّتوں مرادوں اور دُعاؤں کے بعد نظیر پیدا ہوئے۔ وہ گویا محمد فاروق کی تیرہویں اولاد تھے۔ بڑے لاڈ پیار سے پلے بڑھے۔ چوں کہ ان کے ماں باپ کی کئی اولادیں ضائع ہو چکی تھیں۔ اس لیے نظرِ بد سے بچانے

---

[1] ڈاکٹر اطہر راہی نے "کلیاتِ نظیر" مطبوعہ رام نارائن بینی مادھو الہ آباد ۱۹۶۷ء میں لکھا ہے۔ ان کی جائے پیدائش کئی تذکرہ نگاروں نے دلّی لکھی ... لیکن ایک تذکرہ نگار نے آگرہ اور آگرے کے ایک تاج محلی صاحب نے عظیم آباد کو جائے پیدائش بتایا ہے۔" ص۲

[2] پروفیسر شہباز، "زندگانیِ بے نظیر" صفحہ ۱۲

[3] "زندگانیِ بے نظیر" ص۱۴ مولوی انتظام اللہ شہابی نے اپنے مضمون "نظیر کے مختصر سوانح" مطبوعہ "نگار" (نظیر نمبر) میں نظیر کی پیدائش کا ذکر اس طرح کیا ہے:

"سید محمد فاروق کے کوئی اولاد عرصے تک نہ ہوئی۔ ان کی بیوی فقرا کی آستانہ بوسی میں لگی رہیں مگر کوئی پھل نہ ملا۔ اتفاقیہ ایک دن ان کے مکان پر ایک شاہ صاحب آ گئے۔ اُن کی مدارات میں کوئی کمی نہ کی اور اپنا مُدعا عرض کیا اور دُعا کی طالب ہوئیں۔ بزرگ نے ارشاد فرمایا، پھولوں کا دونہ روزانہ ایک ہفتہ تک جمنا میں چھوڑ دو۔ خدا نے چاہا تو جیتا جاگتا بیٹا پاؤگی اور اس بچّے کی خوشبو دُور دُور تک مہکے گی۔

کے لیے نظیر کی ناک اور کان چھید دیے گئے، چوٹی رکھی گئی اور ان کی شکل بچیوں جیسی بنا دی گئی۔[۱]

نظیر کی تاریخ پیدائش کا قطعی طور پر تعین کرنا مشکل ہے۔ تاہم اس قدر ضرور کہا جا سکتا ہے کہ وہ محمد شاہ ثانی کے دور میں نادر شاہ کے حملے (۱۷۳۹ء) کے آس پاس کسی سال پیدا ہوئے ہوں گے۔ آسی لکھنوی نے اپنے مرتبہ "کلیاتِ نظیر" میں ان کا سنہ پیدائش ۱۱۴۷ھ ۱۷۳۵ء درج کیا ہے۔ پروفیسر شہباز نے "زندگانی نظیر" میں بھی نظیر کا سنہ ولادت یہی لکھا ہے۔ بعد کو فرحت اللہ بیگ نے "دیوانِ نظیر" میں، مخمور اکبر آبادی نے "روحِ نظیر" میں ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی نے "نظیر۔ ان کا عہد اور شاعری" میں ڈاکٹر سلیم جعفر نے "گلزارِ نظیر" میں اور ڈاکٹر محمد حسن نے "نظیر اکبر آبادی" میں اسی روایت کی پیروی کرتے ہوئے ان کی تاریخ پیدائش ۱۷۳۵ء لکھی ہے۔ البتہ انتظام اللہ شہابی نے اپنے مضمون "نظیر کے مختصر سوانح" میں ان کا سنہ ولادت ۱۱۴۸ھ مطابق ۱۷۳۶ء درج کیا ہے۔[۲]

نظیر کی ابتدائی زندگی پریشان حالی اور عسرت میں بسر ہوئی۔ وہ ابھی چار سال ہی کے تھے کہ دہلی جیسے "عالم میں انتخاب" شہر کو پے در پے مصیبتوں اور تباہیوں سے دو چار ہونا پڑا۔ پہلے تو نادر شاہ نے یہاں لوٹ کھسوٹ اور قتل غارت گری کا بازار گرم کیا، پھر احمد شاہ ابدالی کی نظرِ بد اس عروس البلاد پر پڑی جس نے ۱۷۴۸ء، ۱۷۵۱ء اور ۱۷۵۶ء میں تین بار دہلی پر حملہ کر کے اس پُر امن شہر کو اجڑے ہوئے دیار میں تبدیل کر دیا۔ اس تباہی اور بربادی کی وجہ سے اہلِ دہلی کو نہ صرف تباہیوں اور بربادیوں کا سامنا کرنا پڑا بلکہ مفلسی اور فاقہ کشی کے دن بھی دیکھنے پڑے۔ ان حالات میں لوگ اپنے وطن کو چھوڑنے پر مجبور ہو گئے۔[۳] اور جسے جہاں گوشۂ عافیت نظر آیا، نکل کھڑا ہوا۔ نظیر بھی بائیس تیئس سال

---

[۱] "زندگانی نظیر" ص ۱۴

[۲] "نظیر نامہ" مرتبہ شمس الحق عثمانی ص ۲۶

[۳] دہلی کی تباہی و بربادی اور یہاں کے اہلِ کمال کی زبوں حالی کا اندازہ میر کے ان اشعار سے لگایا جا سکتا ہے:

(باقی اگلے صفحہ پر)

کی عمر میں اپنی ماں اور نانی کے ہمراہ دہلی کو الوداع کہہ کر اکبرآباد (آگرہ) چلے آئے۔ نوری دروازے کے قریب مکان لے کر رہنے لگے۔ آخر عمر تک اسی مکان میں مقیم رہے اور یہیں سپردِ خاک کیے گئے۔

نظیر نے ادھیڑ عمر میں شادی کی۔ ان کی اہلیہ کا نام تہورانّ بیگم تھا۔ وہ دہلی کے فوجی سالار محمد رحمٰن خاں کی دختر اور عبدالرحمٰن خاں جنتائی کی نواسی تھیں۔ تہورانّ سے نظیر کو ایک لڑکا گلزار علی اور ایک لڑکی امانی بیگم پیدا ہوئی۔[۲] نظیر کو اردو یا ہندوستانی کے علاوہ فارسی زبان پر بھی عبور حاصل تھا۔ اس کے علاوہ وہ تقریباً نصف درجن زبانوں سے واقف تھے[۳] ان میں عربی، سنسکرت، پنجابی، برج بھاشا وغیرہ شامل ہیں۔[۴]

شاعری کے علاوہ نظیر نے اور بھی کتابیں تصنیف کیں۔ نثر میں ان کی کتابوں کے نام ہیں: "انشائے نظیر"، "قدرِ متین"، "فہم قریں"، "بزمِ عیش"، "رعنائے زیبا"، "حسنِ بازار" اور "طرزِ تقریر" وغیرہ۔ شاعری میں ضخیم کلیات کے علاوہ انہوں نے مثنوی حسن و عشق اور ایک کتاب "خالق باری" کے

دلّی میں آج بھیک بھی ملتی نہیں انہیں — تھا کل تلک دماغ جنہیں تخت و تاج کا
شہاں کہ لعلِ جواہر تھی خاکِ پا جن کی — انہیں کی آنکھوں میں پھرتی سلائیاں دیکھیں
تو ہے بے چارہ گدا میر ترا کیا مذکور — خاک میں مل گئے یاں صاحبِ افسر کتنے
دلّی کے نہ تھے کوچے اوراقِ مصوّر تھے — جو شکل نظر آئی تصویر نظر آئی
آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت — یاں راہ میں اسباب لٹا ہر سفری کا

[۲] دلاتی بیگم وہی خاتون ہیں جن کی مدد سے پروفیسر شہباز نے نظیر کے حالاتِ زندگی مرتب کئے ہیں۔
[۳] پروفیسر شہباز نے لکھا ہے کہ نظیر سات زبانیں (اردو، فارسی، عربی، سنسکرت، برج بھاشا، پنجابی اور مارواڑی) جانتے تھے۔
[۴] نظیر خود اپنی لیاقت کے تعلق سے انکسار سے کہتے ہیں۔

فہم نہ تھا علم سے، کچھ بھی عربی کے اُسے
فارسی میں ہاں مگر سمجھے تھا کچھ ایں و آں

انداز میں بھی لکھی ہے۔

پروفیسر شہباز، میرنوازش بیگ کے حوالے سے نظیر کے فارسی دیوان کے بارے میں لکھتے ہیں کہ: ''میرنوازش بیگ نے تو یہ بھی کہا تھا کہ فقط اردو ہی نہیں ایک دیوان ان کا فارسی میں بھی ہے۔ میں نے ان سے طلب کیا تو انہوں نے فرمایا کہ دونوں دیوان میرے ایک عزیز گوالیار لے گئے ہیں، وہاں سے منگوا کر حاضر کر دوں گا۔ نہیں معلوم کیا سبب آج تک انہوں نے وعدہ وفا نہیں کیا تھا شاید ان کے وہ گوالیاری عزیز دبا بیٹھے'' ۔[۱]

پروفیسر شہباز نے نظیر کی دو ایسی نظموں کا بھی ذکر کیا ہے جو ان کے کلیات میں نہیں ملتیں۔ ان نظموں کا نام ''جوگن نامہ'' اور ''جوگی نامہ'' ہیں جو بالترتیب چھیالیس اور انتالیس بندوں پر محیط ہیں۔[۲]

ایک نظم میں نظیر نے خود اپنا حلیہ، علمی استعداد، پیشہ، قدوقامت اور دیگر مشاغل کے بارے میں روشنی ڈالی ہے[۳] جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ میانہ قد تھے۔ رنگ گندمی تھا، مونچھیں رکھتے تھے۔ لیکن تھوڑی کے بال صاف، کانوں پر پٹے، لمبی لمبی زلفیں، ابروؤں کے درمیان ماتھے پر مسّے کے طور پر ایک تل تھا۔ وہ خوش نویس بھی تھے۔ ہمیشہ شعروغزل کے شوق میں لگے رہتے تھے۔ معلّمی ان کا پیشہ تھا اور اللہ کے فضل سے وہ عمر بھر بے فکر اور فارغ البالی کی زندگی گزارتے رہے ہے۔

نظم دیکھئے:

کہتے ہیں جس کو نظیر سنئے ٹک اس کا بیاں   تھا وہ معلّم غریب بزدل و ترسندہ جاں

۱-۲ے ''زندگانی بے نظیر'' صفحہ ۲۴۳

۳ے پروفیسر شہباز نے ''زندگانی بے نظیر'' میں نظیر کا حلیہ اس طرح سے بیان کیا ہے۔

''آنکھیں چھوٹی، سر اوسط درجے کا، ناک بلند، تھوڑی اعتدال کی، پیشانی چوڑی، اور اونچی، سینہ بہت چوڑا، رنگ گندم گوں، قد بہت پست اور نہ بہت طویل متوسط درجے کا۔ صفحہ ۱۲-۱۷

فضل سے اللہ کے اس کو دیا عمر بھر — عزت و حرمت کے ساتھ پارچہ و آب و ناں
فہم نہ تھا علم سے کچھ بھی عربی کے اسے — فارسی میں ہاں مگر سمجھے تھا کچھ ایں و آں
سست روش، پستہ قد، سانولا ہندی نژاد — تن بھی کچھ ایسا ہی تھا، قد کے موافق عیاں
ماتھے پہ ایک خال تھا، چھوٹا سا سکے کے طور — تھا وہ پڑا آن کر، ابروؤں کے درمیان
وضع سبک اس کی تھی تس پہ نہ رکھتا تھا ریش — مونچھیں تھیں اور کان پر پٹے بھی تھے پنبہ ساں
پیری میں جیسی کہ تھی اس کی دل افسردگی — ویسی ہی تھی ان دنوں، جن دنوں میں تھا جواں
لکھنے کی یہ طرز تھی کچھ جو لکھے تھا کبھی — پختگی و خامی کے، اس کا تھا خط درمیاں

نظیر کے لباس کے بارے میں تذکرہ نگار لکھتے ہیں کہ وہ چکر دار محمد شاہی پگڑی باندھتے، کرتا سیدھے پردے کا اور انگرکھا نیچی چولی کا پہنتے، پاجامہ ایک پر کا ہوتا، جوتی گھیتلی پہنتے تھے ہاتھ میں چاندی کے دستے والی چھڑی استعمال کرتے اور انگلیوں میں فیروزے اور عقیق سرخ کی انگوٹھیاں پہنتے۔

نظیر نے معلمی کا پیشہ اختیار کیا تھا اور تمام عمر اسی پیشے سے وابستہ رہے۔ روایتوں کے مطابق وہ شرفائے اکبرآباد کے بچوں کے آتالیق تھے۔ متھرا میں بھی لڑکوں کو پڑھاتے تھے۔ بہادر قلعہ دار آگرہ کو اور نواب محمد علی خاں کے بچوں کو بھی درس دیا کرتے تھے اور ساتھ ہی ساتھ راجہ بلاس رائے کے چھ بچوں، ہرنجش رائے، گرنجش رائے، مول چند رائے، من سکھ رائے، بنسی دھر اور شنکر داس کے آتالیق بھی مقرر تھے۔ وہ ایک پرگو اور قادرالکلام شاعر تھے۔ لیکن کبھی بھی انہوں نے شاعری کو تجارت نہیں بنایا۔ قناعت اور استغنا طبیعت میں داخل تھا۔ اسی لیے کسی بادشاہ، راجہ یا نواب کی مصاحبت قبول نہیں کی۔ نواب واجد علی شاہ نے ان سے لکھنو آنے کی درخواست کی اور رقم بھی بھجوائی لیکن انہوں نے آگرے کو چھوڑنا گوارا نہیں کیا اور رقم واپس

کر دی۔[1] اسی طرح بھرت پور کے راجہ اور حیدر آباد کے نظام نے بھی انہیں طلب کیا تھا لیکن وہ نہیں گئے۔[2]

